مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

جنوری 2018ء

ماہنامہ روحانی

تحفۂ روحانیات

نااہل سیاست دان

یہود و نصاریٰ کی سازشیں

لوح اسم اعظم 2018ء

مکافات عمل

جُبہ مشکل کشاء

اعمال چاند گرہن

لوح تسخیر سلطنت

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

قیمت 60 روپے فی شمارہ

نگینہ شرف شمسی

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ اور تم خدا کی کون کونسی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے (سورہ رحمٰن)

اس خاص نگینہ شمسی میں شرف شمس کی خاص شعائیں شامل ھیں جو آپکی قسمت بدل کر رکھ دیگا

اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں سورۃ رحمٰن متذکرہ آیت کو 31 بار بیان فرمایا ہے اگر کسی ایک ہی آیت کی بار بار تکرار کی جائے تو ذہن میں لازمی یہ بات آتی ہے کہ اس کے گرد و پیش کا جائزہ لیا جائے پتہ چلتا ہے کہ جہاں باری تعالیٰ نے اپنی بہت سی نعمتیں انسان کو عطا فرمائی اور اُن کو بار بار جتایا۔ قیمتی نگینے اور سنگریزے بھی شامل ہیں۔ قیمتی نگینوں میں سے کچھ نگینے انتہائی قیمتی ہوتے ہیں اور ان کا ذکر رب کائنات نے سورۃ رحمٰن میں خاص طور سے یاقوت و مرجان کی مثال دیتے ہوئے فرمایا! کَاَنَّھُنَّ الْیَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ (ترجمہ) یاقوت اور مرجان کی مانند ہے۔ (سورہ رحمٰن)۔ کوئی بھی شے باری تعالیٰ نے بے سبب پیدا نہ کی یہ نگینے اور سنگریزے اپنے تئیں بے پناہ سعادت رکھتے ہیں۔ مشہور نعت کا ایک مصرا ہے "بولتے ہیں سنگریزے آپؐ کے اشارے سے"۔ حضور نبی کریمؐ کی مٹھی مبارک میں جن سنگریزوں نے کلمہ پڑھا وہ عقیق یمنی تھے۔ کہنے کو تو حجرِ اسود بھی ایک پتھر ہے لیکن اُسکی اہمیت دُنیا کے تمام پتھروں سے زیادہ ہے۔ ان نگینہ جات کا انگشتری میں جڑوانا اور ان کو پہننا انبیاء کرامؑ آئمہ معصومینؑ اولیاء اللہ سب سے بڑھ کر نبی کریمؐ کی ذات اقدس سے ثابت ہوتا ہے۔

آپؐ انگشتری کی مہر مبارک خط کے نیچے ثبت فرماتے تھے۔ حضرت سلیمانؑ کے انگشتری سے متعلق واقعات اور آپؑ کا جن وانس پر حکومت کرنا ہر مسلمان کے علم میں ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا سائل کو انگشتری خیرات دینا بھی کسی سے پوشیدہ نہیں۔ یہ تمام واقعات نگینہ اور سنگریزوں اور انگشتری کی اسلامی اہمیت اور ان کے طبی سحری خواص بارے واضح کی گئی۔ ادارہ روحانیات میں شرفات سیارگان کے خاص موقع پر خاص نگینوں اور سنگریزوں پر جن کی تعداد ہزاروں کی تعداد میں ہوتی ہے۔ خاص ورد کیا جاتا ہے یہ ورد ماہر روحانیات خود فرماتے ہیں۔ جس کی برکت سے ان نگینوں سنگ ریزوں کے طبی اور سحری خواص میں ہزار گنا اضافہ ہو جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ شرف شمس کے موقع پر نگینہ شمسی تیار کیا گیا ہے جس کی برکت سے عزت مال و دولت، قرض سے نجات، جاہ حشمت میں بے پناہ اضافہ ہو جاتا ہے۔ ماہنامہ تحفہ روحانیات میں نگینہ اور سنگریزوں کے سحری اور طبی خواص بارے میں کئی بار مضامین شائع ہو چکے ہیں۔ اگر آپ اب تک اپنی عقل اور سمجھ کے مطابق یا کسی نیم حکیم کے کہنے پر اُلٹ پلٹ نگینے پہنتے آئیں ہیں ان نگینوں کے فائدے آپ کو نہ ملے یا کم ملے یا نقصانات ملے ان تمام معاملات سے بچنے کیلئے ضروری ہے کہ آپ اپنا پیدائشی زائچہ ماہر روحانیات سے استخراج کروائیں تاکہ آپ کے زائچہ پیدائش میں کمزور سیارہ کو دیکھ کر اُس سیارہ کے شرف کے وقت میں اُس سے منسوب تیار کیا گیا نگینہ درست دھات میں بنوا کر آپ کو دیا جا سکے۔ جن افراد کو تاریخ پیدائش نہیں معلوم وہ اپنا مسئلہ ماہر روحانیات کو فون پر بتا کر سیارے کے شرف کا نگینہ حاصل کر سکتے ہیں یاد رکھیں ہر شخص کو ہر نگینہ یا سنگریزہ فائدہ نہیں دیتا۔ اب تک لاکھوں لوگوں نے نگینہ اور سنگریزوں کے درست طریقہ استعمال سے اپنی قسمت بدلی ہے کیونکہ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی ایک نعمت ہے جس کا ذکر قرآن پاک میں فرمایا۔ اپنا درست نگینہ اور سنگریزہ منگوانے کیلئے آج ہی رابطہ کریں۔

نگینہ شرف شمسی	نگینہ شرف شمسی خاص	نگینہ شرف شمسی بہت خاص
ھدیہ 4100 روپے	ھدیہ 7200 روپے	ھدیہ 9200 روپے

ادارہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 13 جنوری 2018ء شمارہ نمبر 7

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل
عابد کمالوی محکمہ تعلقات عامہ ڈائریکٹر
ریذیڈنٹ ایڈیٹر (روزنامہ ایکسپریس)

ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)۔ بابا صدف انبالوی، منظور علی سموں، ماسٹر شوکت علی بروہی
علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر
ماہر روحانیات
شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

لیگل ایڈوائزر
محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)
مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
پہچان تو بنا	3	انسانی صحت سیاروں کی گردش	22
اختتام آغاز سال کی دعا	4	آسان مجرب عملیات	24
کھلا خط	5	تسخیرات و عملیات کی روحانی دنیا	26
جنات کی روحانی واردات	6	لوح تسخیر سلطنت	27
نااہل سیاست دان	8	شہد	29
یہود و نصاریٰ کی سازشیں	10	یہ ماہ کیسا رہیگا	31
مکافات عمل	12	نتائج قرعہ اندازی دسمبر	37
ستاروں کی چال، وظیفے کا کمال	13	روزانہ کے لکی نمبر	38
لوح اسم اعظم 2018ء	16	جنوری کے لکی نمبر	39
چاند گرہن	19	نتائج انعامی بانڈ 2017ء	42
عمل استخارہ	20	شیڈول انعامی بانڈ 2018ء	43
جُبہ مشکل کشائی	21	آپکی ڈاک	44

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خریداری
انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے
یورپ، فارایسٹ 4000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبرشپ 7201 روپے مع ڈاک خرچ
آفس

ادارہ روحانیات
نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ
0300-6351192
0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابہ جنت اعلیٰ برابر است　　آھستہ پابنہ کہ ملك سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

حدیث مبارکہ

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار" اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فرید الدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔

آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

ربیع الثانی، زکات سورۃ مزمل

نوچندی جمعرات کو اذان فجر سے کم از کم 1 گھنٹہ قبل نیند سے بیدار ہوں پہلے وضو پھر غسل کریں اگر سردی کی وجہ سے غسل نہ کرسکیں تو اچھی طرح وضو کریں۔ اذان فجر سے قبل اول آخر درود پاک 21 بار ورد کریں سورۃ مزمل اس طرح پڑھی جائے کہ ہر 7 بار پڑھنے کے بعد 7 بار درود پاک کا ورد کریں۔

مدت عمل 21 یوم دوران عمل سرخ و سفید رنگ کا لباس استعمال کیا جائے جو کہ صرف پڑھائی کے وقت پہنیں اور فجر کی نماز کے بعد اس کو محفوظ کرلیں۔ اس لباس کو روزانہ خوشبو سے معطر کریں مدت عمل مکمل ہونے تک لباس کو نہ دھوئیں۔ جو دورد مزمل زکات مزمل میں پڑھا جائیگا۔ وہ ذیل میں ہے۔

الصلوۃ السلام علیك یا ایھا المزمل زملنی

پہچان تو بنا!

اے دوست اپنے آپ کی پہچان تو بنا
بے نام سی حیات کا عنوان تو بنا

حسن عمل کے واسطے بھیجا گیا بشر
سرگرمیوں کا کوئی سا میدان تو بنا

عزت کی زندگی ہے تیری اصل زندگی
اے شرف کائنات ذرا شان تو بنا

قوت نہیں ہے کوئی بھی بڑھ کر یقین سے
جینا ہے شیر کی طرح، ایمان تو بنا

فتنہ گروں کی سازشیں بہہ جائیں گی تمام
عشق و جنوں کی لہر کو طوفان تو بنا

سلجھیں گی اپنے آپ ہی جیون کی الجھنیں
طرز و طریق زندگی آسان تو بنا

خلد بریں کی آرزو بیتاب ہے اگر
کچھ آخرت کے واسطے سامان تو بنا

لاریب تو خلیفہ ونائب خدا کا ہے
لیکن خود اپنے آپ کو انسان تو بنا

دعا اختتام سال

اَللّٰھُمَّ مَاعَمِلْتُ فِی السَّنَۃِ مِمَّا نَھَیْتَنِی عَنْہُ وَلَمْ اَتُبْ مِنْہُ وَحَلِمْتَ فِیْھَا بَعْدَ قُدْرَتِکَ عَلٰی عُقُوْبَتِیْ وَدَعَوْتَنِیْ اَلتَّوْبَۃَ مِنْ جَرَائِرِیْ عَلٰی بِفَضْلِکَ بَعْدَ قُدْرَتِکَ عَلٰی عُقُوْبَتِیْ وَدَعَوْتَنِیْ اَلتَّوْبَۃَ مِنْ جَرَائِرِیْ عَلٰی مَعَاصِیْکَ فَاِنِّیْ اَسْتَغْفِرُکَ فَاغْفِرْلِیْ وَمَا عَمِلْتُ فِیْھَا تَرْضَاہُ وَعَدْتَنِیْ عَلَیْہِ الثَّوَابَ فَاَسْئَلُکَ اَنْ تَتَقَبَّلَہٗ مِنِّیْ وَلَا تَقْطَعْ رَجَائِیْ مِنْکَ یَا کَرِیْمُ۔

ترجمہ: ۔اے اللہ! اس سال جو میں نے تیری نافرمانی کی اور اُن بداعمالیوں سے اب تک توبہ نہ کی اس کے باجود میرے قابل سزا ہونے پر بھی تیری رحمت فضل وکرم مجھ پر جاری رہا اور سب کچھ جانتے ہوئے بھی تو نے مجھے توبہ کی طرف مائل کیا اے اللہ میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں۔اے اللہ میں نے اس سال جتنے بھی نیک کام کئے تیری رضا کیلئے کئے اور جن پر تو نے انعام واکرام کا وعدہ فرمایا۔اے اللہ میں تجھ سے دعا کرتا ہوں کہ اُن نیک اعمال کا بدلہ تو ہی دینے والا ہے اے کریم میری اس اُمید کو جو تیری ذات سے وابستہ ہے کبھی منقطع نہ کرنا۔

دعا آغاز سال

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اِلٰھِیْ اَلْقَدِیْمُ الْاَوَّلُ وَعَلٰی فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ وَکَرَمِ جُوْدِکَ الْمَزِیْدِ وَھٰذَا عَامٌ جَدِیْدٌ قَدْ اَقْبَلَ اَسْئَلُ الْعِصْمَۃَ فِیْہِ مِنَ الشَّیْطَانِ وَاَوْلِیَائِہٖ وَالْعَوْنَ عَلٰی ھٰذَا النَّفْسِ الْاَمَّارَۃِ بِالسُّوْءِ وَالْاِشْتِغَالَ بِمَا یُدْنِیْنِیْ اِلَیْکَ زُلْفٰی یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

ترجمہ: ۔اے اللہ! آپ کی ذات ازلی ابدی اور اول ہے۔اپنے عظیم فضل قابل بھروسہ بخشش اور کرم کے ساتھ تو قائم ودائم ہے۔اے اللہ یہ نیا سال آن پہنچا ہے اس نئے سال کے اندر شیطان اور اس کے مددگاروں سے مجھے نجات دلا اور برائیوں کے خلاف برانگیختہ کرنے والے اپنے اس نفس کے خلاف میری مدد فرما اور میری مدد فرما ایسے اعمال میں مشغولیت کی جو میرے مرتبہ کو آپ کی ذات کے قریب کردے اے اللہ تیری بزرگی اور کرم ہمیشہ قائم رہنے والا ہے۔

(نوٹ) ان دونوں دعاؤں کو اختتام سال اور آغاز سال سے قبل تین تین بار پڑھیں۔ان بابرکت دعاؤں کی بدولت پورا سال پریشانی مصیبت آفات بلیات اور دکھوں سے نجات ملتی ہے۔

پیارے قارئین کرام السلام علیکم! آپ کی خدمت میں مزمل روحانی جنتری 2018ء پیش کی گئی۔ الحمدللہ! مزمل روحانی جنتری فرقہ وارانہ اور مذہبی تعصب اور منافرت سے پاک ہے۔ اسے پاکستان کے اہل تشیع، اہل سنت والجماعت نے یکساں پسند فرمایا مزمل روحانی جنتری 2018ء میں انتہائے، ابتدائے سال کی دُعا، درود مزمل، سورہ مزمل کے بعد سورہ مزمل کے مجرب اعمال کا ایسا ذخیرہ موجود ہے جو کہ کسی دوسری جنتری یا روحانی رسالہ میں نہ ملے گا۔ اہم سیاسی پیشن گوئیاں ملکی و بین الاقوامی سیاسی حالات پر زائچہ نجوم کی روشنی میں تبصرہ، نوروز عالم افروز کی اہمیت افادیت کو خاص طور سے شائع کیا گیا ہے۔ جنتری کا اصل مقصد و تقاویم (کیلنڈر) کا جاننا ہے۔ جس میں عیسوی، بکرمی، شاکا، ہجری تقویم سمیت ترتیب ایام سال، پنچھتر، داخلہ قمر در بروج، منازل قمر، سعد و نحس ایام، اہم تاریخی واقعات، مذہبی تہوار، عرس کی تواریخ، اہم سرکاری و نیم سرکاری تعطیلات، اہم اسلامی تہوار ائمہ کرام کی ولادت، شہادت وسال سے متعلق معلومات شامل ہیں۔

اچھی اور معیاری جنتری کی نشانی جنتری کے معنی و مقاصد تقاویم اور سیارگان کی رفتار، نشست در بروج، نظرات، درجات، شرفات، اوج، حضیض و ہبوط، کسوف و خسوف کا جاننا ہے۔ نا کہ جنتری میں اعمال کی بھرمار یا خودثنائی یا اس قسم کی معلومات جن کی عام قاری کی دلچسپی نہ ہو شائع کرنا۔ مزمل روحانی جنتری 2018ء میں اس بات کو خاص اہمیت دی گئی ہے کہ آپ اپنے روزمرہ کے معاملات مثلاً اہم امور، محبوب سے ملاقات یا پیغام محبت، آغاز سفر، آغاز چلہ کشی، جائیداد خریدنا، قیمتی اشیاء کی خریداری، جائیداد فروخت کرنا، قیمتی اشیاء کی خریداری، ملازم رکھنا، مقدمہ کی ابتداء، آپریشن کروانا، قرض لینا، قرض دینا، بچے کا نام رکھنا، بچے کی ختنہ کرنا، بچے کا عقیقہ کرنا، اسکول داخل کروانا، خوشی کی رسم کرنا، کونسا رنگ اور لباس کس طرح استعمال کریں یا کس برج کیلئے کونسا رنگ موزوں ہے، آپکے لئے کونسا پتھر یا نگینہ فائدہ مند رہیگا یا کونسا پتھر اور نگینہ نقصان دہ ہوسکتا ہے، نکاح یا شادی کروانا ہو تو کس ماہ کی کونسی تاریخ نکاح یا شادی کیلئے مناسب یا مبارک ثابت ہوگی، نحوستوں پریشانی سے بچنے کیلئے آپکے برج کا کونسا صدقہ بنتا ہے اور کس طرح یہ صدقہ دیں اس کی مکمل تفصیلات جنتری ہذا میں شامل ہے۔

صاحب روحانیات یا منجم یا عاملین مزمل روحانی جنتری کو بہت اچھے انداز سے سمجھ سکتے ہیں کیونکہ جنتری کے آخر میں نجوم کی باریکیاں قمری نظرات، کیفیت سیارگان، رجعت استقامت، داخلہ خروج سیارگان، قمر در عقرب، ہبوط قمر، شرف قمر اور اہم نظرات سیارگان شائع کئے گئے ہیں۔

مزمل روحانی جنتری کا سال بھر شائقین روحانیت کو انتظار اس لئے بھی رہتا ہے کہ جنتری ہذا میں 50 یا 100 سالہ تواریخ اہم سیارگان زحل، مشتری، مریخ، شرفات، اوج حضیض، ہبوط شائع کئے جاتے ہیں۔ یہ اعزاز دُنیا بھر میں کسی دوسری جنتری کو حاصل نہ ہے۔

عوامی مقبولیت میں اضافہ مزمل روحانی جنتری کے متذکرہ بالا خاص مضامین کی وجہ سے ہوا اور یہ سلسل بدستور جاری ہے کہ اہل علم دیگر جنتریوں کی نسبت مزمل روحانی جنتری کو اہمیت دیتے ہیں۔

عام قاری کیلئے مزمل روحانی جنتری میں خاص طور سے آپ کے برج سے متعلق سالانہ حالات ہفتہ وار شائع کئے گئے ہیں جو کہ عوام میں بہت زیادہ شہرت رکھتے ہیں کہ جنتری ہذا میں شائع کردہ سالانہ حالات درست طور پر وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ سال بھر کے لکی نمبر خاص کلیہ جات کی مدد سے حکومتی پرائز بانڈ کی قرعہ اندازی کے درجہ اول اور دوئم کے نمبرات کا استخراج کرنا تا کہ خاص کے علاوہ عام آدمی بھی مزمل روحانی جنتری سے استفادہ کر سکے۔ مزمل روحانی جنتری میں اس بات پر خاص طور سے توجہ دی گئی ہے کہ جنتری کا کاغذ اور معیار اعلیٰ ہو بہت عام فہم زبان میں کی جائے۔ یہی وجہ ہے کہ قارئین کو مزمل روحانی جنتری کا شدت سے انتظار رہتا ہے اگر عام طرز طریقہ سے جنتری ہذا کو تیار کرنا ہوتا تو دیگر جنتریوں کی طرح سال نو کے آغاز سے کئی ماہ قبل مزمل روحانی جنتری مارکیٹ میں پیش کر دی جاتی۔ **دعا گو: عمر ایاز مزمل حسینی شاہ**

قسط 41 جنات کی روحانی واردات

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے وسفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام' جنات بھوت' پریاں چڑیل' اولیاء اللہ اور بزرگان دین' شہداء' کشف القبور' موت اور زندگی کے سچے واقعات

گزشتہ ماہ مصروفیت زیادہ ہونے کے سبب جنات کی روحانی واردات کے سلسلہ کا مضمون شائع نہ ہوسکا اس دوران کئی دوستوں سے ملاقات ہوئی ایک روحانی حلقہ اسلام آباد میں کیا گیا اس مختصر روحانی حلقہ میں چند روحانی دوست شامل تھے۔ سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ باہمی روحانی رابطہ اور محافل سے روحانی شعور مزید پروان چڑھتا ہے بہت سی ایسے وہمات اور خدشات سوالات کا جواب ایک دوسرے سے روحانی محفل میں با آسانی مل جاتا ہے۔ اس روحانی حلقہ میں جو دوست شامل تھے۔ لاہور سے محمد افضال 'راولپنڈی سے عظیم مغل' اور شیخ زاہد صاحب دھمیال کیمپ سے محترم تجمل حسین صاحب شامل تھے۔ ہر دوست اپنے اندر ایک روحانی دُنیا رکھتا ہے۔ مختصر تعارف یوں ہے کہ محمد افضال صاحب نے ہمزاد کے متعلق چلہ کشی کی اور ہمزاد کے مشاہدات کیے جن کا ذکر اسی مضمون کی گزشتہ اقساط میں کیا گیا تھا اور تا حال تسخیر ہمزاد پر مزید تحقیق اور مشاہدات جاری ہیں۔ محمد عظیم مغل صاحب روحانی علاج دفع امراض بارے میں کافی تحقیق کر چکے ہیں کلام الٰہی سے روحانی امراض کا علاج اور ان سے شفاء یابی پر عبور رکھتے ہیں اور اپنی روحانی صلاحیتوں کی بدولت بے لوث ہو کر حلقہ احباب میں خدمت کر رہے ہیں۔ شیخ زاہد صاحب سورۃ مزمل سے بے شمار روحانی مشاہدات کر چکے ہیں اس بارے آپکا وسیع تجربہ ہے پرہیز جلالی اور جمالی عرصہ دراز تک کیا۔ سورۃ مزمل کے روحانی مشاہدات چلہ کشی سے روحانی فیض حاصل کیا اور کر رہے ہیں۔ روحانیت کا شوق از حد رکھتے ہیں۔ کوشش ہوتی ہے کہ قرب الٰہی حاصل کر سکیں۔ عبادت اور ریاضت سے روحانی بلندی حاصل کر لیں۔ جبکہ روحانی شعور شیخ صاحب میں عام لوگوں کی نسبت بہت زیادہ ہے۔ جناب تجمل حسین صاحب سورۃ مزمل کے دیوانے ہیں گزشتہ کئی سال سے سورۃ مزمل کی چلہ کشی کر رہے ہیں۔ ان گنت روحانی مشاہدات کیے۔ ترتیب سورۃ مزمل تعداد کے مطابق 4 سال چلہ کشی کرنے کے بعد موجودہ وقت میں ہر آیت سورۃ مزمل کا سوا لاکھ شروع کیا اپنی زندگی کا کل اثاثہ سورۃ مزمل کو قرار دیتے ہیں۔ تجمل حسین صاحب کے اہل خانہ بھی روحانی شعور رکھتے ہیں۔ کوشش ہوتی ہے کہ کوئی لمحہ روحانی فکر کے بغیر خالی نہ جائے۔

محترم دوستو! ایک طویل نشست میں کیا روحانی گفتگو ہوئی لیکن اسکا نچوڑ ایک عام روحانی طبیعت رکھنے والے فرد کیلئے صرف یہی نکلتا ہے کہ بلا آخر ہم اپنی روحانیت میں کس طرح اضافہ کریں دوستوں نے بھی اس بات پر زور دیا کہ روحانیت میں اضافہ اور روحانی آنکھ کی بیداری بارے مشق اور وظیفہ ضرور بتایا جائے۔ تا کہ شائقین روحانی اس سے استفادہ حاصل کر سکیں۔ بنیادی معلومات برائے وظیفہ و چلہ کشی تقریباً ہر خاص و عام شخص کو معلوم ہے۔ مگر بہت سے ایسے دوست بھی ہیں جو کہ اس بارے میں زیادہ علم نہیں رکھتے اس بات کا اندازہ روزانہ فون کالز سننے سے ہوتا ہے جس میں روحانیت سیکھنے کے خواہشمند حضرات اپنے مسائل ناکامیاں اور تجربات بتاتے ہیں۔ جس سے واضح ہوتا ہے کہ وہ دوست اپنے تئیں مخلصانہ محنت کر رہے ہیں مگر درست راہنمائی نہ ہونے کی وجہ سے منزل سے بہت دور ہیں۔

دوستو! ایک بات پر غور کریں جس طرح ہر شخص کا رنگ و نسل' قد' آواز اور دیگر عادات ایک دوسرے سے مختلف ہیں یہاں تک کہ ایک بھائی کی دوسرے بھائی سے شکل عادات' آواز تک نہیں ملتی اسی طرح ایک خطہ میں پائے جانے والے افراد کا رہن سہن' رنگ نسل لباس بھی دوسرے سے مختلف ہے ہر 50 میل کے بعد ثقافت تقریباً تبدیل ہو جاتی ہے یعنی زبان اور لہجہ میں فرق قد کاٹھ لباس' غذا یہاں تک کے پھل پھول پودوں میں بھی تقریباً تبدیلی آجاتی ہے۔ تو کیا ایسا ممکن ہے کہ ایک شخص جس زمین پر ورد وظیفہ کر رہا ہے اور اُسے جس انداز سے کامیابی مل رہی ہے بالکل وہی ورد وظیفہ زمین کے دوسرے خطہ میں جا کر کرے اُتنی ہی تعداد سے پڑھے تو اُسے بھی اُتنی ہی کامیابی مل جائیگی نہیں ایسا ہرگز نہیں۔

ایک ہی مقام اور جگہ پر رہتے ہوئے ورد و وظائف مراقبہ اور دیگر مشقوں کے ذریعے کسی کو اثرات جلد محسوس ہو جاتے ہیں اور کوئی شخص بہت دیر سے اثرات محسوس کرتا ہے۔ ایسا اُسی وقت ممکن ہے کہ روحانی طبیعت اور مزاج سب کا ایک جیسا ہو۔ گناہ کبیرہ و صغیرہ سے بچتا رہے اگر کوئی شخص روحانی تربیت بھی چاہتا ہے اور گناہوں سے دور بھی نہیں ہو سکتا اُسکے لئے ناممکن ہے کہ وہ روحانی ورد وظیفہ سے جلد فائدہ اُٹھا سکے لیکن بعض روحانی وظائف

شمع بک ڈپو، کشمیر بازار راولپنڈی۔ 0336-2451457

ایسے بھی ہیں جن کے کرنے سے روحانیت بہت جلد بیدار ہو جاتی ہے روحانی آنکھ کھل جاتی ہے لیکن جسم وروح کی پاکیزگی شرط اول ہے۔ایسے ہی نایاب وظائف میں سے اپنے پڑھنے والوں کی خدمت میں ایک وظیفہ ماہنامہ تحفہ روحانیات کے اس خاص صفحہ پر شائع کر رہا ہوں یقین ہے کہ اس وظیفہ کی برکت سے وہ شائقین روحانیت جو کہ عرصہ دراز سے روحانی بیداری' روحانی شعور اور روحانی بلندی چاہتے ہیں جلد حاصل کر سکیں گے مگر توجہ اور دھیان جسم وروح کی پاکیزگی اور مکمل یکسوئی شرط اول ہے۔

اس وظیفہ اور مشق کو کم از کم 4 ماہ تک ضرور کریں بنیادی معلومات اور قواعد پر پابندی سے عمل کیا جائے تا کہ ناکامی نہ ہو اس دوران بہت سے مشاہدات ہوتے ہیں کسی عام شخص سے ان مشاہدات کا ذکر نہ کریں بلکہ قمری و شمسی تاریخ دن اور وقت کے ساتھ ان مشاہدات کو نوٹ کرتے جائیں۔ کئی خواب اور خیالات آئینگے ان پر غور وخوص کرنا ہوگا۔یہی مشق عمل آلہ یکسوئی کے ذریعے کی جائے تو جلد کامیابی ہو جاتی ہے جو لوگ اس کے بغیر اس مشق کو کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ان شاء اللہ اُنکو بھی کامیابی ملے گی۔

بعد از نماز عشاء غسل کریں تجدید وضو کر کے پاک وسفید معطر لباس تن زیب کریں پہلے سے پاک وصاف کردہ کمرہ جو شور وغل سے دور ہو عمدہ اگربتی سلگا کر فرش پر بیٹھ جائیں (نوٹ رجال الغیب کا خیال ضرور رکھیں)

اب اول گیارہ مرتبہ درود شریف اور تصور میں نوری روشنائی سے چھیاسٹھ (66) بار اسم اللہ عربی رسم الخط میں لکھیں۔ پھر مکمل توجہ سے اسم اللہ کا ورد کریں ضربی یا چہار ضربی کریں یہ ذکر کریں کم از کم دس پندرہ منٹ ضروری ہے۔

یہ دوسرا طریقہ ہے کہ ایک آئینہ پر ذرد رنگ سے خوبصورت انداز میں 66 بار اسم اللہ لکھوائیں۔ اس آئینہ کا سائز 18X24 انچ ہو۔ 3 فٹ کے فاصلہ پر نظر کے بالکل سامنے مناسب اونچائی پر کہ گردن نہ تو اونچی کرنی پڑے اور نہ ہی جھکانے کی ضرورت پیش آئے۔اور بغور اسم ذات کو کچھ وقت دیکھ کر آنکھیں بند کر لیں اور تصور میں یہی اسم ذات لکھا ہوا دیکھیں دونوں میں سے جو طریقہ آسانی سے ہو سکے کر لیں لیکن دوسرا طریقہ مشق بہت زیادہ موثر ہے۔اس مشق کو ہمیشہ جاری رکھیں گے تو روحانی درجات میں بلندی ملتی رہیگی ورنہ کم از کم 4 ماہ ضرور کریں۔

اللہ نور السموت وا لارض اس آیت مبارکہ کو بند آنکھوں سے آہستہ آہستہ ٹھہر ٹھہر کر تلاوت کریں اس سارے عمل کے دوران آپ رُخ قبلہ کی طرف ہو اس آیت مبارکہ کی تلاوت سے چند لمحہ قبل اپنی آنکھوں پر سیاہ فلالین کی پٹی باندھ لیں اب بند آنکھوں سے تصور کریں کہ مرے سامنے ایک چمک دار سورج ہے جس طرح دوپہر کے وقت سورج چمکتا ہے کچھ دیر بعد تصور کریں آپ خود سورج ہیں میں پھر کچھ دیر بعد تصور کریں کہ آپ قرص شمس میں ہیں یہ روشن قرص نسمہ کہلائے گا۔ اب آپ کے اندر اور باہر سورج ہے اور ساری کائنات اس نور سے منور ہے آپ میں نور کے سوا کچھ نہیں ہے ایسا روزانہ کم از کم 45 منٹ کیا کریں یاد رہے یہ تصور کرتے ہوئے سو جایا کریں ایسا متواتر بلاناغہ اکتالیس یوم کریں اس مدت کے دوران غذا کم اور زود ہضم کھائیں نیند کا وقفہ کم سے کم رکھیں اپنا زیادہ سے زیادہ وقت اندھیرے میں گزاریں لوگوں سے میل ملاپ اور گفتگو انتہائی محدود کریں ہمہ وقت یہ سوچ رکھیں کہ میں سورج کے اندر ہوں فارغ اوقات میں پاس انفاس میں اسم ذات کا ورد کریں سانس اندر کر لیں تو اسم اللہ کو پڑھیں اور پھر خارج کرتے وقت بھی ایسا دل ہی دل میں کیا کرے اکتالیس (41) یا بانوے (92) دن یا ایک سو بیس (120) دن مسلسل اس مشق کو کریں۔انشاء اللہ آپ کا نسمہ روحانی روشن اور واضح ہو جائیگا بعض حضرات کو اس عمل میں زیادہ دن بھی لگ جاتے ہے تو ایسی صورت میں گھبرائیں نہیں اکتالیس' بانوے یا ایک سو بیس یوم حوصلہ مستقل مزاجی سے عمل جاری رکھیں ان شاء اللہ کامیابی سے ہمکنار ہونگے۔جب یہ سمجھ لیں کہ نسمہ تسخیر ہو چکا ہے تو اس سے کام لینے کا طریقہ یہ ہے کہ خود حالت مراقبہ میں نسمہ کو حاضر کریں۔جس کام کے کرنے کا ارادہ ہو اس کا بار بار تصور کریں مایوسی بے یقینی اور بد دلی کو قریب بھی نہ بھٹکنے دیں ہمیشہ اس مشق کو جاری رکھیں گے تو حیرت انگیز مشاہدات ظاہر ہونگے۔روحانیت کا یہ مقام حاصل ہونے کے بعد طبیعت میں غرور' تکبر کو نزدیک بھی نہ آنے دیں کیونکہ ذرا سا بھی غرور آپکی ساری محنت کو خاک میں ملا دیگا بلکہ اپنے مزاج کو قابو میں رکھتے ہوئے طبیعت میں عجز وانکساری لہجہ وگفتگو میں نرمی ہونی چاہیے۔مزاج کے برخلاف بھی کوئی بات کہے ہمت و حوصلہ سے اُسکو برداشت کریں۔

جو کام آپ نسمہ سے لینا چاہتے ہے نسمہ کو حکم دیں جونہی نسمہ غائب ہو جائے تو آپ یہ سمجھ لیں کہ آپ کا کام ہو گیا اس طریقہ سے آپ کا مطلوبہ کام ہو جائے کرے گا جسم پر نسمہ مسلط ہونے سے ایک عجیب لطف اور سرور محسوس ہوتا ہے جو باعث فرحت ہوتا ہے۔

نوٹ: ۔دوران مشق گھی دودھ ٹھنڈے مشروبات کا بکثرت استعمال کریں روزانہ بادام روغن سے سر کی مالش کریں جس قدر بھی پاکیزگی کا اہتمام ہو سکے کریں اس مشق کے دوران گرم تاثیر اشیاء سے مکمل اجتناب کریں۔

ملکی سیاست بہت اہم دور سے گزر رہی ہے جس کا پہلا مرحلہ میاں محمد نواز شریف کی نا اہلی وزیر اعظم 28 جولائی 2017ء سے شروع ہوا۔ زائچہ پر ایک سرسری نظر دوڑائی جائے تو پہلے اور گیارہویں گھر کا مالک طالع میں ابتدائی درجات پر موجود ہے۔ جو کہ عندیہ ہے شواہد قلم عدالت اور قانون بھرپور طریقہ سے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ زائچہ کے خانہ 2 اور 9 کا مالک دسویں گھر پر قابض ہے۔ عزت، شہرت کا حاکم زہرہ حکومت کے خانہ پر قابض ہو کر اپنے مقابل زحل سے نظر قائم کر رہا ہے زحل حالت رجعت میں جو کہ **طاقتور حاکم کی معزولی** کا عندیہ ہے۔ دوسری جانب مشتری جو کہ زائچہ میں 4 اور 7 کا ملک ہے۔ پلوٹو سے نظر تربیع بنا رہا ہے۔ حکومتی مشینری کو کمزور کر رہا ہے۔ **کرپشن کئے گئے کرپٹ چہروں کو ظاہر** کر رہا ہے مشتری کو طبیب فلک کا بھی درجہ حاصل ہے۔ زائچہ کا ساتواں خانہ وزیر اعظم سے منسوب ہوتا ہے۔ ساتویں کا حاکم ہمراہ قمر دوسرے پر قابض ہے اس خانہ پر بیٹھ کر پلوٹو سے نظر تربیع قائم کر رہا ہے جو کہ ملک کی مع شیت کو بری طرح متاثر کر رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ **حکم نا اہلی آتے ہی اسٹاک ایکسچینج کو شدید جھٹکا** لگا۔ مختلف کمپنیوں کے شیئرز میں مندی کا رجحان پیدا ہو گیا۔ محترم قارئین مختصر اور جامع نظر زائچہ نا اہلی میاں محمد نواز شریف سے تمام حقیقت واضح ہے۔ اسی طرح ہمیں دوسرے نا اہل سیاست دان کے زائچہ کو دیکھتے ہیں۔

زائچہ حکم نا اہلی محمد نواز شریف:۔ 28 جولائی 2017ء



اس کے بعد دوسرا مرحلہ **تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل جھانگیر ترین خان کی نا اہلی** پر مکمل ہوا اب تیسرے مرحلے میں کیا ہوتا ہے یہ آنے والا وقت بتائے گا۔ پاکستان کی سب سے بڑی عدالت یعنی سپریم کورٹ نے گزشتہ دنوں دو اہم مقدمات میں فیصلے صادر فرمائے جس کے نتائج قومی سیاست پر بہت زیادہ اثر انداز ہونگے۔ زائچہ نا اہلی جہانگیر ترین خان شرقی طالع پر قوس ہمراہ شمس و زحل و زہرہ اور عطارد رجعت کے ساتھ موجود ہے۔ زائچہ کے کسی بھی خانہ میں دو سے زائد سیارگان کا اجتماع خطرہ کی علامت ہوتا ہے۔ یہاں عطارد بھی حالت رجعت میں ہے جبکہ طالع کا حاکم زائچہ کے خانہ 12 پر نحس یافتہ قمر در عقرب اور مریخ کے ہمراہ موجود ہے۔ زائچہ کے حاکم کا نحس حالت میں ہونا اشارہ دیتا ہے کہ بڑا خطرہ موجود ہے۔ واضح ہے کہ **جھانگیر ترین خان کی نا اہلی کے سبب** عمران خان کی تحریک انصاف کو نقصان پہنچے گا۔ چھٹا گھر تنزلی اور معزولی کا ہوتا ہے۔ جس کا حاکم خانہ کے طالع میں موجود ہے یہاں نا صرف وہ موجود ہے بلکہ رجعت یافتہ عطارد کے ساتھ نظر قران قائم کر رہا ہے اس سیارے کی یہ نظر طالع میں ہونا **شہرت کو نقصان پہنچاتی ہے۔**

زائچہ حکم نا اہلی جہانگیر ترین خان:۔ 15 دسمبر 2017ء



جھانگیر ترین خان کے خلاف حنیف عباسی جو کہ مسلم لیگ (ن) کے سرگرم راہنما ہیں کی جانب سے پارلیمنٹ کی رکنیت کیلئے نا اہلی کی درخواست دی گئی جس پر تین رکنی بینچ سپریم کورٹ چیف جسٹس کی سربراہی میں قائم کیا گیا۔ عطارد کی رجعت ہمراہ دیگر تین سیارگان

اس بات کا بھی اشارہ دیتے ہیں کہ قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد بہت سوچ سمجھ کر مشوروں کے بعد نا اہلی کا فیصلہ دیا گیا ہے۔ قمر پلوٹو نظر تسدیس اس بات کا عندیہ ہے کہ فاضل بینچ نے عمران خان پر لگائے گئے بد دیانتی اور اثاثے چھپانے کے الزامات کو مسترد کر دیا۔

تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری جہانگیر ترین خان کو اثاثے چھپانے اور عدالت میں غلط بیانی سے کام لینے کا مرتکب قرار دے کر پارلیمنٹ کی رُکنیت کیلئے تاحیات نااہل قرار دے دیا۔ دوسری جانب دیکھا جائے تو ابھی بھی **عمران خان کی مصیبت ٹلی نہیں** کیونکہ پارٹی فنڈنگ کے حوالہ سے جسے سپریم کورٹ میں مقدمہ کا حصہ بنایا گیا تھا فیصلہ آنا باقی ہے۔ سپریم کورٹ نے اس بارے مبینہ طور پر دو چھوٹے سرٹیفکیٹ کے الزام کو الیکشن کمیشن کے فیصلہ سے مشروط ہوتے ہوئے واضح کیا کہ اگر الیکشن کمیشن نے غیر ملکی فنڈنگ کے الزام کے حق میں رائے دی تو پھر جھوٹے سرٹیفکیٹ کے معاملہ کا فیصلہ مجاز عدالت کریگی۔ حالات تیزی سے تبدیل ہوتے ہوئے نظر آتے ہیں سیاسی گان کی پوزیشن یکسر بدل رہی ہے۔

مسلم لیگ (ن) بالخصوص شریف خاندان پر آزمائشوں اور مصیبتوں کا سلسلہ تسلسل کے ساتھ اب بھی جاری ہے۔ **سابق وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف، وزیر اعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف، حمزہ شریف اور شریف خاندان کے دیگر افراد کے خلاف حدیبیہ پیپر ملز کیس دوبارہ کھولنے کیلئے قومی احتساب بیورو کی اپیل کو جسٹس مشیر عالم کی سربراہی میں تین رُکنی بینچ نے اپنے مختصر فیصلے میں مسترد کر دیا** کیونکہ فیصلہ کی رو سے نیب کی جانب سے کوئی نیا ثبوت پیش نہیں کیا گیا جس کی بنیاد پر حدیبیہ پیپرل کیس ہائی کورٹ کے فیصلہ کو معطل کر کے یہ کیس دوبارہ کھولا جاتا۔ اس متعلق فیصلہ کی تفصیلی وجوہات بعد میں جاری کی جائینگی۔

شریف خاندان اور مسلم لیگ (ن) کی جانب سے حدیبیہ کیس نہ کھولے جانے اور جہانگیر ترین کو تاحیات نااہل قرار دیئے جانے پر اطمنان کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کی قیادت اور اس جماعت سے محبت رکھنے والے کارکنان کی جانب سے عمران خان کو نااہل قرار نہ دیئے جانے پر تاحال نکتہ چینی ہو رہی ہے۔ ادھر دوسری جانب دیکھا جائے تو عمران خان اپنی نااہلی سے بچ جانے پر عدالتی فیصلے پر انتہائی خوش ہیں۔ حدیبیہ پیپر ملز کیس کے فیصلے پر اظہار بھی غیر مطمئن ہیں لیکن عمران خان پارٹی کے جنرل سیکرٹری جہانگیر ترین خان کے خلاف فیصلہ آنے پر مطمئن نہیں۔ تاہم جہانگیر ترین نے ذاتی طور پر پارٹی میں اپنے عہدہ سے مستعفی ہونے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ **یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ جہانگیر ترین سیاست سے ترک تعلق کر لیں اس بارے میں انہوں نے اپنے قریبی دوستوں سے بات چیت اور مشورے بھی شروع کر لئے ہیں** لیکن عمران خان کی خواہش ہے کہ جہانگیر ترین اپنے پارٹی عہدے پر کام جاری رکھیں اور انکی نااہلی فیصلے پر نظر ثانی کی اپیل کا اعلان کیا یہ الگ بات ہے کہ عدالتی فیصلے آئین اور قانون کی روشنی میں کئے جاتے ہیں بعد ازاں ان کا جائزہ بھی لیا جا سکتا ہے اور جائز سوالات کا اٹھایا جانا معاشرے کے مکمل تعاون کے ساتھ قانون کی بالادستی کیلئے ماحول سازگار بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ **ماضی میں ہماری اعلیٰ عدلیہ کے متعدد اہم فیصلے** جن میں نظریہ ضرورت کو بنیاد بنایا گیا تھا۔ آج خود عدالتی اور قانونی حلقوں میں بالا اتفاق درست نہیں سمجھے جاتے اور یہی عمل عدلیہ کی موجودہ خود مختاری شفافیت، غیر جانبداری اور بے لاگ انصاف کی بنیاد بنا ہے۔ اس کے باوجود متعلقہ فریقوں اور انکے حامیوں کی جانب سے اعتراضات اُٹھائے جا رہے ہیں۔ ایسا طرز عمل معاشرے کا غیر منصفانہ رویہ کی جانب واضح اشارہ ہے۔ ہر شخص چاہتا ہے کہ عدالتی فیصلہ اُسکے حق میں آئے حق میں نہ آنے پر وہ عدالتوں کو برا بھلا کہنا شروع کر دیتا ہے۔ **ملکی قومی سیاست پر عدالت کا موجودہ فیصلہ بہر صورت ضرور اثر انداز ہوگا** کیونکہ اس عدالتی فیصلہ سے ملکی سیاست میں چند تبدیلیاں نظر آتی ہیں۔ اس فیصلہ کے نتیجہ میں انتخابی اُمیدوار مستقبل میں اپنے اثاثہ جات اور آمدنی بارے گوشواروں میں بد دیانتی سے اجتناب کریں گے۔ ظاہر ہے کہ اس مثبت طرز عمل سے سیاسی دیانتداری کو فروغ ملنے کا امکان ہے۔ تاہم یہ سلسلہ سیاست دانوں تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ اسکا دائرہ وسیع کرتے ہوئے دیگر ریاستی اداروں اور قومی زندگی کے تمام شعبوں پر اس کا اطلاق ہونا چاہیے تاکہ معاشرہ کسی حد تک ملکی لوٹ کھسوٹ، دھوکا فراڈ، جھوٹ کی لعنت سے نجات پا سکے۔ اسی بارے **چیف جسٹس آف پاکستان نے وکلاء برادری سے اپیل کی** ہے کہ وہ جلد انصاف کے حصول کیلئے سائلین سے اپنی فیس کو نصف کر دیں اور جج صاحبان جلد انصاف کی کوشش کریں تاکہ ایک عام آدمی تا حیات تھانہ کورٹ کچہری کے چکر نہ لگاتا رہے۔

بیت المقدس اور یہود نصارٰی کی سازشیں

تحریر:۔ریاض احمد (ہانگ کانگ)

بیت اللہ لفظی معنیٰ اللہ کا گھر اسی نسبت سے بیت المقدس یعنی اللہ کا تقدس والا گھر ارض فلسطین پر واقع یہ پاک اور تقدس والا گھر مسلمانوں کا قبلہ اول ہے۔ پانچ ہزار سال قبل خطہ عرب سے مختلف قبائل فلسطین کے زرخیز خطوں میں آکر آباد ہوئے ان میں قابل ذکر سامی نسل کے قبائل شامل تھے کنعان بن ہام کی نسل کے قبائل مجموعی طور پر اسی خطہ میں آبادرہ کرنامور ہوئے۔ اس لحاظ سے سرزمین فلسطین اور عرب کا تعلق انسانی تاریخ کے عوائل سے ہے یہ سرزمین یہودیوں عیسائی اور خاص طور سے مسلمانوں کیلئے مقدس ہے۔ عیسائیوں کی مقدس کتاب بائبل کا صحیفہ پیدائش اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ سرزمین فلسطین کو سامی النسل لوگوں نے آباد کیا پھر جزیرہ عرب سے چند عرب قبائل ہجرت کر کے یہاں آباد ہ گئے۔

حضرت ابراھیمؑ کے پوتے حضرت یعقوبؑ کی نسل سے یہودی پیدا ہوئے یہودیوں کا فلسطین سے تعلق صرف 400 سال سے ہے جبکہ عرب قبائل یعنی عربوں کا تعلق اس خطہ سرزمین سے 5 ہزار سال قبل کا ہے کیونکہ اُس وقت یہودی اپنی آل اولاد سمیت کنعان سے ہجرت کر کے مصر میں آ بسے۔

2050ء قبل مسیح اور 1000 سال قبل مسیح یہودیوں کا زمانہ کہلاتا ہے یہ وہ دور ہے جب حضرت داؤدؑ اور حضرت سلیمانؑ نے عظیم الشان سلطنت قائم کی یہ سلطنت 80 سال قائم رہی حضرت سلیمانؑ کے وصال کے بعد یہودیوں کا شیرازہ بکھر گیا۔ حضرت سلیمانؑ کا ہیکل سلیمانی اسی مقام پر موجود ہے۔ حضرت سلیمانؑ کے وصال کے بعد شہنشاہ بخت نصر جس کا تعلق بابل سے تھا یہودیوں پر بدترین تباہی مسلط کردی یہودیوں کی ایک بڑی تعداد کو ہلاک کیا گیا اور باقی غلام بنا کر رکھ دیئے گئے۔ بابل میں ان غلاموں کی ایک بستی قائم کی گئی فلسطین کے اصل باشندے یعنی عرب فلسطین میں ہی موجود رہے۔

77 عیسوی رومی بادشاہ یہودیوں پر غضبناک ہوجاتا ہے ان کی آبادیوں اور گھروں کی اینٹ سے اینٹ بجادیتا ہے۔ اُس وقت سے یہودی فلسطین میں نہیں ملے۔ سرزمین فلسطین اپنے اصل باشندوں کے ساتھ آباد رہتی ہے۔ 3 صدی بعد رومن خود بھی عیسائی مذہب اختیار کر لیتے ہیں یہودی جو اپنے تئیں حضرت عیسیٰؑ کو قتل کرنے کے دعویدار ہیں۔ تو سوچئے یہودی عیسائیوں کے قہر وغضب سے کیسے بچ سکتے ہیں۔ اس کے بعد یہودیوں پر وہ وقت آیا کہ دُنیا بھر میں ان کیلئے کوئی جاہ پناہ نہیں بچی۔ تاریخ دان کہتے ہیں کہ یہودیوں کا سرزمین فلسطین پر اقتدار کا عرصہ تقریباً 400 سال پر محیط ہے جبکہ جزیرہ عرب سے آنے والے عرب باشندے گزشتہ 5000 سال سے ایک دن کیلئے بھی اس ارض مقدس سے جدا نہیں ہوئے۔ تاریخ ایک نئی کروٹ لیتی ہے۔ خلفاء راشد حضرت عمرؓ کے دور میں 15 ہجری بمطابق 636 عیسوی فلسطین اسلام کی آغوش میں آجاتا ہے۔ اسلام کے عظیم جرنیل فاتح مصر اور بہادر سپہ سالار حضرت عمرو بن العاص یروشلم کے دروازے پر دستخط دیتے ہیں۔ چند دنوں بعد حضرت ابوعبیدہ بن جراح بھی اپنی مہمات شام سے فراغت کے بعد یہاں پہنچ جاتے ہیں۔ آپ نے یروشلم کے بڑے سرداروں کو خطوط تحریر فرمائے۔

"صحت اور خوشی اُن لوگوں کیلئے جو راہ راست پر چلے اور اسکے رسول پر ایمان لائے ہم تم سے یہ چاہتے ہیں کہ تم اللہ اور اسکے رسول حضرت محمد صل اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاؤ جب تم ایمان لاؤ گے ہمیں حرام ہے کہ ہم تم کو ماریں یا تمہارے بال بچوں کو ہاتھ لگائیں"

یہ خط ملنے کے بعد سب سے بڑے پادری صفرونیوس نے صلح کی جانب ہاتھ بڑھایا اُس نے کہا کہ یہ پاک مقام ہے میں خلیفۃ المسلمین کے سوا اور کسی کے سپرد نہیں کرونگا۔ خلیفہ دوئم حضرت عمرؓ کے دور میں یہ شہر فتح ہوا۔ شہر کے باشندوں کو عہد نامہ تحریر کر کے دیا جسے تاریخ میں عہد العمریہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے اُس وقت سے 1948ء تک بیت المقدس مسلمانوں کے پاس رہا۔ اس دوران صرف 90 سال کیلئے اس سرزمین مقدس پر صلیبی قابض ہوئے۔ صلاح الدین ایوبی نے ایک بار پھر یہ خطہ صلیبیوں سے آزاد کروایا اور عیسائی اس خطہ میں سکون کے ساتھ رہے۔

ایک وقت وہ بھی آیا جب دُنیا عیسائیت شہر مقدس کو ہر صورت صلیبی شہر پسند کرتے تھے اور اس دور میں یہودی اور عیسائی ایک دوسرے کی جان کے دشمن تھے۔

اختر بک ڈپو، فیصل بازار سرگودھا۔ ادارہ روحانیات

یہ وہ وقت تھا کہ جب یہودیوں نے دیکھ لیا کہ وہ با آسانی ارض مقدس پر قبضہ نہیں کر سکتے تو انہوں نے ایک طویل میعاد منصوبہ بنایا اور اس منصوبہ پر عمل کرتے ہوئے 1852ء کے قریب ترکی کے سلطان کو ایک ایسا حکم نامہ جاری کرنے پر مجبور کیا جس کے تحت مسلم اور غیر مسلم رعایا کے حقوق برابر ہوں اس اعلان سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے یہودیوں نے سرزمین فلسطین پر اپنی آبادکاری شروع کر دی اور اس کے بعد وہ وقتاً فوقتاً سرزمین فلسطین پر آباد ہوتے رہے۔ یہی اُس وقت کی ابتداء ہے کہ جب یہودیوں نے عظیم اسرائیل کی بنیاد ڈالی چنانچہ ایسا ہی ہو رہا ہے 1838ء میں بیت المقدس میں یہودیوں کی کل آبادی 3000 تھی 45 سال بعد اس آبادی میں 10 گنا اضافہ ہوا 1898ء میں یہودیوں نے حکومت برطانیہ کے تعاون سے اپنی سازشوں کو عملی جامہ پہنایا۔ پہلی جنگ عظیم میں عثمانی حکومت شکست خوردہ ہوئی برطانیہ نے فلسطین کی سرزمین قبضہ کیا اپنی نوع آبادی بنالیا پہلی جنگ عظیم کے دوران یہودی اتحادیوں کو بھرپور مالی امداد فراہم کرتے رہے۔ جس کے عوض برطانوی آقاؤں نے یہودیوں کی فلاح و بہبود اور انکو منضم کرنے کیلئے مزید قوانین تشکیل دیئے ان قوانین کے تحت یہودیوں نے فلسطین میں بے دریغ آنا شروع کر دیا اور زمین ہتھیانے کا راستہ اختیار کیا جس میں وہ کامیاب ہوئے۔

15 مئی 1948ء برطانوی میڈنیٹ اپنے اختتام کو پہنچا تب برطانوی سائے کے آخری دن یعنی 14 مئی 1948ء کو یہودیوں نے اسرائیل ریاست کے قیام کا اعلان کر دیا۔ اس ریاستی قیام کی تیاری وہ مدتوں سے کر رہے تھے۔ اس ریاستی قیام کے فوری بعد یہودیوں نے اپنی پولیس اور قاتل جتھے تیار کر لئے تھے۔ ادھر فلسطین سے برطانوی اقتدار ختم ہوا اور اُدھر یہودیوں نے ظلم و بربریت کی داستانیں رقم کرنا شروع کر دی۔ مسلمانوں کا بے دریغ قتل کیا دوسری جنگ عظیم کے بعد یہ سب سے بڑا قتل عام تھا۔

1967ء کی پہلی دھائی تھی کہ اسرائیل اور اُسکے تین ہمسایہ عرب ممالک کے درمیان جنگ چھڑی یہ جنگ عرب ہار گئے اس جنگ میں باقاعدہ طور پر بیت المقدس کا شہر جہاں مسجد اقصیٰ واقع ہے یہودیوں نے قبضہ کیا وہ مسجد اقصیٰ جس کا ذکر رب العالمین نے قرآن مجید میں فرمایا مسلمانوں کا قبلہ اول اس عظیم اور مقدس جگہ پر وہ مقام بھی ہے جہاں آپؐ نے براق کو ٹھہرایا اور دو رکعت نماز ادا کی۔ تمام انبیاء کرام کی امامت کروائی جہاں سے اسرار معراج کی رات آپؐ کے قدمین مبارک لگے۔ یہ وہی مسجد اقصیٰ ہے کہ مسجد الحرام کے بعد دوسری سجدہ گاہ بنی۔ پیغمبروں کی اس سرزمین سے مسلمانوں کی عظیم یادیں وابستہ ہیں۔ یاد رہے کہ پیغمبر کرام کے قاتل یہودی آج بھی اس سرزمین پر ظلم و بربریت کی داستانیں رقم کر رہے ہیں اس سرزمین کل رقبہ تقریباً لمبائی 450 کلومیٹر اور چوڑائی 10 سے 120 کلومیٹر اس کے گرد و پیش تقریباً تمام عرب ممالک ہیں کل آبادی تقریباً 80 لاکھ ہے جبکہ صرف مصر کی فوجی قوت اس کی کل آبادی سے کئی گنا زیادہ ہے۔ اسرائیل کے گرد موجود اسلامی ممالک کی فوجی افرادی قوت اسرائیل کی کل آبادی سے کہیں زیادہ ہے۔

یہود و نصاریٰ نے سازش کے ذریعے بیت المقدس کو اسرائیل کا دارالحکومت بنانے کا اعلان کیا۔ **امریکی صدر ٹرمپ کے اس اعلان کے بعد دُنیا عالم اسلام میں ہلچل مچ گئی کیونکہ ٹرمپ کا یہ اشارہ گریٹ اسرائیل** بنانے کی جانب دوسرا قدم ہے۔ خلافت عثمانیہ کے خاتمہ کے بعد دُنیا بھر سے یہودیوں کا سرزمین فلسطین پر آکر ناجائز قبضہ کرنا 5 جنگوں کے بعد اردگرد کے عرب علاقوں پر بھی قبضہ کرتے رہنا ان کی منزل اور حد کا اندازہ اس بات سے لگایا جاتا ہے کہ اسرائیل کی پارلیمنٹ پر لگے نقشہ میں اسرائیل کی سرحدیں دریائے نیل سے فرات تک پھیلی ہوئی ہیں۔ اسرائیلی وزیراعظم ڈیوڈ گوریان نے 1950ء میں کہا تھا "سلیمانؑ کے زمانے کی سلطنت قائم کرنے کیلئے ہمیں اپنی جنگ ہر حال میں اور آخری وقت تک جاری رکھنا ہوگی"

13 مارچ 1952ء کو لیبر پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر حاری القمان نے مستقبل کے منصوبوں کو بے نقاب کیا اور فرمایا کہ **"عظیم تر اسرائیل عراق سے نہر سوئس تک پھیلا ہوا ہے۔** ہمیں خارجہ پالیسی میں یہ بات پورے زور و شور سے اس بات پر غور کرنا ہوگا کہ اسرائیل کی ساری زمین کو خالی کروانا ہے اس تمام زمین سے مراد دریائے نیل سے فرات تک کا پھیلا ہوا علاقہ شامل ہے جو کہ مصر، اردن، شام، لبنان، عراق، ترقی کا جنوبی اور مدینۃ النبوی تک حجاز (سعودی عرب) کے پورے علاقہ کو محیط کئے ہوئے ہے"

اسی پس منظر میں اسرائیل کے وزیر اعظم نے کہا تھا اگرچہ یہودی ریاست کے متعلق قیام کا ایک خواب پورا ہو چکا ہے لیکن یہ ہماری منزل نہیں بلکہ منزل کے حصول تک کا ایک ذریعہ ہے۔ ہم نے صرف ابتداء کی ہے ہم نے تمام یہودیوں کو اسرائیل لانا ہے ہم یہودی والدین سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ اپنے بچوں کو اسرائیل بھیجیں گے اگر انہوں نے مزاحمت کی تو ہم چھین لیں گے۔

ایک عددی امکانی تجزیہ

مکافات عمل

ریسرچ:۔غلام اکبر رنگیچو (کراچی)

محترم ساتھیو! اللہ آپ پر اپنی رحمتوں کا سایہ ہمیشہ قائم ودائم رکھے نیا سال آپ کے لئے ہزاروں لاکھوں خوشیاں لے کر آئے۔آج 15 اکتوبر 2017ء دوپہر 12 بجکر 01 منٹ سے شروع ہونے والا نیا عددی سال گزشتہ 2016ء اور 2017ء سے نسبتاً زیادہ موثر اور سازگار اور یادگار ثابت ہوگا۔ملکی ترقی اور استحکام بالخصوص ''رُکا ہوا یا لوٹا ہوا پیسہ'' بھرپور کوشش کرنے پر وصول ہونے کی اُمید ہے۔کافی بہتر فیصلے کئے جائینگے۔نئے معاہدے عمل میں آئینگے۔اللہ نے چاہا تو سال 2018ء پاکستان کا نام دُنیا میں روشن ہوگا۔

اگرچہ نئے عام انتخابات کیلئے بھی یہ مناسب وقت ہے۔تاہم ''2016,2017'' کے زبردست اثرات بتدریج ہی زائل ہونگے۔واضح رہے کہ 1971ء اور 1972ء کے عددی اثرات بھی یہی تھے۔اُس دوران کیا گھناؤنی سازشیں ہوتی رہیں اکثریت کو مکمل علم ہے۔اس حساب سے عام انتخابات کے ہونے یا نہ ہونے میں ایک تذبذب والی کیفیت رہے گی۔

پیارے صاحبان فکر و نظر !یہ واضح رہے کہ ''2019'' بھی (ابتدائی عددی اثرات 15 نومبر 2018 دوپہر 12 بجکر 01 منٹ سے) وطن عزیز ''پاکستان'' سے عدم مطابقت رکھنے کے باعث کسی بھی طرح کی ہلچل ملک اور عوام کیلئے سودمند ثابت نہ ہوگی اور یوں نئے عام انتخابات پہلے سے زیادہ نت نئے مصائب جنم لینے کا باعث بنیں گے۔2020ء ماشاءاللہ زیادہ موثر رہیگا۔

بھارتی جنگی جنون اگرچہ بھارت اس سال بھی اپنی روائتی شرارتوں سے باز نہیں آئیگا تاہم 2019ء کے دوران بہت زیادہ (اللہ نہ کرے) جنگی جنون میں مبتلا ہوکر جنگ مسلط کرسکتا ہے۔اللہ کریم عزوجل ملک اور عوام کی حفاظت فرمائے۔آمین ثم آمین

نا اہل شریف خاندان .....؟دوستو!2017ء خود اپنے ہی عددی دور میں میاں محمد نواز شریف ماضی میں کی گئی بے پناہ کرپشن ثابت ہونے کے پاداش میں سپریم کورٹ سے نااہل ہوکر تاحیات سیاست سے ناک آؤٹ (دائمی زوال پذیر) ہوچکے،دوسری جانب تحریک انصاف کے عمران خان بچ گئے ملکی کابکرا اپنی پارٹی کے سیکرٹری جہانگیر ترین کو بنا گئے۔اب 2018ء میں مکمل طور پر ناخوشگوار یادوں سے یاد کئے جائینگے۔

پھر میاں محمد نواز شریف صاحب کو حقیقت کا ادراک ہوشاید.....؟

2018ء اور آنے والا فیصلہ کُن عددی وقت 8.9.10.17.18

میاں محمد نواز شریف صاحب کیلئے اہلیہ کلثوم نواز کی صحت اور بچوں کے تاریک مستقبل کے لحاظ سے انتہائی صدمات سے بھرپور ہونگے۔ 6.27.28

''فیصلہ کُن مکافات عمل کی زد میں آنے والی اہم شخصیات''؟

اسحق ڈار معہ فیملی، رانا ثناء اللہ، رانا مشہود، خواجہ سعد رفیق، چوہدری نثار علی خان، دانیال عزیز، حامد علی خان، مفتی عبدالقوی، مریم اورنگ، زیب مائزہ حمید، نئے چیرمین نیب جسٹس **جاوید اقبال** صاحب کو بھی اپنی اصل کارکردگی دکھانے میں بھی دشواریوں کا سامنا ہوگا تاہم بظاہر کوشش بھرپور کریں گے۔چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی **بلاول بھٹو زرداری** کیلئے بھی نسبتاً زیادہ ماحول آسان نہ ہوگا۔ان کی پھوپھی **فریال تالپور صاحبہ** کو بھی محتاط رہنا ہوگا۔حالات سازگار نہ ہونگے۔

بھارتی جاسوس کلبھوشن یادیو اور عزیز جان بلوچ، حماد صدیقی بھی مکافات عمل کی زد میں آرہے ہیں۔

شہزادی مریم صفدر اور ولی عہد حمزہ شہباز شریف کا سیاسی مستقبل زیادہ روشن نہیں سیاسی عزائم میں شدید دشواریاں ہیں۔

حرف راز عوامی عدالت شریف فیملی اور ان کے درباریوں کو بھرپور انتخابی شکست کیلئے بے قرار ہے اور 15 نومبر 2017ء تا 20 جنوری 2018ء یہ وقت سیاسی اور آئینی بحران کا ہوگا۔اعلیٰ عدالتوں اور فوج کا کردار انتہائی اہم ہوگا ذمہ داریاں بڑھ جائینگی۔ واللہ اعلم بالصواب

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

شمس تسدیس مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
سوموار	08	08:52 تا 09:43	14:49 تا 15:40	جنوب مشرق	19:43 تا 20:51	جنوب مغرب

مفت کی دولت

(مقصدعمل) یہ ایسا وقت ہے کہ جس میں لکی نمبرز پرائز بانڈ، کمیٹی یا اسی طرح کے دوسرے انعامی چانس کی سکیموں میں مفت کی دولت مل سکتی ہے ستاروں کی اس نظر کے تحت غربت اور افلاس چند ہی دنوں میں ختم ہو جاتا ہے شرط ہے کہ آپ کی طرف سے عمل میں کوئی غلطی یا کوتاہی نہ ہو۔ضروری ہی نہیں ہے اس عمل کی برکت سے آپ کا انعامی چانس نکلے بلکہ اللہ کی طرف سے کئی اور رستے بھی رزق کو فراغ کرنے کیلئے مل جاتے ہیں۔

نوٹ) یہ طاقت انتہائی کمزور ہوگی کیونکہ اس دوران شمس حضیض کے درجہ سے گزر رہا ہوگا۔لوح کی تیاری سے قبل صدقہ ضرور دیں بہتر ہے کہ اس وقت میں ذیل کا عمل نہ کیا جائے۔

(عمل)1 تسبیح استغفار+21 بار درود شریف+21 سورہ مزمل+21 بار درود شریف پڑھیں بعد میں ایک سفید کاغذ پر اسمائے الٰہی ''**یا مغنی یا زکی**''''**یا مغنی یا لطیف**'' 7 بار لکھیں اس کاغذ کو نقش کی صورت میں لپیٹ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں ہر روز 21 بار سورہ مزمل اول آخر درود شریف 21 بار بعد نماز فجر پڑھ کر اس باندھے ہوئے نقش پر پھونک دیں جو لوگ سورہ مزمل نہ پڑھ سکیں وہ مذکورہ اسم الٰہی کا ورد عمل کے وقت 117 بار کریں۔

زہرہ تسدیس مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
سوموار	8	08:52 تا 09:43	14:49 تا 15:40	جنوب مشرق	17:22 تا 18:34	جنوب مغرب

حب وتسخیر محبوب

(مقصدعمل) یہ نظر حُب وتسخیر محبوب سے ملاقات، محبوب کو پیغام بھیجنا، مال ودولت کے حصول جیسے کاموں کیلئے موثر مانی جائیگی۔

نوٹ) بیشتر قارئین نے انعامی بانڈ میں اول انعام کے حصول کیلئے عمل کی درخواست کی یہی وہ وقت ہے کہ جب آپ انعامی بانڈ میں درجہ اول کے انعامی نمبر کے حصول کیلئے کوشش کر سکتے ہیں انشاءاللہ اگر نیت خالص رہی تو انعام دور نہ ہوگا۔

(عمل) جو لوگ تسخیر دولت چاہتے ہیں انہیں چاہیے کہ دیئے گئے جدل پہلی ساعت میں زرد رنگ کا ایک بڑا ریشمی کپڑا لیں اس کپڑے پر تمام پرائز بانڈ پھیلا کر رکھ دیئے جائیں اور حصول انعام کی آیت **یغنھم اللہ من فضلہ** (سورۃ النور آیت نمبر 33) کا ورد لاتعداد کریں جیسے ہی ساعت ختم ہونے لگے۔باری تعالیٰ سے اپنے مقصد کی دعا کریں اول روز سے ہی حصول انعام کی نیت رکھ کر آغاز کریں۔

نقش بنانے کیلئے آیت مبارکہ کے اعداد مجموعہ میں اپنے نام کے اعداد کا اضافہ کردیں۔اس کے علاوہ اسم الٰہی **یا منعم** کے اعداد بھی شامل کر دیں۔نقش کے اوپری جانب **یاصوفیائیل** اور نیچے **السید شمھورش** کندہ کریں۔نقش آبی چال مربع چاندی پر بنایا جائے دوسری جانب طلسم زہرہ اور مشتری کندہ ہوں جس میں مال ودولت کی حصول کا تقاضا کیا گیا ہو ایسی خاص اور جاندار لوح تیار ہوگی کہ اس کے اول اثر سے حصول انعام ممکن ہوگا اور دوسرا اس لوح کا فائدہ یہ ہوگا کہ مال ودولت کا حصول بہت آسان ہو جاتا ہے جب تک لوح رہیگی۔مثال سے بات سمجھانے کی کوشش کرتا ہوں۔مثلاً

نام سائل:۔ محمد علی 202

اعداد آیت:۔ **یغنھم اللہ من فضلہ** 2186

اسم الٰہی:۔ **یا منعم** 211

میزان 2599

شمس تسدیس مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
منگل	09	07:11 تا 08:54	13:13 تا 14:56	جنوب مغرب	19:48 تا 20:04	مغرب

غلبہ دشمن، تسخیر افسران بالا

(مقصدعمل) سیاروں کی اس نظر کے تحت غلبہ دشمن، تسخیر افسران بالا، تسخیر

نوٹ:۔قارئین تحفہ روحانیات اعمال شر اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ **ادارہ روحانیات**

امراء سخت دل اور دولت مند لوگوں کو مسخر کرنے کیلئے عمل کیا جا سکتا ہے۔

نوٹ) یہ طاقت انتہائی کمزور ہوگی کیونکہ اس دوران شمس حضیض کے درجہ سے گزر رہا ہوگا۔ لوح کی تیاری سے قبل صدقہ ضرور دیں بہتر ہے کہ اس وقت میں ذیل کا عمل نہ کیا جائے۔

(عمل) درج بالا وقت میں گولڈن کاغذ پر طلسم شمس کندہ کریں اور اس طلسم کے بالکل نیچے **یا ودود یا اللہ یا ودود یا غنی یا ودود یا مغنی یا ودود یا باسط** تحریر کریں جس شخص کو مسخر کرنا ہو درج بالا اسم الہیہ اس وقت میں بیٹھ کر 1100 بار ورد کریں اور اس طلسم پر دم کر دیں نیچے اپنا مقصد بھی تحریر کریں۔ اس کاغذ کو اس طرح سے تہہ کریں کہ اسم الہیہ اور مقصد تحریر بالکل طلسم اوپر ہو یعنی دونوں تحریریں آپس میں مل جائیں۔ ایسے 4 نقش تیار کریں ان میں سے ایک نقش مطلوبہ شخص کی راہ گزر، مکان، دفتر یا دوکان میں رکھ دیں۔ دوسرا نقش پھل دار درخت سے باندھ دیں اور تیسرا نقش گڑ شکر یا چینی یا شہد میں رکھیں چوتھا نقش اپنے پاس رکھیں۔ روزانہ درج بالا اسم الہیہ کو 200 بار ورد میں رکھیں انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی مطلوبہ مقصد پورا ہوگا۔ غلبہ دشمن کیلئے یا قوی یا قابض کا اضافہ کر کے تحریر ورد کریں۔

جو لوگ نقش بنانے کے فن سے واقف ہوں 2318 عدد میں نام سائل مع مقصد مع نام مطلوب کے عدد قمری کا اضافہ کریں اور جو لوگ غلبہ دشمن چاہتے ہوں وہ مزید 1018 عدد کا اضافہ کریں گے۔ نقش چال آتشی مربع سے پُر ہوگا۔

زہرہ قران شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
منگل	09	08:03 تا 09:46	14:04 تا 15:48	جنوب مغرب	20:56 تا 23:34	مغرب

بندش تسخیر دولت

(مقصد عمل) اس نظر کے تحت کسی دولت مند شخص کی تسخیر باندھنے کیلئے یا جائز ملنے والوں کی جدائی کیلئے یا مسلط امراض دل و جگر کیلئے یہ عمل کئے جا سکتے ہیں۔ بوقت نظر شمس اپنے حضیض کے درجات سے گزر رہا ہوگا جو اس نحس قوت میں مزید اضافہ کا سبب بنے گا۔ عمل شر کرنے سے قبل استخارہ لازمی کریں اگر ذیل کے عمل کو ناجائز استعمال کیا تو سخت رجعت کا خطرہ ہے۔

(عمل) تانبہ کی تختی پر **یا مذل یا منتقیم یا جبار یا قھار** کے عدد شمسی برآمد کریں۔ ایسے ہی دشمن کے نام کے عدد شمسی بھی حاصل کریں۔ جس مقصد کیلئے نقش بنانا ہو اس مقصد کے عدد شمسی بھی برآمد کر کے ان میں قانون کے عدد 900 کا اضافہ کریں۔ کل مجموعہ اعداد کو مربع آتشی معکوس سے پُر کریں۔ سرخ کپڑے میں لپیٹ کر ریت سے بھرے ڈبہ کے درمیان رکھ کر آگ پر رکھ دیں یا تندور میں دفن کر دیں۔ انشاءاللہ مطلوبہ مقصد جلد حاصل ہوگا۔ ایک بار پھر تنبیہ کئے دیتا ہوں کہ درج بالا عمل معمولی رنجش کی بناء پر ہرگز استعمال نہ کریں۔ استخارہ کر کے عمل شروع کریں۔

زہرہ تسدیس مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
بدھ	10	10:38 تا 11:29	12:21 تا 12:13	مغرب	00:21 تا 01:29	جنوب

چرب زبان بیوی

(مقصد عمل) مرد و عورت میں صلح کرانے کے لیے یا ایسے پریشان افراد جو کہ اپنی بیوی کے ہاتھوں تنگ ہوں کہ وہ چرب زبان اور نافرمان ہو یا ایسی خواتین کہ جن کے شوہر عیاش طبعیت اور زیادہ غصہ والے ہوں آج اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) **یا رحمن یا رحیم یا کریم یا ولی** کا ورد سوا پاؤ مکھن کی ڈلی پر 721 بار کریں اول آخر درود شریف 21 بار پڑھیں۔ بعد ورد اس مکھن کو کسی بھی طرح اُس شخص کو کھلا دیں جس سے اپنا مقصد حاصل کرنا چاہتے ہوں، اس عمل کی برکت سے وہ شخص مکمل طور پر صاحب عمل کے لیے مسخر ہو جائے گا۔

عطارد قران زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
ہفتہ	13	07:11 تا 08:03	11:32 تا 12:24	شمال مشرق	17:37 تا 18:45	شمال

دشمن نیست نابود ہو جائے

(**مقصد عمل**) سیارگان کا یہ قران بھی نہایت اہمیت کا حامل ہے اس وقت میں نحس اعمال انجام دیئے جا سکتے ہیں۔ خاص طور سے بزرگ خواتین سے وراثتی جائیداد کا حصول، اس کے علاوہ دشمن پر کسی بھی قسم کی بیماری کا مسلط کرنا شامل ہے۔ لیکن قارئین سے عرض کرونگا کہ تخریبی اعمال سے گریز کریں اور تعمیری اعمال کی جانب متوجہ رہیں۔ ایک خاص عمل ایسے لوگوں کیلئے پیش کر رہا ہوں جن کے مخالفین کی تعداد زیادہ ہو اور وہ صاحب عمل کو بلاوجہ تنگ کرتے ہوں۔

(**عمل**) کالے ماش کی دال سے قبل از وقت ایک پتلہ قبرستان کے پانی سے گوندھ کر بنائیں بہتر ہے کہ اس پتلہ کو قبرستان میں ہی خشک کریں۔ عمل کے دوران سورۃ العصر لاتعداد پڑھتے جائیں کس طریقہ سے پڑھنی ہے اس

درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں دیگر شہروں کا فرق وقت جمع نفی کر لیا جائے (ادارہ)

بارے میں کئی بار بتا چکا ہوں عین بوقت عمل اس پتلہ کو قبرستان سے چنی ہوئی لکڑیاں جمع کر کے آگ دہکائی جائے اور ساعت عمل میں اس پتلہ کو آگ میں ڈال دیا جائے۔ ادرک لیموں اور پیاز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنے کے بعد اس آگ میں سورۃ العصر پڑھتے ہوئے ڈالتے جائیں جب تک ساعت ختم نہ ہو ورد جاری رکھیں بعد اختتام عمل نمکین شے پر 8 بار سورۃ الھب پڑھیں دونوں ہاتھ اُٹھا کر دعا کریں کہ اے باری تعالیٰ میرے دشمنوں کو میرے لئے مقہور فرما دے میرے دشمنوں پر مجھے غالب کر دے تجھے تیرے پاک کلام کا واسطہ مجھے میرے مخالفین پر غلبہ عطا فرما اگر میں نے یہ عمل ناحق کیا تو مجھے اس عمل کی رجعت سے بچا اور اگر میں درست رستہ پر ہوں تو اس عمل کا اثر فوری ظاہر فرما دے۔

عطارد تسدیس مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
جمعرات	25	07:09 تا 08:02	13:19 تا 14:12	مغرب	00:26 تا 01:32	جنوب

حل المشکلات

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر کے تحت ایسے افراد جو کہ مختلف مصائب اور مشکلات میں مبتلا ہوں کسی بھی طرح سے ان سے نکلنے کے کوئی ترکیب نظر نہ آتی ہو تو سیاروں کی اس نظر میں عمل کر سکتے ہیں

(عمل) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم 313 بار پڑھیں اول آخر درود شریف 11 بار پڑھیں سنہرے کاغذ پر اس آیت کو 113 بار تحریر کریں نیچے اپنا مقصد اس طرح لکھیں کہ اے پروردگار عالم تجھ سے بڑا حفاظت کرنے والا کوئی نہیں اور تجھ سے بڑا مصیبت اور پریشانی سے چھٹکارہ دلوانے والا کوئی نہیں ہم نبی کریمؐ اور اس آیت مبارکہ کا واسطہ دیتے ہیں کہ ہمیں پریشانی و مصیبت سے بچائے رکھ اس لکھے ہوئے نقش کو تعویز میں لپیٹ کر سیدھے بازو میں باندھ لیں بعد نماز فجر 113 بار آیت مذکورہ کا ورد پڑھیں نقش بنانے کیلئے ذولکتابت طریقے سے مربع چاروں عناصر کی چالوں سے پر کریں اور انہیں اپنے اپنے مقصد میں استعمال کریں مندرجہ بالا طریقہ سے بھی ورد جاری رکھیں۔

نوٹ:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر رابطہ کے خواہشمند حضرات، صبح 10 تا دوپہر 01 بجے اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں۔ علاوہ اتوار بصورت دیگر اوقات میں فون پر Text یا وٹس ایپ میسج کر سکتے ہیں 92300-6351192

حضیض شمس

سیارہ شمس کو برج دلو کے 19 درجہ پر حضیض ہوتا ہے جو کہ نحس درجہ ہے جہاں پر شمس اپنی سعد قوتیں کھو دیتا ہے یعنی اس سے ملنے والے پھل مثلاً عزت دولت شہرت سب کچھ نحس ہو جاتے ہیں۔ اسی برج کے مقابل سرطان میں جب شمس داخل ہوتا ہے تو اسے بھرپور قوت حاصل ہو جاتی ہے اس قوت کو اوج کہا جاتا ہے۔ ماہ رواں میں شمس حالت نحس یعنی درجہ حضیض سے گزر رہا ہے مندرجہ ذیل تواریخ میں سیارہ شمس درجہ ہبوط سے گزرتے ہوئے خاص طور پر دلوی، جوزا اور قوسی افراد کیلئے پریشان کن ثابت ہو سکتا ہے۔

۔اس سال حضیض شمس 09 جنوری بروز منگل 07 بجکر 08 منٹ تا 10 جنوری بروز بدھ صبح 06 بجکر 41 منٹ پر ہوگا۔ اس دوران دشمن کے مال وزر کی بربادی کسی کو مرتبہ سے گرانے کیلئے، ظالم کو سزا دینے کیلئے، یا ظالم حکمران یا دشمنوں کو نیست و نابود کرنے کیلئے اس خاص وقت میں خاص اعمال کئے جاتے ہیں۔

نوٹ) حضیض شمس کے دوران زہرہ مشتری قران کی نظر بھی ہوگی جس کی ابتداء 05 اور انتہا 13 جنوری ہے حضیض شمس کے دوران یہ نحس نظر مزید طاقتور ہو جائیگی۔ جبکہ دوسری نحس نظر شمس تسدیس مشتری بھی اسی عرصہ میں قائم ہو رہی ہے لیکن شمسی نحس درجہ اس نظر کو بھی نحس کر دیگا تیسری نحس نظر شمس تسدیس مریخ 7 تا 12 جنوری قائم ہو رہی ہے جو کہ اس قوت کو بھی نحس کر دیگی لہذا زہرہ مشتری قران، شمس تسدیس مشتری اور شمس تسدیس مریخ کی تمام اہم نظرات نحس ہو جائینگی۔

پہلی ساعت 09 جنوری 08:03 تا 08:54 جنوب مغرب
دوسری ساعت 09 جنوری 14:04 تا 14:56 جنوب مغرب
تیسری ساعت 09 جنوری 20:55 تا 22:04 مغرب
چوتھی ساعت 10 جنوری 04:54 تا 06:03 مغرب

چاند گرہن 31 جنوری

مکمل چاند گرہن 31 جنوری بروز بدھ کو ہوگا۔ جبکہ چاند گرہن کا آغاز 15 بجکر 51 منٹ پر ہو کر مکمل 18 بجکر 29 منٹ پر ہوتا ہوا 21 بجکر 08 منٹ پر ختم ہوگا۔ اس مکمل قمری گرہن کی کل مدت 5 گھنٹہ 17 منٹ ہوگی۔ یہ قمری گرہن برج اسد میں 22.9 درجہ پر ہو رہا ہے۔ یہ چاند گرہن کراچی میں مکمل طور پر نظر آئیگا جبکہ اسلام آباد میں بھی دیکھا جا سکے گا اور شمالی مشرقی یورپ اور ایشیاء کے کچھ حصے، شمالی مشرقی افریقہ، شمالی امریکہ، شمالی مغربی جنوبی امریکہ، اٹلانٹک، بحر ہند، انٹارٹیکا، انڈونیشیاء، سنگاپور، جاپان، چین، برما، بنگلہ دیش اور پاکستان میں دیکھا جا سکے گا۔

لوح اسم اعظم 2018ء

تحریر
محمد ایاز مزمل حسین شاہ

علم اعداد ایک بہت وسیع علم ہے اعداد کی سائنس کے بارے میں وہی شخص جان سکتا ہے جسکو اس کا کچھ علم ہو ورنہ عام آدمی اس سے باخبر ہونے کی وجہ سے مختلف اعتراضات کرتا ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ شخص علم الاعداد کی قوت اور اُسکے فلسفہ سے بالکل ناواقف ہے جبکہ قرآن پاک میں سورۃ جن آخری آیت میں فرمادیا گیا ہے کہ ترجمہ

"اللہ نے ہر شے کو اعداد کا پابند کیا ھے"

جب قرآن اس بات کی گواہی دیتا ہے دیگر بحث مباحثہ شکوک و شبہات اور وہمات کا خاتمہ ہوجاتا ہے اب جو شخص قرآن کی آیتوں کا انکاری ہو۔ وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ اعداد کی قوت اور انکی طاقت اور حروف ابجد سے اسکا امتزاج خاص اثرات پیدا کرتا ہے۔ اسلام لازوال مذہب ہے تا قیامت اسکے ماننے والے اللہ کے حکم سے قائم ودائم رہینگے کیونکہ **یَا حیی یَا قیوم** اُس ذات کی صفت ہے یعنی کہ وہ ذات **یَا حیی** (زندہ رہنے والی) **یَا قیوم** (قائم رہنے والی) ہم یہاں پر اعداد کی قوت اور حروف ابجد سے اُس کے امتزاج کی بات کر رہے ہیں باہمی اشتراک سے موکلات جنات العمل ملائکہ جنم لیتی ہیں۔ ہر عدد اور حروف کی قوت پر روحانیت کی ایک بہت بڑی جماعت اللہ کی قدرت سے عبادت وریاضت اور احکام الہیٰ کو بجالانے کیلئے سرگرم عمل ہے۔

جس طرح ہر عدد کے مطابق ایک حرف موجود ہے یا یوں کہہ لیں کہ ہر حرف کے زیر اثر عدد موجود ہوتا ہے۔ باری تعالیٰ کے اسمائے الحسنیٰ میں سے چند اسماء اسم اعظم کا درجہ رکھتے ہیں۔ یعنی اللہ کے بڑے بڑے نام

حروف ابجدی کی ترتیب اور قوت کے لحاظ سے ایک شخص کے نام کے عدد برآمد کئے جاتے ہیں۔ اسی ترتیب پر غور کرتے ہوئے ان اعداد کے ہم عدد اسمائے باری تعالیٰ لئے جاتے ہیں مثلاً ایک شخص کا نام محمد علی ہے۔

جس کے اعداد قمری ابجدی 202 برآمد ہوتے ہیں ان اعداد کی قوت کے برابر اسم اعظم یا رب ملا یعنی محمد علی نام کا شخص اپنے مسائل مشکلات پریشانی دور کرنے کیلئے اور طلب حاجات کیلئے جب بھی یارب کا ورد کریگا تو اللہ تعالیٰ بہت جلد اُسکو آفات، مصیبت وبلیات سے نجات دے دیگا اور اُسکی حاجت پوری ہوگی۔ یہ اسم اعظم ایک فرد کیلئے ہے اسی طرح سے ہر شخص کے نام کا اسم اعظم مختلف برآمد ہوتا ہے۔

اگر ہم مکمل سال کے اعداد برآمد کریں تو اسکا جو اسم اعظم برآمد ہوگا اُس سال میں کوئی بھی شخص چاہے وہ دُنیا کہ کسی خطہ میں رہتا ہو چاہے اُسکا نام کوئی بھی ہو جب بھی سال کے اعداد سے برآمد کردہ اسم اعظم کا ورد کریگا اُسکی مشکلات پریشانیاں، مصیبتیں اُس سے دور ہوجائینگی۔

چونکہ ان اعداد سے برآمد ہونے والے ملائکہ موکلات جنات علوی سماوی وسفلی اُس مکمل سال اللہ کی جانب سے تمام دینی، دنیاوی اور روحانی امور پر کارفرما ہوتے ہیں۔ اسی طرح ان اعداد کے معکوس برآمد کردہ موکلات وملائکہ جنات العمل منفی رجحانات پر کارفرما ہوتے ہیں۔

سال عیسوی 2018ء کے اعدد پر غور کریں تو ہمیں دو طرح سے اعداد برآمد ہوتے ہیں۔ یعنی پہلے برآمد کردہ اعداد 20 جنکا اسم اعظم **یَا وَدُودُ** بنتا ہے جبکہ 18 عدد کا اسم اعظم یا حیی بنتا ہے لہذا دونوں اسمائے حسنیٰ کا ورد کرنے سے ہر مشکل پریشانی کا خاتمہ ہوتا ہے لیکن بعض دوست اور احباب نے اس جانب توجہ دلوائی کہ ہم نے اپنے نام کا اسم اعظم کئی ہزار یا لاکھ بار پڑھا ہمیں اسکے اثرات ظاہر نہ ہوئے ایسا کیوں ہوا؟

دراصل ہم اپنی غلطی اور کوتاہیوں پر توجہ نہیں دیتے اثرات کیوں ظاہر نہ ہوئے اُس طرف دیکھتے ہیں اعداد کی قوت اپنی جگہ اسمائے حسنیٰ اور اسم اعظم کی روحانی طاقت سے کوئی مسلمان انکاری نہیں اب مسئلہ یہ ہے کہ اثرات ظاہر کیوں نہ ہوئے اپنی طبیعت اعداد مزاج کردار پر غور کرنا ضروری ہے۔ چونکہ اللہ پاک کے اسمائے حسنیٰ پر کسی صورت میں بھی وہمی شک وشبہ بھی نہیں کیا جاسکتا اگر کسی وجہ سے ہمیں قرآنی آیت یا اسمائے الحسنیٰ کی روحانی قوت محسوس نہیں ہوتی تو یقیناً اپنے اعمال کی درستگی کی طرف توجہ دینی چاہیے۔ یہی وجہ ہے کہ جب بھی آج کے دور میں اسمائے مبارکہ کو لاکھوں کی تعداد میں ورد کیا گیا ہے تو اسکے اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ یہ ہماری خوش قسمتی ہے لیکن چند ہزار بار ورد کرنے کے باوجود بھی اگر اسکے اثرات ظاہر نہیں ہوتے تو یقیناً یہ ہماری بداعمالی کا نتیجہ ہے اب ہمیں اپنے اعمال درست کرنے کی جانب توجہ دینی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے الحسنیٰ اور سال کے مطابقت نتیجہ میں جو اسمائے الحسنیٰ کچھ تحقیق کے بعد برآمد ہوئے قارئین تحفہ روحانیات کی پیش خدمت ہیں۔

2018ء اسم اعظم پر مفصل مضمون مزمل روحانی جنتری 2018ء میں شائع کیا جاچکا ہے۔

ادارہ روحانیات

عناصر اربع یعنی تخلیق ارض وخلق آگ' ہوا' پانی' مٹی (آتشی' بادی' آبی 'خاکی) سے ہوئی اسی طرح 28 حروف 7,7 ہم مزاج عنصر میں تقسیم کئے گئے۔اسلئے ہمیں سب سے پہلے 2018ء کے اسمائے الحسنیٰ پر غور کرنا ہوگا۔

یا حفیظ یا عظیم 2018 مجموعہ عدد

(اے حفاظت کرنے والے اے بڑی شان وعظمت والے)

سال رواں میں جو شخص دشمنوں سے حفاظت چاہتا ہو اور اُسکی خواہش ہو کہ اُسکی عظمت شان عزت اور وقار میں میں اضافہ ہو۔ مذکورہ لوح 2018ء چاندی پر کندہ کروائیں۔روزانہ آب زمزم پر دم کر کے درج بالا اسم اعظم 2018 بار ورد کریں اور یہ پانی پی لیں۔

یا واحد یا حفیظ یا ضار 2018 مجموعہ عدد

(اے اکیلے اے حفاظت والے اے نقصان پہچانے کی قدرت رکھنے والے)

سال رواں میں دشمنوں سے حفاظت اور اُنکے نقصان سے بچنے کیلئے درج بالا اسم اعظم کو 2018 بار روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کریں بروز بدھ تانبہ پر لوح 2018ء کندہ کریں۔صدقہ پانچ اناج کا دیں اور اس لوح کو گلے میں ڈال لیں ان شاءاللہ تاحیات دشمنوں کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

یا اول یا متین یا خافض 2018 مجموعہ عدد

(اے سب سے پہلے' اے شدید قوت والا' اے پست کرنے والا)

سال رواں میں مقدمہ بازی سے نجات اور پنچایتی فیصلہ میں اپنا رُعب اور دبدبہ برقرار رکھنے کیلئے۔شرف عطارد کے وقت یا کسی بھی بدھ عروج قمری ماہ عقیق سیاہ پر درج بالا اسم اعظم کندہ کریں اور روزانہ 2018 بار روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کریں۔

یا والی یا ممیت یا خافض 2018 مجموعہ عدد

(اے حمایتی' اے موت دینے والے' اے پست کرنے والے)

سال رواں میں طلب حاجات اور مشکلات سے نجات کیلئے دشمنوں پر فتح یابی حاصل کرنے کیلئے اور دشمن کو ذلیل وخوار کرنے کی نیت سے پانچ دھاتوں کی مختی بنوا کر لوح 2018ء کندہ کی جائے سعد ساعت میں سیدھے بازو پر باندھی جائے ان شاءاللہ تاحیات طلب حاجت کی جب بھی دعا کریں گے قبول ہوگی مشکلات سے نجات ملے گی لوح حاصل کرنے کے بعد درج بالا اسم اعظم کو 2018 بار روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کریں۔

یا ماجد یافتاح یا خافض 2018 مجموعہ عدد

(اے بزرگی والے' اے فتح دینے والے' پست کرنے والے)

سال رواں میں روحانیت میں ترقی' وظائف میں کامیابی' بندشیں کھولنے چاہے کاروبار نکاح یا صحت کی بندش کھولنی ہو تو چاندی کی مختی پر بوقت شرف قمر لوح 2018ء کندہ کریں۔قبل وظیفہ ورد اس لوح کو آب زمزم میں ڈال دیں مگر چاندی کا پیالہ ہونا چاہیے بعد اختتام وظیفہ اس پانی پر دم کر کے پی لیں اور چہرہ پر لگائیں ان شاءاللہ مذکورہ مقاصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔درج بالا اسم اعظم کو 2018 بار روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کریں۔

یا غنی یامجیب یا قابض 2018 مجموعہ عدد

(اے بے نیاز' اے دعا قبول کرنے والا' اے قابو کرنے والا)

سال رواں میں رزق روزی میں وسعت اور اپنی دعاؤں کی قبولیت کیلئے دشمنوں جادوگروں سے نجات پانے کیلئے خاص ساعت میں تانبہ پر مرد حضرات اور خواتین سونے پر لوح 2018ء کندہ کروائیں مذکورہ اسم اعظم کا ورد خاص تعداد میں رکھیں لوح کو پاس رکھنے اور ورد کی برکت سے مقصد پورا ہوگا۔درج بالا اسم اعظم کو 2018 بار روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کریں۔

یاالله یا ظاهر یا موخر 2018 مجموعہ عدد

(اے اللہ' اے ظاہر ہونے والے' سب سے آخر)

وہ افراد جو کہ وظائف میں ناکامی کا گلہ کرتے ہیں شکایت ہے کہ روحانیت نہیں کھلتی یا اُن کو شکایت ہے کہ زبان میں تاثیر نہیں' دعاؤں میں اثر نہیں۔ بوقت شرف قمر یا شب قدر یا شب برات یا شب معراج میں لوح 2018ء تیار کی جائے ان مبارک ساعتوں میں تیار کردہ لوح درج بالا مقاصد حاصل کرنے کیلئے استعمال کی جاسکتی ہے بعد تیاری لوح 2018ء پر درج بالا اسم اعظم کو 2018 بار روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کریں۔

یا وکیل یا ظاهر یا موخر 2018 مجموعہ عدد

(اے بڑا کارساز' اے ظاہر ہونے والے' اے سب سے آخر)

طلب ساجت' مشکلات کے حل' پریشانیوں سے نجات کیلئے اور ہر بلا مصیبت سے فوری نجات کیلئے۔ بوقت شرف زہرہ لوح خاص 2018ء خاص دھات پر تیار کریں ورد مبارک ساعت میں مکمل کر لیں اور لوح مبارکہ کو ریشمی کپڑا میں لپیٹ کر عطر مشک سے معطر کریں۔اب اس تیار کردہ لوح کو سیدھے بازو پر باندھ لیں۔درج بالا اسم اعظم کو 2018 بار روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کریں۔

یا باسط یا مغني یا موخر 2018 مجموعہ عدد

(اے کھولنے والے' اے غنی کرنے والے' اے سب سے آخر)

روحانی وجسمانی بیماریوں سے نجات' فکر وفاقہ کو دور کرنے رزق میں برکت پانے کیلئے مفلسی اور تنگ دستی دور کرنے کیلئے درج بالا اسم اعظم روٹی پر

دم کر کے کھالیا کریں یا آٹے کی 2018 گولیاں بنا کر ہر گولی پر 11 بار اسم مذکورہ دم کریں۔ ان گولیوں کو بہتے ہوئے پانی میں ڈال آئیں وظیفہ مکمل ہوا مداومت کیلئے روزانہ 2018 بار بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کرے۔

یا جامع یا قابض یا ضار 2018 مجموعہ عدد

(اے مکمل اے قابو کرنے والے اے نقصان پہچانے کی قدرت رکھنے والے)

خود اعتمادی پیدا کرنے کیلئے روحانی و نفسیاتی امراض سے نجات اور دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے درج بالا اسم اعظم کو 2018 بار روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کرے۔

یا معز یا مغنی یا آخر 2018 مجموعہ عدد

(اے عزت دینے والے اے بے نیاز اے سب سے آخر)

حصول مال و دولت، عزت و شہرت حاصل کرنے کیلئے درج بالا اسم اعظم کا ورد کریں اس کے علاوہ مفلسی، تنگ دستی، فاقہ کشی سے مکمل نجات کیلئے درج بالا اسم اعظم کو 2018 بار روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کرے۔

یا معز یا ذوالجلال والکرام یا آخر 2018 مجموعہ عدد

(اے عزت دینے والے اے جاہ و جلال کے مالک اے سب سے آخر)

وہ خواتین جن کی سسرال میں عزت نہ ہو یا ایسے افراد جو کہ معاشرہ میں کوئی خاص درجہ نہ رکھتے ہوں ہر شخص اُس کو حقارت کی نظر سے دیکھتا ہو لوگوں کی توجہ نظر نہ ہو، معاشرہ میں حصول عزت، مرتبہ جاہ و جلال حاصل کرنے کیلئے درج بالا اسم اعظم کو 2018 بار روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کرے۔

یا مغنی یامحصی یا مذل 2018 مجموعہ عدد

(اے بے نیاز اے دائرہ شمار میں گھیرنے والے اے ذلت دینے والے)

احساس کمتری دور کرنے کیلئے بچوں میں دماغی و نفسیاتی مسائل اور پاگل پن کے خاتمہ کیلئے، جادو کے اثرات اور ان سے بچاؤ حفاظت کیلئے درج بالا اسم اعظم کو 2018 بار روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کرے۔

یا شکور یا جبار یا غفور 2018 مجموعہ عدد

(اے قدر دان اے سب سے زبردست اے معاف کرنے والے)

اپنی گناہوں کی معافی، دعاؤں کی قبولیت، طلب حاجات اور پریشانیوں و مشکلات سے نجات کیلئے درج بالا اسم اعظم کو 2018 بار روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کرے۔

یا کبیر یا متین یا غفور 2018 مجموعہ عدد

(اے سب سے بڑے اے شدید قوت والے اے معافی دینے والے)

دُنیا بھر سے ٹھکرایا ہوا شخص یا وہ انسان جو کہ سخت مایوسی اور تنہائی کا شکار ہو ایسا شخص جو کہ آدم بیزار ہو یا اپنے گناہوں کے سبب خود کو دُنیا کا بد بخت ترین سمجھتا ہو یا خوش نصیبی اُس سے بہت دور ہو درج بالا اسم اعظم کو 2018 بار روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کرے۔

یانور یا ذوالجلال والاکرام یا متبکر 2018 مجموعہ عدد

(اے نور والے اے جاہ و جلال کے مالک اے غرور والے)

روحانی درجات کی بلندی، حصول روحانیت اور نورانی بیداری پیدا کرنے کیلئے باطنی آنکھ کھولنے کیلئے اپنے مریدین کی تعداد بڑھانے کیلئے، حلقہ احباب میں رُعب اور دبدبہ حاصل کرنے کیلئے درج بالا اسم اعظم کو 2018 بار روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کرے۔

یا خالق یا روف یا ضار 2018 مجموعہ عدد

(اے پیدا کرنے والے اے نرم رویہ رکھنے والے اے نقصان پہچانے کی قدرت رکھنے والے)

بانجھ پن، بے اولادی کے خاتمہ کیلئے وہ خواتین جو کہ معاشرہ میں عزت چاہتی ہیں، شوہر کی محبوب نظر بننے کیلئے درج بالا اسم اعظم بدھ کے روز ہرن کی جھلی پر لکھ کر بالوں میں باندھ لیں زعفران سے لکھ کر آب زمزم سے دھو کر بدھ کے دن پی لیں اور درج بالا اسم اعظم کو 2018 بار روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کرے۔

یا مصور یا عظیم یا متکبر 2018 مجموعہ عدد

(اے تصویر بنانے والے اے عظمت والے اے غرور والے)

خواتین بے اولادی کے خاتمہ اور پریشانیوں سے نجات کیلئے سونے کی تختی پر بروز اتوار کندہ کروا کر اپنے گلے میں ڈالیں۔ مرد حضرات حصول عظمت جاہ و جلال کیلئے، عزت و شہرت پانے کیلئے، تسخیر خلق کیلئے اتوار کے روز تانبہ پر لکھ کر مرد اپنے گلے میں ڈالیں اور درج بالا اسم اعظم کو 2018 بار روزانہ بعد نماز فجر اول آخر درود پاک ورد کرے۔

نوٹ لوح کی تیاری سے قبل خاص اجازت لازمی لیں ورنہ لوح بنانے کا کوئی فائدہ نہ ہوگا **(ادارہ)**



چاند گرہن

تحریر:۔علامہ سبط حسن جعفری (کوئٹہ)

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے"و خسف القمر و جمع الشمس والقمر" اورفرمایا"والقمر قدرنہ منازل" آگے فرماتے ہیں "فلا اقسم بمواقع النجوم و انہ القسم لو تعلمودفن عظیم"۔

ان تینوں آیات کا ملا جلا ترجمہ یہ ہے کہ"تمہارا رب جوخود کتنا عظیم ہے لیکن سورج، چاند، ستاروں کے درمیان ہونے والے واقعات کی قسم اُٹھاتا ہے اگر تم غور وفکر کرنے والے ہوتو یہ بہت بڑی بات ہے کہ اللہ کی ذات کسی چیز کی قسم اُٹھائے۔اللہ نے چاند کی منزلیں مقرر کی ہیں جن کی تعداد اٹھائیس ہے۔14 منازل بڑھنے کی ہیں اور 14 منازل اس کے اُترنے کی ہیں۔وہ اللہ ہی ہے جس نے چاند اور سورج کو گرہن لگانے کا انتظام کیا یہ اس کی حکمت ہے کہ یہ ایک دوسرے کے آمنے سامنے آتے ہیں۔اللہ تعالیٰ کی کوئی بات اور کوئی چیز یا کوئی علامت محض ایک مذاق یا اتفاق نہیں ہے بلکہ اس کی ایک ایک تبدیلی زمین پہ کئی برسوں کی تبدیلی پیدا کر جاتی ہے۔

آپ کو یاد ہوگا چند سال قبل میں چاند گرہن برج سرطان پر لگا تھا جس کے خاص درجات کی نشاندہی پر میری یہ پیش گوئی شائع ہوئی تھی کہ اب دنیا سے پانی ختم ہوتا چلا جائے گا اور آئندہ کئی ملکوں کے درمیان جنگ کا سبب وہ جزیرے ہوں گے جو سمندروں میں ظاہر ہوں گے۔اور اس وقت سے ہی پانی کی قلت سب سے پہلے بلوچستان کے علاقہ چاغی سے شروع ہوئی جہاں مویشی مرنے لگ گئے اور غلہ بان افراد کوئٹہ کے فٹ پاتھوں پر ذبح شدہ گوشت 20 روپے کلو بیچتے رہے۔اس کے بعد تھر (سندھ) کا کیا حال ہوا کسی سے ڈھکی چھپی بات نہیں۔یہ بات بتانے کا مقصد اتنا ہے کہ گرہن اثر انداز ہوتے ہیں۔

چاند کا تعلق پانی اور دماغ پہ فوری اثر کرتا ہے، یہی وجہ ہے کہ چاند کی 14 تاریخ کو سمندر کی لہریں بپھر جاتی ہیں اور چاند کی بڑھتی تاریخوں میں سوچ بچار کی کیفیت تیز ہوتی ہے جبکہ چاند کی اُترتی ہوئی تاریخوں میں ہفتہ بھر سوچنے سے بھی کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا۔

گرہن کے اثرات مولود پہ فوری اثر کرتے ہیں ویسے بھی ولادت سے پہلے چاند کی کرنیں بچے کو ماں کے پیٹ میں سنبھالتی ہیں اور اگر کوئی حاملہ بھول کر کوئی کام گرہن کے وقت کر لے تو پیدا ہونے والے بچہ کا کوئی عضو کٹا ہوا یا بڑھا ہوا ہوتا ہے۔یہ اس کے کام کی نوعیت پر منحصر ہوتا ہے کہ وہ کچھ کاٹ رہی تھی یا کوئی چیز بنا رہی تھی۔اگر کاٹ رہی تھی تو بچہ کٹا ہوا پیدا ہوگا اور اگر کچھ بنا رہی تھی تو اس چیز کا اضافہ بچے کے ساتھ ہو جائے گا۔یہ باتیں ڈھکی چھپی باتیں نہیں، اسلام کے پھیلنے سے قبل قدیم مذاہب گرہن کو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی تصور کرتے تھے جبکہ اسلامی تعلیمات نے یہ بات باور کرائی کہ گرہن اپنا ایک خاص حکم زمین پہ اتارتے ہیں اور یہ اللہ کی ناراضگی کا سبب نہیں بلکہ زمین، چاند اور سورج کی گردش کی وجوہات ہیں۔

جس وقت گرہن ہوتا ہے اس وقت کے درجات کے مطابق 30 مختلف کام سرانجام دیئے جاسکتے ہیں۔مثلاً سفر، شادی، کاروبار، ملازمت، بیماری، بے اولادی اور بہت سی ایسی بندشیں توڑی جاسکتی ہیں جو ہر طرح کی حیل و حجت کے باوجود جان نہیں چھوڑتیں۔اسی دوران جادو کی کارکردگی کو کمزور اور بالکل ختم کیا جاسکتا ہے۔مقدمہ میں کامیابی دلائی جاسکتی ہے۔شادی کسی اچھے مال دار گھر میں کرائی جاسکتی ہے لیکن ہر ایک کام برج کی کیفیت اور طے ہونے والے درجات کے مطابق ہوتا ہے۔اب اگر کسی درجہ پہ جادو ٹوٹ رہا ہے تو وہاں شادی کا رشتہ نہیں دلا سکتے اسی طرح اگر کسی کو مقدمہ میں کامیابی دلائی جارہی ہے تو اس درجہ پہ غیر ملکی سفر نہیں کھول سکتے۔اس سلسلہ کی تفصیل آپ کو وقتاً فوقتاً آئندہ کسی گرہن میں نئے سرے سے بتاتا رہوں گا۔یہ بھی یاد رکھیں یہ عمل میرے اور ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل شاہ صاحب کے رسالہ کی بدولت آپ تک پہنچ رہے ہیں کیونکہ اس وقت بھی کراچی، لاہور کے تین ادارے اور بھی ہیں کیا معلوم ان اعمال کو جانتے ہوئے بھی عوام کے سامنے نہیں لائے گئے اگر کسی نے ہمت کی ہے تو اس مضمون کی اشاعت سے پہلے کی کوئی کتاب یا مضمون شائع شدہ دکھا دے میں اسے اپنا استاد مان لوں گا۔تحفہ روحانیات کے قارئین کی خوش قسمتی کہہ لیں کہ ایک جنونی پاگل کی طرح اپنے سینے کے راز آپ لوگوں کو اپنے خاندان کے افراد کی طرف سے تقسیم کر رہا ہوں۔عمر کا تقاضا ہے ورنہ آپ کو

ترساتر سا کرنہیں بلکہ کتابوں کی صورت میں تمام اثاثہ منتقل کر دیتا۔ دیکھیں شاید کوئی اللہ کا نیک بندہ شامل ہو جائے اور یہ قیمتی اثاثہ جو آپ لوگوں کی امانت ہے آپ حضرات تک پہنچ جائے۔

گرہن اگر 23 درجے کے بعد ہو تو اسے 24 واں درجہ ہی مانا جاتا ہے۔ آپ نے اس دوران دو کام پورے کرنے ہیں۔ پہلا تو یہ ہے کہ

(ا ح د ر س ص ط ع ل م و ہ) اگلے گرہن تک لکھتے جانا ہیں اور 543 کی تعداد پوری کرنی ہے، لکھے جانے والے حروف کسی بھی کاغذ پہ کسی بھی قلم سے لکھتے جانا ہیں، اس لکھائی کے بعد آپ کو مزید لکھنے کی ہدایات آئندہ کسی گرہن میں مزید ملیں گی، گرہن بارے مکمل معلومات آپ کو محترم شہزادہ منظور علی سموں کی کتاب **"اسرار حروف صوامت"** جو کہ ادارہ روحانیات کی جانب سے شائع کی گئی ہے اس سے مدد لے سکتے ہیں۔ اگر آپ میری ہدایات پہ عمل کرتے رہے تو ایک دن یہ دنیا اور اس کا نظام آپ کی قلم کی نوک پہ ہوگا اور آپ لوح و قلم کے واقعی مالک ہوں گے جیسا کہ علامہ اقبال نے کہا تھا

"یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں"

اور واقعی اللہ تعالیٰ کی ذات بڑی فیاضی کے ساتھ انسان پہ مہربان ہے صرف یہ ہے کہ کسی دائرہ میں آنے کی کوشش آپ خود بھی کریں۔

دوسرا عمل یہ ہے جسے آپ اگر کر سکیں تو اسے بھی کر لیں کہ گرہن لگنے کے وقت سے لے کر ختم ہونے کے وقت تک سورہ یوسف کی آیت نمبر 60 **"وا للہ غالب علی امرہ"** ۔461 مرتبہ پڑھ کر پانی پہ دم کر کے خود ہی پی لیں۔ اس آیت کے بعد کا کام اگلے چاند گرہن میں بتاؤں گا اور پھر دیکھیں کہ آپ کے الفاظ میں کیسی تاثیر پیدا ہوتی ہے کہ اگر پاکستان میں رہتے ہوئے آپ امریکہ یا کینیڈا میں رہائش پذیر کا نام لے کر اس سے کہو گے کہ مجھے تم سے یہ کام ہے پورا کرو یا فون پہ اطلاع دو تو وہ شخص آپ کو 24 گھنٹے کے اندر اندر فون پہ اطلاع دے گا جبکہ وہ آپ کی آواز یا آپ کے الفاظ کا تذکرہ نہیں کرے گا کیونکہ اس نے آپ کے الفاظ سُنے نہیں بلکہ اپنے دل پہ وصول کئے ہیں اور وہ اپنے دل کی خواہش سمجھتے ہوئے آپ کو اطلاع دے رہا ہوگا۔

اس ماہ چاند گرہن 31 جنوری 2018ء کو پاکستانی وقت کے مطابق بدھ کی 15 بج کر 51 منٹ پر لگنا شروع ہوگا۔ اور 21 بجکر 08 منٹ پر اختتام پذیر ہوگا۔ ہمت آپ نے کرنی ہے مدد اللہ کرے گا میں تو اِک بہانہ ہوں آپ کو اطلاع پہنچانے کا اور اطلاع پہنچا رہا ہوں۔

عمل استخارہ

تحریر:۔ زوار حکیم محمد ابصار حیدر (تلہ گنگ)

قابل قدر دوستو ذیل کا عمل استخارہ حکیم علامہ سید غضنفر علی عسکری آف "لکھنؤ" کو بتایا انہوں نے اس آزمایا اور سو فیصد درست پایا اس کے علاوہ یہ استخارہ عمل تسخیر اور رجوع خلق کیلئے نہایت مجرب ہے۔

نوچندی جمعرات بعد نماز مغرب بین 2 رکعت نماز نفل برائے استخارہ اور 2 رکعت نماز نفل برائے امداد اللہ تعالیٰ اور محمد (ﷺ) و آل محمد (ﷺ) ادا کریں۔ نوافل کے بعد 72 مرتبہ "یا بدیع السمٰوات والارض" پڑھیں مکمل یکسوئی اور ایمان سے۔ اس کے فوری بعد جانب مغرب منہ کر کے سو جائیں جہاں پر عمل کیا تھا پہلی رات، دوسری رات یا تیسری رات تو پکا آپ کو ہر سوال کا مفصل جواب یا اشارہ مل جائے گا۔

محترم قارئین کرام! عمل استخارہ سے عمل تسخیر اور رجوع الخلائق جو کہ جناب حکیم علامہ سید غضنفر علی عسکری صاحب کو خواب میں ملا اور اُنہوں نے جس طریقہ سے عمل کیا مندرجہ ذیل ہے:

عسکری صاحب کا کہنا ہے کہ جس مقصد یعنی تسخیر الخلائق اور رجوع الخلائق کے لئے میں نے جس طریقہ سے عمل کیا واللہ اُس کے 200 فیصد سے بھی زیادہ عمدہ اور اہم ترین رزلٹ ملے۔

کسی بھی ماہ قمری، اگر رجب ہو تو انتہائی بہترین ہے، نوچندی جمعرات کو ایک ہی نشست میں روزانہ گیارہ سو مرتبہ اوّل و آخر درود شریف "یا علی بحق یا علی علیہ السلام" 27 رجب المرجب "یا" کسی بھی قمری ماہ کی ستائیس تاریخ تک یہ عمل کریں۔ ہر تیسرے دن اللہ اور محمد (ﷺ) و آل محمد (ﷺ) کے نام کی نیاز حسب توفیق چھوٹے بڑوں میں بانٹیں اور حسب توفیق اپنے محلے کے مستحق کو اس کی ضرورت یا اپنی مرضی کے مطابق کوئی نہ کوئی چیز لے کر دے ان عمل کے 27 دنوں میں ہر تیسرے دن پڑھائی کے ساتھ ساتھ یہ عمل بھی جاری رہے۔

(نوٹ): عمل پڑھنے کے بعد اپنا مقصد ضرور ذہن میں رکھیں اور محمد (ﷺ) و آل محمد (ﷺ) کے صدقے اور وسیلہ سے رب کائنات سے دُعا مانگیں اپنے مقصد کے حصول کے لئے اور چہرے پر ہاتھ پھیر لیں۔ پھر روزانہ 2 مرتبہ، 20 مرتبہ یا 200 مرتبہ یا علی و بحق یا علی علیہ السلام کا ورد لازماً کریں اور ہفتے میں ایک بار یا مہینہ میں ایک بار 1100 بار ورد لازماً کریں، ان شاء اللہ آپ کی سوچ سے بھی بالا اور عمدہ ترین فوائد ملیں گے۔

جُبہ مشکل کشائی

تحریر:۔بابا رحمانی (فیصل آباد)

میرے پیارے پیارے دوستو! روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں اہل علم کئی قسم کے نایاب روحانی اعمال پیش کرتے ہیں۔یہی روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کی کامیابی کا راز ہے کہ اہل علم اس روحانی ماہنامہ سے محبت رکھتے ہیں اپنے خاندانی اور مجرب روحانی اعمال قارئین تحفہ روحانیات کی نظر کرتے ہیں۔شمارہ دسمبر 2017ء میری نظر سے گزرا جس میں دوستوں نے اعلیٰ سے اعلیٰ آسان اور مجرب روحانی مضامین ارسال کئے۔میرا قلم نہ رُک سکا جی چاہا کہ قارئین تحفہ روحانیات کی خدمت میں کچھ الگ اور نایاب مجرب جُبہ پیش کروں۔

مُندروں کڑوں اور چوکی کی زکات ادا کی جاتی ہے جتنا اسکو پڑھیں گے اُتنا زبان میں اثر اور تاثیر پیدا ہوگی۔بار بار پڑھنے سے اس کے جلد اثرات ظاہر ہو جاتے ہیں۔اگر پڑھنا چھوڑ دیں گے تو ظاہری بات ہے کہ اثرات بھی کتم ہو جائینگے لیکن کچھ خاص ایام اور راتیں ایسی ہوتی ہیں جن میں مخصوص تعداد کے ساتھ پڑھنے سے اللہ کی قدرت کے ساتھ ایسی تاثیر ظاہر ہوتی ہے کہ اب اس تاثیر کے حصول کیلئے شائقین علم روحانی کو کئی ہفتوں مہینوں اس عمل کی چلہ کشی کی ضرورت نہیں رہتی۔یہ اسلام کی خوبی ہے کہ ہمیں پاکیزگی طہارت نرمی اور خوش دلی کا درس دیتا ہے ہم جتنا دین سے دور ہوتے جائیں گے اُتنا ہی مصیبتوں' پریشانیوں اور مشکلات کے نزدیک ہوتے جائیں گے لیکن اس مصیبت اور پریشانی کی حالت میں ہمیں جس سے آس اُمید ہوگی سب سے پہلے اُسی کو پکاریں گے۔اپنے دوستوں کی خدمت میں ایک جُبہ پیش کر رہا ہوں ویسے تو اس مندرے کے بیشمار فائدے ہیں لیکن خاص طور سے دشمنوں پر فتح پانے کیلئے' مخالفین' حاسدین اور بغض رکھنے والوں کی زبان بندی کیلئے کسی بھی قسم کی سفلی و روحانی کالی قوت طاقت یعنی جنات بھوت پری چڑیل ہمزاد شیاطین کی حاضری کیلئے اس جُبہ کو پڑھا جا سکتا ہے۔اس کے علاوہ بھی اس مندرے کے بیشمار فائدے ہیں۔

یہ جُبہ بہت سی خاصیتیں رکھتا ہے جن میں سے چند ایک دوستوں کیلئے پیش کرتا ہوں لیکن اس جُبہ کی تاثیر جب پیدا ہوگی کہ پہلے اس جُبہ کی چلہ کشی کر لی جائے ہر قسم کے جلالی و جمالی پرہیز کے ساتھ 7یا11یا21یا41بار روزانہ 1100بار اس جُبہ کو پڑھا جائے اول آخر درود پاک 11بار پڑھیں۔اس دوران مکمل طور پر حقوق ذوجیت سے گریز کریں۔جب یہ ورد پورا ہو جائے اب آپ اس کے صاحب تاثیر جُبہ ہو گئے۔

دشمن آپ پر حاوی ہے مختلف قسم کے بہتان لگاتا ہے حیلے بہانوں سے تنگ کرتا ہے ایسے شخص کو ذلیل وخوار کرنے کیلئے اور اُس پر اپنا خوف مسلط کرنے کیلئے صاحب تاثیر جُبہ سے 108بار سرخ رنگ کی ڈوری پر پڑھوا کر سیدھے بازو پر باندھیں ان شاء اللہ جب بھی دشمن کے سامنے جائیں گے وہ آپ سے خوف کھائیگا۔

روحانی و جسمانی امراض کا پتہ نہ چلتا ہو مریض کے پہنے ہوئے کپڑا پر 5بار اس جُبہ کو پڑھیں اور مریض کو سنگھا دیں اس کپڑا سے مریض کو بدبو آئے تو سمجھ جائیں کہ جادوئی اثرات ہیں اگر بدبو نہ آئے تو مان لیں کہ جسمانی مرض ہے۔

جادوئی امراض ہوں تو آب زمزم پر بدھ کے روز سے جمعہ تک یعنی 3دن 101بار اس جُبہ کو پڑھیں مریض کو 7دن پینے چہرے پر لگانے اور تکیہ پر چھڑکنے کیلئے دیں مولا نے چاہا تو جادو کا اثر فوری ختم ہو جائیگا۔

عشق محبت پیار میں گرفتار کرنا ہو تو یہ جُبہ انتہائی پُر تاثیر ہے۔جمعہ ہفتہ اور اتوار ان تین دنوں میں میٹھی شے پر 108بار پڑھ کر دیں ایسا شخص مطلوب کو وہ شے کھلا دے تو یقیناً معشوق عاشق جیسا رویہ کریگا۔

ہر بندہ گرویدہ ہو جائے بہت سی ایسی بہنیں اپنے گھروں میں ناخوش رہتی ہیں کہ سسرال والے اُن کی عزت نہیں کرتے یا شوہر اُس پر توجہ نہیں کرتا جمعہ کے دن یہ جُبہ ہرن کی جھلی پر لکھ کر بالوں میں باندھنے کیلئے دیں یا میٹھی شے پر 110بار دم کر کے دیں۔

عبارت جُبہ

جُبہ خدا کا مشکل کشاء کا — فکر عطاء کا شکر رضا کا
مصیبتوں کی کرتا حاجت روا — علی نام قادر بانوے بہادر
ماکھی مراتب اُسی کو ملا — لیا ہاتھ خنجر کیا شاہ نے نعرہ
بانوے فتح خانہ پکر کا — صبر و شکر کا ہمبیوں والی کا
جُبوں نام اعلیٰ آیتوں حدیثوں سے — صحیح کروا دو خانہ فکر کا

انسانی صحت سیاروں کی گردش

تحریر
حکیم حافظ عتیق الرحمن ضیاء
(کراچی)

محترم قارئین! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! علم نجوم کسی بھی فرد کے زائچہ کے دیگر پہلو کے ساتھ ساتھ انسانی صحت وامراض پر بھی بحث کرتا ہے کہ فرد کے زائچہ میں سیاروں کی گردش اور سعد ونحس بننے والی نظرات سے انسانی صحت پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ سیارے مخصوص جسمانی حصوں پر دلالت کرتے ہوئے صحت کے فعالی نظام سمیت مختلف چیزوں پر علامت نہیں ہوتے جیسے شمس قوت حیات و نظام ہضم پر، عطارد قوت اعصاب پر، مشتری خون کی شریانوں اور جگر پر وغیرہ۔ مختلف جسمانی اعضاء وامراض پر سیاروں کی منسوبات حسب ذیل ہیں:

شمس: ۔شمس قوت حیات کا نمائندہ اور کسی بھی پیدائش کے چارٹ میں حیات بخش ہے کیوں کہ یہ نظام ہضم پر حکمرانی کرتا ہے جو پورے جسم کے لئے غذائیت فراہم کرتا ہے۔ یہ صفراوی ہے اور اس کی ہڈیاں سخت ہیں، گرم، خشک اور تعمیری ہے، یہ ہڈیوں کے ڈھانچے، جسمانی ڈھانچے، خون، دماغ، پیٹ، صفراء، ہاضمے کی آگ، دل بطور زندگی کا مرکز، بینائی پتا، ریڑھ اور شکم کی نمائندگی کرتا ہے۔ اگر یہ کمزور ہو یا پیدائش کے زائچے میں متاثرہ ہو تو کمزور بینائی، سر کے درد، گردش خون میں تلون، دل کی تکلیف، ہڈی کے فریکچر، حد سے زیادہ تپش، بخار، بلڈ پریشر، گنجا پن، دماغی کمزوری، ہڈی کے کینسر، کمزور قوت مدافعت کا سبب بنے گا۔

قمر: ۔قمر سرد، مرطوب ہے اور اس کا ڈھانچہ بادا اور بلغم کا مرکب ہے۔ قمر زرخیزی اور جذباتی صحت کی نمائندگی کرتا ہے، یہ جسم میں موجود رطوبت، خون کی اچھی کوالٹی اور رطوبات، غدود، ٹانسل، پستان، رطوبت کے نظام، چہرہ، پھیپھڑوں اور سینے پر حکومت کرتا ہے، یہ رحم، حیض کی گردش، بچہ دانی اور تولیدی اعضاء پر بھی حکومت کرتا ہے۔ اگر یہ کمزور ہو اور پیدائش کے زائچے میں کمزور یا متاثرہ ہو تو نفسیاتی مسائل کے علاوہ صاحب زائچہ کے لئے بے خوابی، کاہلی، پھیپھڑوں کے مسائل، تلی کے بڑھ جانے، بچہ دانی کے عوارض، ٹی بی، حیض میں بے قاعدگی، قوت مدافعت میں خلل کا سبب بنتا ہے۔ اس کے علاوہ صاحب زائچہ کو کثرت سے کھانسی، سردی لگنے، بخار، بھوک مرجانے، عام کمزوری وغیرہ کی شکایت ہوتی ہے۔ وہ انتہائی حساس، حد سے زیادہ ردعمل ظاہر کرنے والا، جواب دینے کی اہلیت کھو دینے اور جذبات کا اظہار کرنے سے بھی معذور ہوتا ہے۔ قمر نیند، جذباتی سکون اور قوت مدافعت کا بھی نمائندہ ہے۔

مریخ: ۔مریخ خشک، آتشی اور صفراوی فطرت کا حامل ہے۔ مریخ سر، ڈی کے گودے، خون، صفرا، ہاضمے کی آگ، آنت، ماتھے، گردن، عضلاتی سسٹم، پٹھوں، ناک اور بیرونی اعضائے تولیدی کی نمائندگی کرتا ہے۔ اگر یہ کمزور ہوا اور پیدائش کے چارٹ میں متاثرہ ہو تو صاحب زائچہ کے لئے سوزش، حد سے زیادہ درجہ حرارت بڑھنے، بھوک کے معاملے میں عدم برداشت، زخموں، جلنے، حادثات، فریکچر، بواسیر، جلدی کھجلی، ہر طرح کی شدید تکلیف، بخار، مرگی، ذہنی بگاڑ، رسولی، راہو سے قریبی تعلق کی صورت میں عضلاتی حصے میں کینسر، پیچش، ٹائیفائیڈ، چیچک اور پھوڑے وغیرہ کا سبب بنتا ہے اور غصہ، چڑچڑا پن، عجلت، بے صبری، غیر مستقل مزاجی، جذبے اور حوصلے کی کمی اور سب کچھ یا کچھ بھی نہیں کا رویہ عطا کرتا ہے۔

عطارد: ۔عطارد باد، پتا اور بلغم کا مرکب ہے۔ عطارد شکم کے نچلے حصے، جلد، دماغ، نروس سسٹم، گردن کے نچلے حصے، حلق، آنتوں، زبان، منہ، ہاتھوں اور بازوؤں کی نمائندگی کرتا ہے۔ اگر یہ کمزور ہو اور پیدائش کے زائچے میں متاثر ہو تو صاحب زائچہ نفسیاتی امراض، بے خوابی، نروس بریک ڈاؤن، مرگی، جلدی امراض، خون کی کمی، نامردی، یادداشت یا گویائی سے محرومی، بلندی سے خوف، بہرا پن، دمہ، سانس کی نالی کے امراض، آنتوں میں خرابی، قوت مدافعت سے محرومی کا شکار ہو سکتا ہے۔ سوچنے اور گفتگو کرنے میں مشکل پیش آتی ہے، بزدلی، جذبے کی کمی، تنہائی، نامعقول رویہ، مفاد پرستی، حد سے بڑھی ہوئی دانش وری کا زعم اور شعور تمیز کا فقدان پیدا کرتا ہے۔

مشتری: ۔مشتری ایک معتدل مزاج اور گرم جوش سیارہ ہے اور اس کی فطرت بلغمی ہے۔ مشتری کولہوں، چربی، خون، شریانوں کے نظام، غدود، جگر، لبلبے کے غدود، ہاضمے، جذب کرنے کی صلاحیت، کان، سماعت کی صلاحیت، ناک، پیروں، جسمانی نشوونما، تالو اور حلق کی نمائندگی کرتا ہے۔ اگر پیدائش کے زائچے میں یہ کمزور یا متاثرہ ہو تو صاحب زائچہ رطوبت اور

گردشِ خون میں رکاوٹ، خون میں کمی، رسولی، یرقان اور جگر کی دیگر شکایات، کان کی تکلیف، ضعف معدہ، ریاح، کھانسی، سردی، ذیابیطس اور لبلبہ کے غدود کی بیماریوں وغیرہ میں مبتلا ہوگا۔

زہرہ: ۔زہرہ گرم اور مرطوب سیارہ ہے اور اس کا ڈھانچہ بلغم اور باد کا مرکب ہے۔ زہرہ پیڑو اور جنسی اعضاء، اعضائے تولید، غدود، منی، بیضہ، خصیہ، اعضائے مخصوصہ، گردوں، مثانہ، چہرہ، آنکھوں، بالائی گردن، حلق، ٹھوڑی، گالوں، جلد وغیرہ کی نمائندگی کرتا ہے، اگر یہ کمزور ہو یا پیدائش کے زائچے میں متاثرہ ہو تو صاحب زائچہ امراضِ خبیثہ، پیشاب کی بیماریوں یا تولیدی سسٹم کے عوارض، ذیابیطس، خون کی کمی، پتے یا گردوں میں پتھری، نامردی، فالج، جنسی بے راہ روی، جنسی تعلق قائم کرنے سے محرومی، جلد کی چمک سے محرومی کا شکار ہوگا۔

زحل: ۔زحل سرد اور خشک سیارہ ہے، اس کا مزاج بادی ہے۔ زحل عصبی ریشے، رگوں، جوڑوں، تلی، دانتوں، پنڈلیوں، گھٹنوں اور ٹخنوں کے درمیانی حصے، بلغم اور پوشیدہ سسٹم اور ہڈیوں کی نمائندگی کرتا ہے اگر یہ پیدائش کے زائچے میں کمزور یا متاثرہ ہو تو صاحب زائچہ دردناک بیماریوں، ہر طرح کی پرانی اور تولیدی بیماریوں، ٹانگ کے فریکچر، سرطان، غدود کے عوارض، جلدی امراض، فالج، گنٹھیا، ریاحی جوڑوں کے درد، لاغر پن، ٹی بی، بادی امراض، جسم کا ٹھنڈا پن، گونگا پن، نامردی، ذہنی اور بدنی تھکن، درد، پیشاب میں رکاوٹ وغیرہ کا شکار ہوگا۔

راہو: ۔راہو بلغم اور باد کا مرکب ہے۔ اگر یہ متاثرہ ہو تو یہ بلغم، آنتوں کے امراض، پھوڑوں، جلد، نروس سسٹم، السر، الرجی، تلی، کیڑوں، ہائی بلڈ پریشر، دل کی تکلیف، وبائی امراض، نفسیاتی امراض، فریب نظر، توہمات، ہسٹیریا، پاگل پن، مرگی، زہر سے پیدا ہونے والی ہر طرح کی کیفیت، بادہ نوشی، پُراسرار مرض (سحر و جادو، آسیب)، جذام، بدہضمی، ہچکی، سوجن، پیروں میں درد یا چوٹ، سرطان وغیرہ کا سبب بنے گا۔ اگر یہ دوسرے سیاروں کو متاثر کر رہا ہو یا منحوس جگہ واقع ہو یا دیگر فعلی منحوس سیاروں کے زیر اثر ہو تو یہ خوف، ڈراؤنے خوابوں، کاہلی، جمود اور نکما پن پیدا کرتا ہے۔

کیتو: ۔کیتو اپنی فطرت میں خشک اور غضب ناک ہے، اس کا مزاج دھماکہ خیز ہے۔ یہ پتے پر حکومت کرتا ہے۔ اگر یہ دوسرے سیاروں کو متاثر کرتا ہو یا منحوس جگہ واقع ہو یا دوسرے فعلی منحوس سیاروں سے متاثرہ ہو تو زخموں، چوٹوں، ریڑھ کی بیماریوں اور نروس سسٹم، ٹی بی، سرجری، السر، سوزش، بخار، آنتوں کے امراض، ذہنی خلل، لو بلڈ پریشر، بہرا پن، گفتگو میں نقص، نشے کی عادت، جلدی امراض، ہکلاہٹ وغیرہ کا سبب بنتا ہے۔

عزیزانِ من! سیاروں کی منسوبات کے ساتھ ساتھ اسی طرح برجوں کی منسوبات پر بھی غور کرتے ہوئے صاحب زائچہ کے امراض کی تشخیص اور علاج کی طرف متوجہ ہوں، علاج تین طریقوں پر مشتمل ہوگا:

نمبر 1: ۔صاحب زائچہ کے زائچے میں صحت پر اثر انداز ہونے والے سیاروں کو تقویت دی جائے اور ساتھ ساتھ مادی یعنی میڈیکل علاج کی طرف توجہ دی جائے۔

نمبر 2: ۔فعلی سعد سیاروں پر اور برجوں پر اثر انداز ہونے والے فعلی منحوس سیاروں کے لئے صدقات کی پابندی کی جائے۔

نمبر 3: ۔صاحب زائچہ کی صحت پر اثر انداز ہونے والے کمزور سیاروں کو نوٹ کر کے کسی اچھے مناسب وقت میں جب وہ سیارے طاقت ور پوزیشن کے حامل ہوں اور انہی سیاروں کے ادوار ہوں تب لوحِ شفا بنا کر دی جائے۔ لوحِ شفا دو طریقوں پر بنائی جا سکتی ہے خاص اور عام۔

خاص طریقے پر بنائی گئی لوحِ شفاء مریض کے زائچہ پر موقوف ہے۔ عام لوح شفاء بنانے کا طریقہ درج ذیل ہے۔ سب سے پہلے ایسا وقت تلاش کیا جائے جس میں سیارہ شمس، قمر، عطارد، مریخ طاقت ور پوزیشن میں اور سعد نظرات رکھتے ہوں، ایسا وقت میسر نہ ہو تو مرض کی علامت کو مدنظر رکھتے ہوئے مناسب وقت تلاش کریں مگر قمر کا طاقت ور ہونا شرط ہے۔ وقت میسر آنے کے بعد آیت پاک، **سلامٌ قولاً من ربٍ رحیم** کا مثلث یا مربع تکسیری یا عددی نقش بنائیں اور نقش کے نیچے یہ عبارت اور طلسم درج کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم المص کھیعص یٰسین القرآن الحکیم حمعسق ن والقلم وما یسطرون و ننزل من القرآن ما ھوا شفاء و رحمۃ للمؤمنین ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

ھ ص ۵۵۵۵۵ ۵۵۵۵۵ ۵۵۵۵۵

آسان مجرب عملیات

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ صدر

قارئین تحفہ روحانیات کو نیا سال مبارک ہو۔ بحق محمد مصطفیٰ ﷺ تمام مومنین مومنات کو اللہ پاک صحت عطا فرمائے اور ہر آفت سے محفوظ رکھے آمین۔ کچھ لوگ فون پر شکایت کرتے ہیں ہم نے فلاں عامل سے رابطہ کیا اس کے کہنے پر دو من گوشت کے پیسے دیئے لیکن کام رتی تک نہیں ہوا۔ نہ کوئی ہوائی چیز حاضر ہوئی جو عمل بتایا وہ بھی پڑھا، نام نہاد عامل نے فون پر جواب دینا بھی گوارا نہیں کیا۔ اِن سب سوالوں کا جواب یہ ہے کہ کچھ لوگوں کے منہ پر حرام لگا ہوتا ہے، وہ عملیات سے لوگوں کو بدظن کرنے کے درپے ہیں ان کا انسانیت سے کوئی تعلق نہیں ہوتا، پیسے دینے والے یہ بھی یاد رکھیں جس کام کے پیسے دیئے اگر وہ کام نہیں ہوا یا عامل نے فون سننا بند کر دیا ہے تو قیامت والے دن وہ آدمی آپ کا مجرم ہے جب تک آپ معاف نہیں کریں گے اللہ پاک اُس شخص کو معاف نہیں کرے گا، عملیات کا شوق ہے تو آپ جناب محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے رابطہ کر لیا کریں یا پھر روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کے آخر میں شائع کیا گیا کوپن راہنمائی عملیات میں اپنا مسئلہ لکھ کر رہنمائی حاصل کر لیا کریں آپ لوگ کسی بھی روحانی رسالہ کا مطالعہ کریں لیکن تحفہ روحانیات میں محترم ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کی زندگی کے عملیات اور روحانی واقعات جس ترتیب سے شائع ہو رہے ہیں اس طرح کے واقعات کسی اور روحانی رسالہ میں آپ کو نہیں ملیں گے۔

معلومات امراض

جو عورت یا مرد اپنے حالات خواب میں معلوم کرنے کا خواہش مند ہو وہ پہلے سوا کلو گوشت دریا یا سمندر میں ڈال آئے، پھر رات کو سونے سے پہلے دو نفل ایصال ثواب مومنین و مومنات ادا کر کے اس کا ثواب مرحومین کو پہنچائے پھر چارپائی پر بیٹھ کر جس پر سوتا ہے گیارہ بار درود شریف پڑھے، اس کے بعد ایک ہزار ایک بار سورۃ اخلاص پڑھے، پھر دعا اپنے مقصد کی کرے، پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر بغیر بات کئے اپنے مقصد کا تصور کر کے سو جائے، رات کو اپنے مقصد کے متعلق معلومات ہوں گی اگر پہلی رات پتہ نہ چلے تو یہی طریقہ عمل دوسری رات کو پڑھ کر دعا کر کے سوئے، حد تین رات ہے، سب جائز احوال پتہ چل جائے گا، دن کو توبہ استغفار کرتا رہے۔

معلومات بذریعہ خواب

اس رات پڑھائی کرنی ہو ایک دن پہلے دو کلو گوشت کے چھوٹے ٹکڑے کر کے دریا یا سمندر میں بہا دیں۔ رات کو دو نفل حاجت پڑھے، سلام کے بعد ایک تسبیح درود شریف پڑھے، پھر بات کئے بغیر چارپائی پر بیٹھ کر چار زار بار یا بدوح کا ورد کر کے دعا اپنے مطلب کی کر کے بات کئے بغیر سو جائے ان شاء اللہ خواب میں مقصد حاصل ہوگا، اگر اللہ نہ کرے رات کو صحیح پتہ نہ چلے تو دوسری رات عمل مذکورہ پڑھے، مطلب حاصل ہوگا، دن کو نیاز دلائے اور غریبوں میں تقسیم کرے جو خواب میں ہدایت ہو اس پر عمل کرے۔

نحوست 'بخار دور کرنا

پہلے دو نفل ایصال ثواب مومنین ادا کرے پھر اس نقش کو تین بار لکھے اور گولیاں بنا کر دریا میں ڈال آئے، راستے میں کسی سے کلام نہ کرے پھر گھر آ کر وضو کر کے دو نفل حاجت ادا کرے اور تین نقش لکھے، زعفران اور عرق گلاب استعمال کرے ایک نقش پاس رکھے دوسرا سونے والی جگہ پر لٹکائے یا سونے والی چارپائی پر سرہانے والی سائیڈ پر باندھے، تیسرا نقش پانی میں ڈال کر گیارہ دن یہ پانی دن میں تین بار پیئے اور صبح علیحدہ جگہ باوضو ہو کر چہرے کو دھویا کرے ان شاء اللہ اثر عظیم پائے گا، روزانہ صدقہ دیا کرے۔

گلے میں ڈالنے والا بغیر زیر زبر کے لکھیں۔ پینے والے نقش پر زیر زبر ڈال لیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حسبنا	اللہ	ونعم	الوکیل
الوکیل	ونعم	اللہ	حسبنا
اللہ	حسبنا	الوکیل	ونعم
ونعم	الوکیل	حسبنا	اللہ

مراد حاصل ہو بحرمت ایں کلام

خاتمہ جادو

طریقہ عمل: ۔تین دن لگاتار سوا کلو گوشت دریا میں ڈالے یا غریب آدمیوں کے گھر جا کر پاؤ پاؤ تقسیم کر آیا کرے۔ چوتھے دن دو نفل ایصال ثواب مومنین مومنات ادا کرے پھر دو نفل حاجت ادا کرے جو چاہئے سورہ پڑھے سلام کے بعد پانچ سو بار درود شریف پڑھے، اس کے بعد یہ نقش گیارہ بار لکھے، نقش لکھنے کے بعد چار کلو مٹھائی بچوں میں تقسیم کر لے اس کے بعد ایک نقش بازو پر باندھے ایک نقش گلے میں ڈالے، بقایا نقش ایک ایک کر کے روزانہ نماز کے بعد پیا کرے، ہونے والا جادو دُور ہوگا، مریض تندرست ہوگا، بندش دُور ہو جائے گی، تندرست ہونے پر ادارہ روحانیات کے لئے خصوصی دعا کرے، اس کو دن دگنی رات چوگنی ترقی دے جس کے وسیلے سے آپ کو یہ عمل حاصل ہوا ہے، نقش یہ ہے: یہ آیت سورۂ یوسف میں ہے:

حل المشکلات

طریقہ عمل: ۔چودہ چھٹانک گوشت ویران جگہ یا قبرستان ڈال دیا کریں یہ طریقہ تین دن کریں رات کو مندرجہ ذیل عمل گیارہ تسبیح عشاء کے بعد پڑھا کریں آخر میں دعا مانگیں یہ طریقہ گیارہ رات کریں ان شاءاللہ تیسرے دن سے اثرات ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے، عمل پڑھنے کے بعد کسی سے بات کئے بغیر سو جائیں۔

عمل: یَا حَل اَلْمُشکِلَاتْ بِحُرمَةِ سَیِدِنَا ﷺ

خاتمہ پریشانی

طریقہ عمل: ۔پانچ دن لگاتار صدقہ دیتے رہیں رات کو سونے سے ایک تسبیح درود شریف ابراہیمی پڑھیں پھر گیارہ تسبیح اس کلام کی پڑھ کر دُعا مانگیں اور سو جائیں ایک گھنٹہ کے بعد بات کر سکتے ہیں۔

عمل: برکت بی بی فاطمہ مدد شاہ علی راس مشکل کو حل کریں حسن حسین ولی

مختصر مندرا

طریقہ عمل: ۔سات دن گوشت ہر قسم کا پرہیز کریں، لہسن پیاز، سلاد چٹنی کا پرہیز کریں، نماز عشاء کے بعد پڑھائی شروع کریں سات دن میں مشکل حل ہونے کے اسباب پیدا ہوں گے جو لوگ عمل پڑھ کر ناکام ہو چکے ہیں وہ اس عمل کو کریں، حیران کن اثرات ہوں گے، سوا پاؤ گوشت نماز عصر کے بعد ویران جگہ روزانہ رکھ دیا کریں، نماز کی پابندی کریں ورنہ یہ مندرا نقصان دے گا۔ رجعت کا بھی اندیشہ ہے۔ تعداد روزانہ 500 بار

مندرا: ۔**چل ریے بستر ام ایے عززیل فلاں بن فلاں کا فلاں کام کر اگر کام نہ کریسیں تیری بہن بھانجی چاچی کو تین طلاق۔**

تنبیہ: ۔دوبارہ بتایا جاتا ہے اس مندرا کو مشغلہ نہ بنائیں ضرورت کے مطابق پڑھائی کریں یہ جلالی مندرا ہے۔ جو بھی عمل کریں اس تحفہ روحانیات کے قارئین کیلئے خصوصی دعا کریں اس ادارہ روحانیات کی ترقی کیلئے دعا کریں جن کے ذریعے آپ کو عمل مل رہے ہیں۔

اطلاع قارئین و نیوز ایجنٹ حضرات

پشاور میں جعفر خان کو آئندہ اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے۔ تحفہ روحانیات، مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری، مزمل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

اسٹار نیوز ایجنسی جعفر خان پشاور 0345-9067247

اطلاع قارئین و نیوز ایجنٹ حضرات

رحیم یار خان میں بابا عبدالرحمٰن کو آئندہ اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے۔ تحفہ روحانیات مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری، مزمل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

بابا عبدالرحمٰن نیوز ایجنٹ رحیم یار خان 0300-6723855

نوٹ: ۔ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر رابطہ کے خواہشمند حضرات، صبح 10 تا دوپہر 01 بجے اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں۔ علاوہ اتوار 92300-6351192

تسخیرات وعملیات کی روحانی دُنیا

تحریر
حکیم نعیم الحسن
(لاہور)

السلام علیکم! قارئین کرام! تحفہ روحانیات کیلئے خاص اعمال لے کر حاضر خدمت ہوں اور دعا گو ہوں آپ تمام دوستوں کو کامیابی کامرانی نصیب ہو۔ رسالہ تحفہ روحانیات کے تمام پڑھنے والوں کیلئے 100 فیصد مجرب اعمال لے کر حاضر ہوا ہوں۔

روحانی قوت بیدار کرنے کیلئے

ہر عامل کے لئے ضروری ہے کہ ہمزاد مؤکل کے اعمال اور حاضرات کے اعمال کرنے سے پہلے اپنے اندرونی قوت بیدار کرنے کی جدوجہد کرے، اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ روزانہ پانچ پانچ مرتبہ اوّل وآخر درود شریف گیارہ گیارہ کے ساتھ پڑھیں، ان شاء اللہ ان اسماء مبارکہ سے عامل کے اندر زبردست روحانی قوت بیدار ہوگی اور حاضرات وتسخیرات کے عملیات اس دور کے بعد ان شاء اللہ 100 فیصد کامیابی سے ہم کنار ہوں گے یہ عمل کرشمات حاضرات مؤکل پریاں ہمزاد سے ہے۔ عمل حاضر ہے

یَا هَادِیُ یَا خَبِیْرُ یَا مَتِیْنُ یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبِ

تسخیر جنات کا روحانی عمل

اس عمل کو نصف رات کے وقت مسجد میں جا کر تنہائی میں بیٹھ کر کریں، چالیس دنوں میں اس عمل کو سوا لاکھ یعنی تین ہزار ایک سو پچیس (3125) مرتبہ پڑھیں۔ اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ کے ساتھ عمل روزانہ وقت مقررہ پر جگہ بھی ایک ہو۔ عمل با حصار..... آیت الکرسی چاروں قل شریف حصار کر کے پڑھیں، پرہیز جلالی جمالی گوشت ہمہ قسم کا مچھلی، انڈا کچا پیاز، لہسن، بدبودار اشیاء، جماع سے ترک، عمل کے آخری دن میں تین جنات حاضر ہوں گے ان سے مطیع ومسخر ہونے کے لئے قسم دے جس کام کا حکم کردیں گے بجالائیں گے، ناجائز کام ہرگز نہ لیں ورنہ نقصان ہوگا۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم، عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ وَ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا عَبْدَ الصَّمَدُ الرَّحْمٰنِ یَا عَبْدُ اَلْوَاغْدُ حاضر شو حاضر شو حاضر بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

تسخیر حسینہ پری

یہ عمل حسینہ پری کا گارنٹی شدہ عمل نایاب ہے، مجرب آزمودہ عمل ہے، ترکیب عمل اس کی یہ ہے۔ نوچندی جمعرات کو روزہ رکھیں اور شیر برنج سے افطار کریں، پھر رات کا پہر گزر جائے، پھر خلوت کی جگہ خوشبو سے معطر کریں۔ عمل قارئین کرام کی خدمت میں پیش کیا جارہا ہے۔ مکمل وترتیب وطریقہ جناب محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے معلوم کریں۔ پڑھنے والا عمل یہ ہے۔

حُب کا تارا ---- تورے سُوَاھا

اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ باپرہیز حصار کر کے عمل کریں۔

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کرلیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔ خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔ قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ **(ادارہ)**

ٹوبہ ٹیک سنگھ اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
ملک نوید نیوز ایجنسی 0305-7920805

کوئٹہ اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
بکسٹال نمبر2 میزان چوک کوئٹہ

معجزات جفر
لوح تسخیر سلطنت

تحریر:۔ عزیز الرحمٰن سروری قادری (حیدرآباد)

السلام علیکم! قارئین کرام یہ دنیا عجائبات کا مظہر بھی ہے اور یہ دنیا فانی ہے اور انسانیت سفر میں ہے بچہ جوانی کی طرف جوان بزرگی کی طرف، جاہل علم کی طرف، زندگی موت کی طرف اور کائنات آخرت کی طرف تیزی سے رواں دواں ہے اور دنیا امید پر قائم ہے اُمید کے جملے کو ظاہر کرنے سے واضح ثبوت ملتا ہے دنیا میں حضرت انسان کو آمد تا الوداع قدم قدم پر امتحانات، مشکلات، مصائب و پریشانیوں سے گذرنا پڑتا ہے، لہٰذا اس مشکل سفر کو آسان اور ناممکن کو ممکن بنانے کی کوشش کے مرحلے کا نام زندگی ہے، عرض مختصر ہے کہ دنیا کی زندگی زندہ دلی کا نام ہے مردل دل کیا خاک جیسا کرتے ہیں، اس امید کو قائم رکھتے ہوئے اس مرتبہ قارئین کرام کی خدمت میں لوح تسخیر سلطنت کے عنوان سے حاضر خدمت ہوں۔ عرصہ دراز سے یہ مشاہدے میں آیا ہے کہ بعض عاملین حضرات قارئین وعوام الناس علم نجوم وعلم الجفر کی قوت تاثیر تجربہ ومہارت کے ماننے سے انکار کرتے ہیں، ان کا خیال ہوتا ہے کہ نجوم وجفر کے ماہرین احکامات وغیرہ لگا کر بیاض جنتری رسالہ جات جرائد واخبارات کی بدولت عوام وانسان تک روحانی پیغام پہنچاتے ہیں، یہ طریقہ صرف دولت کمانے تک محدود ہے لیکن اس طرح بالکل نہیں ہے علم نجوم وجفر دور قدیم سے آج تک باقاعدہ چلتا آرہا ہے اور نجوم کے ذریعے زائچہ کشید کر کے صاحب زائچہ کا ماضی، حال اور مستقبل کے حالات وواقعات باآسانی معلوم کر کے سائل کی رہنمائی کی جاسکتی ہے اور عاملین اور قارئین سے میرا سوال ہے کہ میرے دو الفاظ سے کسی کو کوئی شک وانکار ہے کہ علم نجوم حضرت امام صادق کا علم ہے نجوم فلکیات کے موافق سائنسی اور لطیف علم ہے اور جفر علم ہے بعض سراسر علم لدنی کا حصہ ہے۔

قارئین کرام یہ ایک واضح حقیقت ہے سیارگان کی شرف و زوال نظرات انسان پر سعد ونحس اثرات مرتب کرتے ہیں اور انسان سعد ونحس اثرات سے متاثر ہوتا ہے قارئین اکثر نحوست سے انسان بادشاہ سے گداگر، تندرستی سے بیماری، خوشحالی کو بدحالی، آزادی کو قید اور طاقت کو کمزوری و معذوری میں مبتلا کر دیتے ہیں، مریخ کی نحوست سے بزدلی، کاہلی، سستی، احساس کمتری، قومہ، شکر اور دنیا بھر میں اموات واقع ہونا شامل ہے۔ زُحل کی نحوست کا تعلق مفلسی، تنگ دستی، بیماری، بدحالی، مصائب ومشکلات، صدمات وناکامی ہے، یعنی تمام تکلیفات کا مرکز ہے ان کی نحوست صاحب زائچہ کی پیدائش یا وقتی طور پر اگر وسعت رزق ودولت، سماجی، معاشرتی یا شعبہ حیات میں خواہ کسی بھی خانہ میں زوال پذیر ہوں تو ٹھیک انہی مقام سے انسان کو دھچکا لگتا ہے اور انسان موجودہ قوت، بادشاہی، رزق ودولت، عزت ووقار، قوم عزیز واقارب، تندرست، طاقت وخوش حالی سے محروم ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اس طرح کے ہزاروں مسئلے مسائل، تکالیف ومشکلات کی شدت میں کمی واقع کرنے کی کوشش اہل علم، حکماء حضرات کلام الٰہی کی قوت و برکت سے کرتے ہیں تاکہ مصائب ومشکلات سے لاچار دُکھی انسانیت کی رہنمائی وخدمت کی جاسکے تاکہ صاحب کیفیت کے مشکل حالات واقعات میں کمی وبہتری آجائے اور اسے تندرستی، خوش حالی، عزت ووقار، نصرت وفتح حاصل ہو۔

قارئین محترم! اس طرح کے الواح، طلسمات وتبرکات وغیرہ سیارگان کی چال رفتار کے موقع کی مناسبت سے تیار کئے جاتے ہیں، جس میں شرف، اوج، نظر قران، تثلیث وتسدیس، نوروز، مذہبی تہوار، آئمہ معصومین کی ولادت باسعادت، قمری سعد منازل وغیرہ شامل ہیں، قارئین کرام واضح رہے کہ مضمون میرے استاد محترم کے نام ہے میرے پاس وقت بہت کم ہوتا ہے میں صرف محض مضمون تحریر کرتا ہوں اور لطف کی بات یہ ہے کہ آج وقت ملا تو میرے صفحہ کی سطور کم پڑ جاتی ہے۔ یہ میرے لئے بہت خوش نصیبی کا موقع ہے کہ استاد محترم نے خاص طور پر فون کر کے مجھے فرمایا کہ میں نے جو آپ کو اپنی طرف سے خاص روحانی علم وفیض عنایات کی ہے تو آپ اس لوح تسخیر سلطنت کے موقع پر اپنا مکمل روحانی فیض ظاہر کر کے خلقت خداوندی اور قارئین کرام کے نذر کردیں اور خدمت خلق کے لئے وقف کردیں۔ قارئین کرام میں ناچیز صرف علم الاعداد اور علم الجفر کا ایک ادنیٰ سا طالب علم ہوں، مجھے استاد خاص کی طرف سے جو روحانی فیض وعلم کا حصول ہوا ہے یہ کوئی کتابی علم نہیں ہے بلکہ دست بہ دست اور سینہ بہ سینہ کا علم ہے اس میں استاد محترم نے مجھے اپنا جان کر بغیر دُشواری کے نہایت زندہ دلی، توجہ اور شوق سے میری رہنمائی کی ہے۔ اس روحانی فیض عنایت میں

مہارت علم الاعداد، علم الجفر، علم تسخیرات، مختلف قسم کی الواح، طلسمات، سیارگان کے نقوش، اعدادی، حروفی و تکسیری نقوش و الواح مثلث، مربع، مخمس فوائد، نقوش، طبعی مکتوبی، مثلث مربع، سوجی معکوسی، وضعی، نقوش و الواح ذوالکتابت ترلوح، قلب لوح، زیرلوح وتری لوح، گوشاہائے لوح، جوف خالی، ترفع وتنزل، زوج االزوج، روح الرفد، لوح سبع سیارگان، مرکب ذوالوجین، تکسیر قطبی، تکسیر شمسی، تکسیر اعدادی وحروفی، تکسیر زمام، موخر صدر، صدر موخر، امتزاج جفری، لوح مزمل، لوح نادعلی، لوح فتح، لوح فتح نامہ خاص، لوح فتح نامہ سلطانی، حروف تہجی، اعداد قمری وشمسی شامل ہیں۔

قارئین محترم! میرا مقصد یہ ہے کہ میں استاد محترم کے احسان تو نہیں چکا سکتا، بہرحال استاد محترم کے حق میں تاحیات دُعا کرسکتا ہوں اور باادب بااحترام ہمیشہ حسب توفیق استاد محترم کی خدمت ضرور کرسکتا ہوں کیوں کہ مجھ گنہگار پر روحانی باپ کا اس قدر نوازش ہوئی کہ مجھ حقیر کو خدمت خلق کرنے میں احتیاج سے بے نیاز عطا فرمایا۔ قارئین کرام! اب لوح تسخیر سلطنت کے فوائد تحریر کرتا ہوں۔

تسخیر خلق، تسخیر روحانیت، تسخیر کواکب، تسخیر الارواح، نورانی، علوی،

فوائد لوح تسخیر سلطنت

سفلی، تسخیر، حکام و افسران بالا تسخیر و ترقی عہدہ ملازمت، تسخیر زمین، جائیداد، زراعت، فعل و باغات، فیکٹری، کارخانہ، مل، دکان، مکان، پلاٹ، تسخیر ورجوع، فوج، پولیس، دیگر سرکاری یا پرائیویٹ شعبہ جات، رجوع خلق، تسخیر ورجوع مستورات، تسخیر ورجوع عزیز واقارب، رشتہ دار، برادران عوام الناس، ودیگر شعبہ حیات کی غرض سے نایاب عمل ہے، اس لوح مبارکہ، فیض وبرکت سے تسخیر عمومی وخصوصی کا حصول ممکن ہے۔

ترکیب لوح مبارکہ: ۔جامع الاثر لوح تسخیر سلطنت کے خانہ مقصود میں تسخیر عام یا خاص کی غرض سے تبدیلی کرسکتے ہیں، سمجھ دار کے لئے اشارہ کافی ہے، اس لوح کو عطارد، مشتری کے نظر قران میں خاص طریقے سے فوائد عملیات کو مدنظر رکھتے ہوئے خالص گولڈن کاغذ میں تیار کریں اور لوح کے اندر درج نام، مقصود آیات اسم اعظم کے تمام مرض امتزاج دے کر طاق صورت میں تین، پانچ یا سات حروف کے کلمات بنائیں اور لوح کے چوگرد تحریر کریں، یاد رہے تین عدد لوح تیار کئے جائیں گے ایک پاس رکھیں، دوسرے کو گل حکمت کردیں اور تیسرے لوح کو جفری قاعدہ سے مزاج باد میں ترفع دے کر استعمال کریں اور ساتھ ہی آیات مبارکہ **ان رحیم ودود** کا چالیس دن تک 541 مرتبہ پابندی سے ورد کریں، ان شاء اللہ ڈوبی ہوئی بھی تیر جائے گی۔ یہ لوح جس کے پاس ہوگا ان شاء اللہ العزیز اس کیلئے بے پناہ اسباب پیدا ہوں گے، یہ علم جفر کا بہت مشکل قاعدہ ہے، احتیاط سے حل کریں لازمی آپ کو بھی تھوڑی سی محنت تو کرنی پڑے گی، بے شک محنت میں عظمت ہے اس لوح کو تیار کرنے کیلئے ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب یا براہ راست مجھ سے رجوع کریں اللہ پاک قارئین کرام کو عمل کرنے کی توفیق وبرکت عطا فرمائے۔

آخر میں ادارہ روحانیات کی پوری ٹیم کی صحت، سلامتی وروحانی ترقی کیلئے دعا کریں اور مجھ گنہگار عزیز الرحمٰن کو خصوصی دعاؤں میں یاد رکھیں۔



حالت قمر

قمر در عقرب: 10 جنوری 01:05 تا 12 جنوری 12:04

ہبوط قمر: 10 جنوری 04:56 تا 06:51

قمر در ثور: 24 جنوری 18:39 تا 26 جنوری 22:39

شرف قمر: 24 جنوری 22:13 تا 00:00

شادی بیاہ کی تاریخیں

3.4.5.6.12.13.14.18.19.20.25.27.30

کروڑ لعل عیسن اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔

ہاشم بک ڈپو جنوبی بازار لیہ

کروڑ لعل عیسن 0307-8764486

طاہر نیوز ایجنسی، عارف بازار بورے والا۔ 0334-7193958 **ادارہ روحانیات**

شہد کی افادیت

Honey

شہد کا شمار قدرت کی عطا کردہ نعمتوں میں نعمت غیر مترقبہ کے طور پر کیا جاتا ہے۔ اسکی شفائی اور حیرت انگیز غذائی خوبیوں کو بیان کرنا انسان کے بس کی با ت نہیں ہے۔ یہ ایسا لیس دار نیم شفاف سیال ہے۔ جس کا رنگ زردی مائل بھورا ہوتا ہے۔ اس میں ہلکی سی بات ہوتی ہے جبکہ ذائقے میں ترشی مائل شیریں ہوتا ہے۔ کچھ عرصہ پڑا رہنے کے بعد یہ غیر شفاف اور بلوریں ہو جاتا ہے۔ جدید تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ شہد بائیس سال تک خراب نہیں ہوتا اور نہ ہی اپنی خوبیاں بدلتا ہے۔ شہد ایسا سیال ہے جس میں خود کو تادیر محفوظ رکھنے کی حاصیت پائی جاتی ہے۔ مصر کے آثار قدیمہ کی کھدائی کے دوران ایک ملکہ کے مقبرے سے شہد کا ایک مرتبان ملا ہے جو تین ہزار سال پہلے ملکہ کے ساتھ دفن کیا گیا تھا۔ مرتبان کی شہد کا تجزیہ کرنے سے پتہ چلا ہے کہ اتنی لمبی مدت گزر جانے کے باوجود شہد کی رنگت، کیمیائی ترکیب اور مہک میں کسی قسم کی خاص تبدیلی نہیں آئی ہوئی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ قدیم یونانی اور مصری اپنے مردوں کو حنوط کرنے کے لئے شہد کا استعمال کیا کرتے تھے۔ شہد کو انگریزی زبان میں ہنی کہا جاتا ہے۔ یہ لفظ عربی زبان ہان سے نکالا گیا ہے۔ جرمنی زبان میں ہنگ (Honing) اور پرانی انگلش میں ہنگ (Huning) بن گیا۔ انگریزی بول چال میں پیارے کو ہنی ہی کہا جاتا ہے۔

شہد کی غذائی صلاحیت :۔ شہد میں تین قسم کی شکریں پائی جاتی ہیں ان کے نام ہیں گلوکوز، فرکٹوز اور سکروز۔

گلوکوز کی مقدار دیگر دو شکروں سے زیادہ ہوتی ہے۔ یہ ایسی شکر جو زندہ حیوانات کے خون میں، پھلوں اور سبزیوں کے جوس میں پائی جاتی ہے۔ جب انسان پر تھکاوٹ غالب آجاتی ہے تو یہ شکر لیکٹک اور ایسڈ کی جگہ لینے والی آکسیجن کی بحالی کا فریضہ انجام دیتی ہے۔ فرکٹوز کو انگوری شکر کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ گلوکوز کے برعکس یہ شکر بہت جلد قلموں کی شکل میں تبدیل ہو جاتی ہے اس کا نام بافتوں کی تعمیر کرنا ہے جبکہ سکروز ایک چپکنے والا مادہ ہوتا ہے اور یہ شہد میں بہت کم مقدار ہوتا ہے۔ لیکن شہد اسی کی موجودگی کی وجہ سے اس قدر قابل ہضم بن جاتا ہے۔ 100 گرام شہد میں رطوبت 20.0 فیصد، پروٹین 0.3 فیصد، معدنی اجزاء 0.2 فیصد اور کاربوہائیڈریٹس 79.5 فیصد تک پائے جاتے ہیں۔ 100 گرام شہد کے معدنی اور حیاتینی اجزاء میں فاسفورس 16 ملی گرام، آئرن 0.9 ملی گرام، کیلشیم 5 ملی گرام اور وٹامن سی 4 ملی گرام کے علاوہ تھوڑی مقدار میں وٹامن بی کمپلیکس ہوتا ہے۔ اسی مقدار شہد کی غذائی صلاحیت 319 کیلوریز ہے۔ حال ہی میں کی جانے والی تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ شہد کو جب تجارتی مقاصد کے لئے 150 ردجے فارن ہائیٹ پر گرم کیا جاتا ہے۔ تو فلٹرنگ، باٹلنگ، اور کولنگ کے دوران اس کا پولن (زرگل) ک ذرات سے محروم ہو جاتا ہے۔ اگر یہ کہا جائے تو بے جا بہ نہ ہوگا کہ شہد خالص نہیں رہتا۔ کیونکہ گرم کرنے سے اس کی بیشتر غذائی خوبیاں ضائع ہو جاتی ہیں۔

شفا بخش قوت اور طبی استعمال :۔ شہد ایسا سیال ہے جو کاربوہائیڈریٹس کی اسی صورت میں ہوتا ہے جو جلد ہضم ہو جاتے ہیں توانائی اور حرارت کے اعلیٰ ترین ذرائع میں سے ایک ذریعہ ہے۔ گو توانائی کا حصول زیادہ تر نشاستہ اور غذاؤں سے ہوتا ہے۔ شہد سیدھا خون میں شامل ہو جاتا ہے اسی لئے فوری توانائی مہیا کرنے کا ایک ذریعہ بن جاتا ہے۔ جن لوگوں کا ہاضمہ کمزور ہو ان کے لے شہد عمدہ ترین غذائی نعمت ہے شہد کھاتے ہی تمام جسمانی اعضاء مثبت ردعمل ظاہر کرتے ہیں۔

مشہور رومن فزیشن کہتے ہیں کہ شہد ہر بیماری کے لئے شفا بخش دوا ہے۔ آج بھی شہد متعدد بیماریوں کے علاج اور تحفظ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک چمچہ شہد اور آدھے لیموں کا رس نیم گرم پانی کے ایک گلاس میں ملا صبح سویرے خالی پیٹ پینے سے تیزابیت اور قبض کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ موٹاپے کی صورت میں کوئی اور غذا نہ کھانا اور صرف اسی مشروب پر گزارہ کرنا بہتر علاج ثابت ہوتا ہے۔ اس سے جہاں وزن میں کمی آتی ہے وہاں طاقت کم نہیں ہو تی۔ شہد میں آئرن، کاپر اور میگنیز پایا جاتا ہے۔ اسی لئے ہیموگلوبن بنانے میں قابل ذکر کردار ادا کرتا ہے۔ شہد خون کی کمی (انیمیا) کا عمدہ ترین علاج ہے۔ یہ خون کے سرخ ذرات اور ہیموگلوبن میں درست توازن برقرار رکھتا ہے۔ شہد خراش والی کھانسی کا بہترین علاج ہے۔ شہد کی خاصیت یہ ہے کہ یہ سانس کی نالی کے بالائی حصہ کی نسیجی بافتوں کی سوزش کو دور کر کے خراش والی کھانسی کو

عابد شاپر فروش، ریلوے چوک کوٹ ادو۔ 0333-6002048 ادارہ روحانیات

ختم کرتا ہے۔اس کے استعمال سے نکلنے میں پیش آنے والی دقت بھی دور ہو آجاتی ہے۔ بازار میں دستیاب کھانسی کے تمام برانڈ کے شربتوں میں شہد کا جزو لازمی شامل ہوتا ہے۔شہد کو پانی میں ملا غرارے کرنا بھی خراش پیدا کرنے والی کھانسی میں مفید ہوتا ہے۔شہد کو ایشیائی لوگ جنسی قوت کا بہترین ذریعہ خیال کرتے ہیں ۔ان ک مطابق اس میں ایسا مادہ پایا تا جاتا ہے جو جادوئی اثر ہوتا ہے۔اس کے استعمال سے عوتوں میں زرخیزی اور مردوں میں قوت کا بے پناہ اضافہ ہوتا ہے۔اطباء شہد کو مقوی باہ اور محرک قرار دیتے ہیں۔ پرانے وقتوں میں لوگوں کا خیال تھا کہ شہد کا ایک گھونٹ پینے سے جوانی کا احساس پیدا ہوتا ہے۔اس مقصد کے لئے اس حصہ شہد میں تین حصے پانی ملا کر ہلکی آگ پر اس وقت تک ابالتے رہنا چاہئے جب تک اس مشروب کا ایک تہائی حصہ بھاپ بن کر اڑ نہ جائے۔باقی دو تہائی مشروب استعمال کرنا شباب نو اور بھرپور طاقت کیلئے موثر ثابت ہوتا ہے۔شہد آنکھوں کی متعدد بیماریوں کا علاج ہے۔آنکھوں کی خارش، آنکھوں کا درد کرنا، آشوب چشم، ککرے اور کئی دوسری بیماریوں کا شافعی علاج ہے۔سبز موتیے کو ابتدائی مرحلہ میں روکنے کیلئے شہد آنکھوں کا لگانا اور شہد کھانا مفید رہتا ہے۔شہد سے موتیا بند کو روکا جا سکتا ہے۔اس کا طریقہ یہ ہے کہ دو گرام شہد دو گرام پیاز کا پانی ملا کر شیشے کی بوتل میں محفوظ کرلیں اس محلول کو شیشے کی سلاخ سے آنکھوں پر لگانے سے کچا موتیا بند تحلیل ہو جاتا ہے۔نیز یہ محلول آنکھوں کی بافتوں میں جمع شدہ پروٹین کے اجتماع کو تحلیل کر کے مزید جمع نہیں ہونے دیتا۔شہد نیند نہ آنے کا عمدہ علاج ہے۔ایک کپ پانی میں دو چمچے شہد ملا کر سوتے وقت پینے سے بچوں اور بڑوں کو گہری نیند آجاتی ہے۔کیونکہ شہد گہری نیند لانے میں تنویمی عمل کرتا ہے۔اسی لئے نیند نہ آنے کے عارضہ میں شہد کا استعمال بہت معاون رہتا ہے۔شہد اور الکحل کا محلول بالوں کی بہت اچھی نشو ونما کرتا ہے۔شہد میں الکحل ملا کر خوب ہلانے کے بعد سر پر اچھی طرح مساج کر کے دو گھنٹے تک محلول سے تر رہنے دیں۔دو گھنٹے بعد کسی اچھے شیمپو سے بالوں کو دھو ڈالیں۔ اس طرح کرنے سے غیر فعال بالوں کی جڑیں متحرک ہو جاتی ہیں اور ان کی تعداد میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔جاپان کی گیشا لڑکیاں جن کے بال تحاشا ہوتے ہیں اس مکسچر کا استعمال کر کے خوب فائدہ حاصل کرتی ہے۔شہد کا جلد پر بیرونی استعمال زخموں، ناسوروں کا خاتمہ کرنے میں بہت زیادہ معاونت کرتا ہے۔وینس کے ایک مشہور معالج جن کا نام ڈاکٹر این زائیس ہے۔یہ بات دعوی سے بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے دوسری جنگ عظیم سے پہلے ہزاروں مریضوں کو جو زخموں، پھوڑوں اور پرانے ناسوروں کی تکلیف کا شکار تھے۔شہد سے علاج کر کے صحت یاب کیا ہے۔وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ شہد سے درد میں تسکین حاصل ہوتی ہے۔شفایابی میں تیزی آتی ہے۔خصوصاً جلی ہوئی جلد اور کاربنکلو کا تو یقینی علاج شہد ہی ہے۔شہد کے استعمال سے بڑھاپے میں حرارت کے ساتھ ساتھ توانائی بھی حاصل ہوتی ہے۔شہد بلغم کو خشک کر کے اعضائے تنفس کو صاف بھی کرتا ہے۔چونکہ نظام تنفس کی بیماریاں بڑھاپے میں زیادہ پیدا ہوتی ہے لیکن شہد ان سے محفوظ رکھتا ہے۔ایک کپ پانی میں دو چمچے شہد ملا کر چائے کی طرح ابال کر چسکیوں سے پینا قوت بخش اور مفروح مشروب ثابت ہوتا ہے۔شہد پھیپھڑوں کی امراض کا بہترین علاج ہے۔ پرانے اطباء کا خیال ہے کہ دمہ کے مرض میں مبتلا مریض کے ناک کے نیچے کسی چوڑے منہ کے برتن میں شہد ڈال کر رکھ دی جائے اور مریض ایسی ہوا میں سانس لیتا رہے جو شہد سے ٹکرا کر آرہی ہو تو اس کے عمل تنفس میں آسانی پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ سانس میں گہرائی بھی پیدا ہو جاتی ہے۔اس ہوا کا اثر گھنٹہ برقرار رہتا ہے۔اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ شہد میں الکحل اور ایتھر کا تیل پایا جاتا ہے۔جن کے بخارات دمہ کے مرض میں افاقہ پہنچاتے ہیں۔ شہد سے ٹکرا کر آنے والی ہوا میں سانس لینا، یا شہد کو کھا لینا یا دودھ میں ملا کر پی لینے سے سانس کی تکلیف میں مبتلا مریضوں کے لئے باعث سکون و آرام ثابت ہوتا ہے۔تجربہ کات معالجین کہتے ہیں کہ سانس کے مریضوں کو ایک سال پرانا شہد استعمال کرنے سے زیادہ فائدہ حاصل ہوتا ہے۔شہد کھانے سے منہ صحت مند رہتا ہے۔روزانہ دانتوں اور مسوڑھوں پر شہد لگاتے رہنے سے دانت صاف اور چمکدار رہتے ہیں۔دانتوں کی بنیادوں پر سخت مادہ جمع نہیں ہوتا شہد جراثیم کش بھی ہے اسی لئے مسوڑھوں میں خوردبینی جراثیم پیدا نہیں ہوتے اور مسوڑھے صحت مند رہتے ہیں۔ان میں خون کی گردش بہتر طور پر ہوتی رہتی ہے۔اگر منہ میں ناسور پیدا ہو جائے تو شہد لگانے سے مندمل ہو جاتا ہے۔ناگوار سانس بھی نہیں آتا۔شہد پانی میں ملا کر گلی کرنے سے مسوڑھوں کی سوزش ختم ہو جاتی ہے۔شہد کے استعمال سے معدہ صحت مند رہتا ہے اور اسے تقویت حاصل ہوتی ہے۔شہد مکمل ہضم میں معاون ثابت ہوتا ہے۔معدے کی امراض سے نجات حاصل ہوتی ہے۔اس کو استعمال کرنے سے ہائیڈروکلورک ایسڈ کا اخراج گھٹ جاتا ہے۔قے، متلی اور سینے کی جلن کا خاتمہ کرتا ہے۔اگر غیم منہضم کھانا اور فضلہ انتڑیوں میں رک جائے تو شہد مسہل کا کام کرتا ہے۔شہد دل کے لئے عمدہ ترین دوا ہے۔شہد کے استعمال سے دل کے درد اور دل کی تیز دھڑکن دور ہو جاتی ہے۔شہد نہ تو ریاح پیدا کرتا ہے بلکہ ریاح کو پیدا کرنے سے روکتا ہے۔

حمل

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ
حروف۔ ا، ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ اپنے طبعی برج یعنی عقرب میں مقیم ہے یہاں پر اس سیارہ کا قیام آپ کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ طاقت اور قوت لینے کا وقت ہے اپنے رُکے ہوئے کاموں کو کسی بھی طرح نکالیں برج حمل میں مریخ کا قیام 26 جنوری تک رہیگا۔ دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنا یا بیماریوں سے نجات حاصل کرنا یا جادو سحر کا خاتمہ کرنے کیلئے اس سے بہتر کوئی وقت نہیں۔ آپ کا لکی عدد 39 ہے۔

(9 تا 16) اس ہفتہ شمس تسدیس مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ جس کے اثرات ان ایام میں ظاہر ہونگے۔ جس کے تحت اچانک مالی فائدہ ہونے کا قوی امکان ہے مخالفین کی طرف سے صلح کا پیغام آسکتا ہے غصہ میں کمی آئیگی کاروباری حالات پہلے کی نسبت کافی حد تک بہتر ہو جائینگے۔ زائد کام اور ذمہ داریوں سے واسطہ پڑے گا لیکن یہی چیز مستقبل میں آپ کے کام آئے گی۔ ترقی کے لئے منصوبہ بندی رکھنے کے لئے بہت کچھ کر سکتے ہیں۔ رویہ درست رکھیں نقصان ہو سکتا ہے۔ دور دراز سے خوشی کی خبر مل سکتی ہے آپے سے باہر نہ ہوں خطرات اب بھی سر پر ہیں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ کئے گئے معاہدے اپنے انجام کو نہ پہنچیں گے۔ آپ کا سخت لہجہ کوئی نیا تنازعہ کھڑا کر سکتا ہے کچھ گم ہونے یا نقصان کا خطرہ ہے۔ اپنے اندر ایک نئی قوت محسوس کرینگے۔ مخالفین پر فتح حاصل ہوگی۔ دلی خواہش پوری ہو سکتی ہے۔ آپ کا لکی رنگ سرخ اور زرد ہے۔ کوئی دوست یا عزیز آپکی طرف نظر اُٹھا کر دیکھ رہا ہے۔

(26 تا 31) اس ماہ کے آخر میں یعنی 26 مارچ کو آپ کے برج کا حاکم سیارہ مریخ برج قوس میں داخل ہو رہا ہے وہ جملی افراد جو کہ بیرون ملک سفر کے خواہشمند تھے ان ایام میں اپنی دیرینہ خواہش پوری کر سکتے ہیں۔ وہ افراد جو کہ خاتون خانہ کے ظلم وستم سے تنگ آچکے ہیں اب قوت میں ہیں۔ کچھ لوگ آپ سے حسد کرتے ہیں ان پر توجہ نہ دیں۔

برج ثور

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ
حروف۔ ب، و۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔ اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) اس ماہ آپ کے برج کا حاکم سیارہ زہرہ شمس سے نظر قران قائم کر رہا ہے اس ہفتہ مالی امور بہتر ہونگے کاروباری حضرات فائدہ اُٹھا سکیں گے وہ افراد جن کا شوبز سے یا عوام سے تعلق ہے مثلاً ڈاکٹر، وکیل یا دوکاندار حضرات اس ہفتہ اپنی آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ کر سکیں گے وہ خواتین جن کا تعلق برج ثور سے ہے اپنے لئے ڈائمنڈ یا گولڈن جیولری خرید سکیں گی۔ شریک حیات کا تعاون حاصل رہے گا۔

(9 تا 16) آپ کے برج کا حکم سیارہ زہرہ تیزی سے اتار چڑھاؤ کا شکار رہتا ہے۔ آغاز سال سے ہی اس سیارے کا قیام برج جدی میں ہے۔ یہ برج آپ کے حق میں مساوی ہے۔ لیکن دوسری نظر سے دیکھا جائے تو اس برج کا حاکم سیارہ زحل آپ کے برج کے حاکم سیارہ زہرہ سے گہرا تعلق اور دوستی قائم کرتا ہے۔ مالی امور احتیاط کے طالب ہونگے دوسروں کو دخل اندازی کا موقع ہرگز نہ دیں۔ نقصان کا اندیشہ ہے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ نئے کاروبار کے اجراء سے بھی حتی الامکان گریز کریں البتہ ملازمتی فرائض کی بجا آوری سے فائدہ ملے گا۔ طبیعت میں متلون مزاجی پر قابو پانے کی اشد ضرورت ہوگی اور دوسروں سے معاملات طے کرتے وقت جذباتیت پر قابو لازمی ہوگا ورنہ بنتے کام بگڑ جائیں گے۔ دوران سفر محتاط رہیں نقصان کا اندیشہ ہے۔ سیاہ اور نیلے رنگ استعمال نہ کریں ورنہ نحس ثابت ہوگا۔ اللہ پر بھروسہ رکھیں

(26 تا 31) ازدواجی امور کی انجام دہی حسب منشاء ہوگی زوجین کے مابین موافقت رہے گی۔ اہل خانہ کی صحت بہتر رہے گی غیر شادی شدہ حضرات حسب منشاء ازدواجی زندگی کی تکمیل میں کامیابی حاصل کر سکیں گے۔ وقتی طور پر اختلافات پیدا ہونگے۔ قسمت آزمائی کیلئے لکی عدد 61 ہے۔ بہتر ہے کہ اپنے کچھ ضروری کام التواء میں ڈال دیں کچھ لوگ آپکے قریبی عزیز سے مل کر عیادتیں کرنے میں مصروف ہیں گردوپیش کا جائزہ لیں۔

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

جوزا

(یکم تا 8) اس سال کے آغاز میں آپ کے برج کا حاکم سیارہ عطارد برج قوس میں مقیم ہے اس برج میں اس کے اثرات یہ ہوں گے کہ محبت کے معاملات سے متعلق سیارہ ان دنوں نحس اثرات سے گزر رہا ہے آپ کو ہر طرح سے احتیاط کی ضرورت ہے یہ نہ بھولیں کہ کچھ لوگوں کی نظریں آپ پر لگی ہوئی ہیں وہ ہر طرح سے آپ کو نیچا دکھانے کی کوشش کر رہے ہیں آپ خود معاملہ کی سنگینی کو بہتر طور سے جان سکتے ہیں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ کئے گئے معاہدے اپنے انجام کو نہ پہنچیں گے۔ پریشانی کو اپنے سے دور رکھیں۔ طبیعت میں چڑچڑا پن رہیگا لیکن کوشش کریں کہ آپ لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کروانے میں کامیاب ہو جائیں۔ ممکن ہے کہ ان دنوں میں کہیں سے مفت کی دولت ہاتھ آجائے۔ غصہ کو قابو میں رکھیں۔ دوران سفر محتاط رہیں نقصان کا اندیشہ ہے۔ اپنا رویہ درست رکھیں دور دراز سے خوشی کی خبر مل سکتی ہے

(17 تا 25) اپنی ذہن قوتوں کو زنگ نہ لگنے دیں۔ حالات آپ کے حق میں نہیں احتیاط ضروری ہے۔ ملازمت پیشہ افراد اس ہفتہ ایک نئی آزمائش سے گزر سکتے ہیں۔ اگر فوری طور پر معاملہ کو نہ سنبھالا تو نقصان آپ کا ہے۔ غلطیوں سے سبق سیکھیں اور کوشش کریں کہ آئندہ اس قسم کی غلطی نہ ہو۔ ورنہ نقصان ہو سکتا ہے۔ آپے سے باہر نہ ہوں خطرات اب بھی سر پر ہیں۔ کوئی دوست یا عزیز آپکی چاہت کا طلب گار ہے۔

(26 تا 31) کسی عزیز کی جانب سے یا کسی قریبی دوست سے دکھ مل سکتا ہے آپ کے ساتھ دھوکہ کیا جا رہا ہے نہایت احتیاط کرنی ہو گی اس ہفتہ آپ کے سیارے اچھی حالت میں نہیں ہے۔ احتیاط سے کام لیں۔ شریک حیات سے کسی بات پر اختلافات ہو سکتا ہے۔ زبان میں نرمی رکھیں۔ طرف نظر اُٹھا کر دیکھ رہا ہے۔ سرخ رنگ استعمال نہ کریں۔ ورنہ نحس ثابت ہوگا۔ خواتین کچن میں احتیاط کریں۔

برج سرطان 21 جون تا 20 جولائی، سیارہ قمر
حروف۔ ح، ہ، ھ۔ پتھر، موتی۔ مبارک دن، سوموار
مبارک رنگ، سفید، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 2۔ اسم اعظم، یا جبار 21 بار
سعد تاریخیں 30,27,17,5,1
نحس تاریخ 28,19,14,6
لکی نمبرز 58,19,31,35

سرطان

(یکم تا 8) بہتر ہے کہ آپ اپنے دل کو روحانیت کی جانب لے آئیں اور نماز روزہ سے مشکل وقت میں مدد لیں۔ عدالتی امور نہایت احتیاط سے انجام دیں اس دوران کو کوئی تحریری معاہدہ نہ کریں اور کسی بھی قسم کی ذمہ داری اس ہفتہ نہ لیں ورنہ آپ سخت پریشانی میں مبتلا ہو جائیں۔ مالی نقصان کا خدشہ ہے لین دین کے معاملات میں کوئی بھول نہ کریں۔ اور کسی شخص پر اندھا اعتبار نہ کریں۔ بہت احتیاط برتنا ہوگی۔

(9 تا 16) اس ماہ سفر باعث برکت رہے گا شریک حیات کے ساتھ بھی تعلقات بہتر ہونگے۔ اپنا دھیان عبادت الٰہی کی جانب رکھیں کچھ فضول لوگ آپ کے خلاف باتیں کر رہے ہیں۔ آپ ان باتوں پر دھیان نہ دیں۔ آپ اپنی بہتری کے متعلق جو کچھ سوچ رہیں ہیں وہ درست ہے۔

(17 تا 25) جس سے شکایت ہے اس سے خود بات کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ عدالتی معاملات کے لئے بہتر نہیں کوئی پنچائتی فیصلہ یا مقدمہ یا مقدمہ کا آغاز یا عزیز و اقارب سے کوئی تحریری معاہدہ ان ایام میں ہرگز نہ کریں ورنہ آپ اپنے لئے خود ہی پھندا تیار کر لیں۔ دوسروں کی لڑائی میں خود کو نہ ڈالیں۔ ایک شخص آپ کے تعاقب میں ہے۔ آپ کو اسی شخص سے پہلے بھی ایک نقصان پہنچ چکا ہے۔ ایک قریبی شخص آپ کو دھوکہ دینا چاہتا ہے۔ چوٹ کا خدشہ ہے۔

(26 تا 31) نیا کاروبار شروع کرنے کے لئے یہ ہفتہ نیک ثابت ہوگا ایسے افراد جو کہ بیرون ملک کاروبار کرنے یا تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے سفر کے خواہشمند ہیں اس ہفتہ کامیابی ملے گی۔ ایک ایسے شخص سے ملاقات ہو سکتی ہے جو کہ آپ کی زندگی کو بدل کر رکھ دے گا کچھ لوگ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جائینگے اور کچھ سرطانی افراد کی منگنی طے پا جائیگی غرض اس ماہ قائم ہونے والی دوستی محبت اور نکاح کا انجام بہتر ہوگا۔ آپ پر جادو کے امکانات قوی ہیں۔

برج اسد 24 جولائی تا 22 اگست، سیارہ شمس
حروف۔م۔پتھر، ہیرا، لہسینا۔مبارک دن، اتوار
مبارک رنگ، زرد۔موافق دھات، سونا
لکی عدد 1 اسم اعظم، یا مُحصِن 115 بار۔یا متکبرُ 108 بار
سعد تاریخیں 30,17,1
نحس تاریخ 28,14,6
لکی نمبرز 21,57,49,61

اسد

(یکم تا 8) سیارہ شمس جو کہ آپ کے برج کا حاکم ہے زہرہ سے نظر قران قائم کر رہا ہے اس ہفتہ محبوب سے ملاقات فائدہ مند رہیگی اپنے راز کی بات اور ملاقات کسی دوسرے کو نہ بتائیں مستقبل میں آپ کی حماقت بدنامی کا سبب بن سکتی ہے۔ایسے افراد جو کہ شریک حیات سے بے حد محبت کرتے ہے اس ہفتہ گولڈ کی جیولری تحفتاً دینے سے بہت سے معاملات بہتری کی طرف آسکتے ہیں۔صبر تحمل سے کام لیں۔

(9 تا 16) ان ایام میں اہم اور خاص سعد نظر شمس تسدیس مشتری قائم ہو رہی ہے جس کے اثرات 09 تا 12 جنوری رہیں گے نحس پروج میں یہ نظر قائم ہونے کی وجہ سے قریبی عزیز آپ کے لئے پریشانیاں کھڑی کر رہے ہیں خصوصاً وہ افراد جن سے آپ کا خونی رشتہ ہے آپ کو خوشحال نہیں دیکھنا چاہتے ہیں۔کچھ لوگ آپ پر بہتان بازی کر رہے ہیں۔ایک بھائی نما دوست انتہائی دُکھ دیگا یا دھوکہ دے سکتا ہے۔

(17 تا 25) دور دراز کے دوستوں سے خاص مسئلہ پر مشورہ کیا جاسکتا ہے۔تخلیقی سرگرمیاں بڑھیں گی اس ہفتہ سفر نہ کرنا آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔جذبات کو قابو میں رکھیں نقصان کا اندیشہ ہے کوا کبی صورتحال مجموعی طور پر اتنی اچھی نہیں ہے ازدواجی معاملات میں بگاڑ پیدا ہوسکتا ہے۔کچھ لوگ آپ سے حسد کرتے ہیں ان پر توجہ نہ دیں۔

(26 تا 31) اس ہفتہ آپ کے برج میں سیارہ قمر گرہن کے اثرات سے گزرے گا آپ کو بہت زیادہ محتاط رہنا ہوگا۔لین دین اور کاروباری معاملات اس ہفتہ نہ کریں کسی بھی قسم کا نقصان ہوسکتا ہے۔سفر بھی اچھا نہ ہوگا۔چند کینہ پرور لوگ آپ کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔طبیعت میں مایوسی کا عنصر غالب رہیگا۔صحت کا خاص خیال رکھیں ورنہ بیماری طول پکڑ سکتی ہے۔معمولی مرض کا بھی مکمل علاج کروائیں۔اپنے برج کے مطابق صدقہ ضرور دیں۔گرہن کے وقت دو رکعت نماز کسوف ادا کریں۔

برج سنبلہ 24 اگست تا 23 ستمبر، سیارہ عطارد
حروف۔غ، پ۔پتھر، زمرد، فیروزہ۔مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، پیلا۔موافق دھات، ٹین
لکی عدد 5۔اسم اعظم، یا عزیزُ 41 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,9,3
نحس تاریخ 23,20,16
لکی نمبرز 96,75,82,46

سنبلہ

(یکم تا 8) آپ کے برج خاکم سیارہ عطارد زائچہ کے خانہ 09 پر قابض ہے آپ اس وقت طاقت ور انسان ہیں آغا سال سے ہی حالات میں بہتری ملے گی لیکن ایک بڑی خرابی یہ ہے کہ زائچہ کے خانہ دوئم میں زحل، شمس، زہرہ، پلوٹو موجود ہے۔یہ نحس علامت ہے۔ہر معاملہ میں آپ کو احتیاط برتنا ہوگی۔ذمہ داریوں کو بڑے سلیقہ سے نبھائیں ورنہ لینے کے دینے پڑ سکتے ہیں۔شادی شدہ افراد کے لئے یہ ہفتہ نحس ثابت ہوسکتا ہے۔شریک حیات سے تعلقات استوار رکھیں

(9 تا 16) ان ایام میں عطارد قران زحل قائم ہو رہا ہے جس کے قوی اثرات 12 تا 14 جنوری ظاہر ہونگے۔ہر طرح سے محتاط رہیں خاموش ہو کر ایک کونے میں بیٹھ جائیں آپ کے حق میں بہتر ہے۔پُرانی چیزوں سے لگاؤ رہیگا۔قابل مرمت اشیاء کو احتیاط سے استعمال کریں۔لاپرواہی نقصان دے ثابت ہوسکتی ہے بہت سے لوگ ان دنوں آپ پر انگلیاں اُٹھا رہے ہیں پرواہ نہ کریں۔نحس عدد 9 ہے۔

(17 تا 25) محبوب سے ملاقات کیلئے یہ ہفتہ بہتر نہ رہیگا۔خوشخبری ملنے کی امید ہے حاسدین جو کچھ کر رہے ہیں ان کو یقیناً منہ کی کھانی ہو گی نہ بھولیں کہ اس وقت آپ پر جادوئی حملے بھی کئے جا رہے ہیں لیکن آپ کے برج کا حاکم سیارہ قوت اور طاقت میں ہونے کی وجہ سے ان حملوں کو بے اثر کر رہا ہے۔بہتر ہے کہ اپنے کچھ ضروری کام التواء میں ڈال دیں آئندہ ہفتہ تک اچھی خبریں نہ ملیں گی۔سیاہ رنگ استعمال نہ کریں۔

(26 تا 31) عبادت و ریاضت کی طرف کا دھیان نہ رہے گا اس ہفتہ طبیعت میں مایوسی کا عنصر غالب ہوگا۔اگر آپ نے کوئی جائیداد خریدنی ہے تو اس کیلئے حالات اور وقت سازگار ہے لیکن آئندہ چند ہفتہ میں خریداری کے لئے حالات مناسب نہ ہونگے۔کامیابی کی طرف مسلسل بڑھتے جائیں۔راستے کھولنے کے اللہ سبب پیدا فرمائے گا۔

برج میزان 24 ستمبر تا 23 اکتوبر، سیارہ زہرہ
حروف۔ر، ت، ط۔ پتھر، اوپل، سفید پکھراج۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، ہلکا نیلا۔ موافق دھات، تانبہ، پیتل
لکی عدد 6 یا علیم 100 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخ 31,17
لکی نمبرز 12,72,23,11

میزان

(یکم تا 8) سیارہ زہرہ جو کہ آپ کے برج کا حاکم بھی ہے۔ اس ہفتہ سعد قران کی حالت سے گزر رہا ہے ہر شخص چاہتا ہے کہ اُس کے چاہنے اور محبت کرنے والے بے شمار ہوں آپ اپنی صلاحیتوں سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں مگر ایک بات یاد رکھیں آپ کی گفتگو بات سے کھال اتارنے والی ہوتی ہے ان ایام میں مختصر گفتگو سے دوسروں کو باآسانی گرویدہ کر سکتے ہیں۔ زرد رنگ کا استعمال کریں۔ سفید شئے کا صدقہ دیں۔

(9 تا 16) ان دنوں میں عدالتی کاروائی سے فائدہ ہو سکتا ہے۔ سسرالی رشتہ داروں سے احتیاط برتیں بنے ہوئے معاملات کو بگاڑ سکتی ہے لاپرواہی اور فضول گفتگو سے گریز کریں ورنہ آپ کو اس کی بھاری قیمت چکانا ہوگی۔ سخت لہجہ اور نمائشی انداز آپ کے شایان شان نہیں۔ آپ صبر و تحمل سے کام لیں جو کچھ آپ سمجھ آ رہا ہے اس کو آپ بہتر طور سے سمجھ سکتے ہیں جلد بازی آپ کے لئے بہتر نہ ہوگی۔ مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔

(17 تا 25) آپ کے برج کا مالک سیارہ زہرہ جسے خوش بختی کا سیارہ بھی کہا جاتا ہے۔ برج قوس سے جدی میں 18 جنوری کو جا رہا ہے۔ یہ سیارہ 11 فروری تک اس برج میں رہے گا ایسے افراد جو کہ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے شوقین ہیں ان کے لئے 18 جنوری تا 11 فروری تک نہایت مبارک تاریخیں ان کا لکی عدد 1,2,8 ہیں۔ چاہیں تو ان اعداد سے بڑا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اچانک مفت کی دولت ہاتھ آ سکتی ہے۔

(26 تا 31) بلاوجہ کی لڑائی جھگڑا مقدمہ بازی عدالتی کاروائی پنچائیتی فیصلے عزیز و اقارب سے ناراضگی سے گریز کریں ورنہ آپ خود اپنے جال میں پھنس کر رہ جائینگے۔ یہ ہفتہ آپ کیلئے کچھ بہتر ثابت نہ ہوگا۔ غیر شادی شدہ افراد کی کوشش کے باوجود بھی شادی نہ ہوگی۔ اور ایسا بھی ممکن ہے کہ منگنی یافتہ افراد کی اس ہفتہ منگنی ٹوٹ جائے ان دنوں خاموشی سے وقت کو گزاریں تو آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔

برج عقرب 24 اکتوبر تا 22 نومبر، سیارہ مریخ
حروف۔ن، ی۔ پتھر، عقیق زبرجد۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ لوہا، تانبہ۔ موافق دھات، ٹین
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا فتاح 70 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخ 25,12,4
لکی نمبرز 97,87,64,28

عقرب

(یکم تا 8) یہ ہفتہ کاروباری سرگرمیوں اور آمدنی میں اضافہ کرنے والی سرگرمیوں کے لئے موافق ہوگا۔ یہ ہفتہ مضبوط بنیادوں پر قائم مالی معاملات سرمایہ کاری، بچت کی اسکیموں، مشترکہ حصص، اسٹاک، اور شیئرز وغیرہ کے لئے موافق ثابت ہوگا۔ ان دنوں تحائف اور مالی وصولیوں کا امکان ہے۔ کوئی انعام بھی نکل سکتا ہے۔ شادی شدہ افراد کو سال ختم ہونے سے پہلے شریک زندگی کے ذریعے کوئی فائدہ ملے گا۔ وراثتی جائیداد کا مسئلہ حل ہو سکتا ہے توجہ سے معاملات حل ہوں گے

(9 تا 16) اس ہفتہ شمس تسدیس مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ بزرگوں سے مالی فائدہ ہو سکتا ہے۔ خوف اور بزدلی کی کیفیت کو دور کرنے کیلئے سلام مریخ کا ورد کریں اس دوران نگینہ مرجان اور زبرجد کا استعمال آپ کیلئے فائدہ کا باعث ہوگا۔ اس ہفتہ کا لکی عدد 1.6 ہے۔

(17 تا 25) اس ہفتہ ملے جلے حالات قائم رہینگے۔ ایک دوست سے انتہائی دکھ پہنچ سکتا ہے۔ روپے کے لین دین میں بھی سخت اختیار کرنا ہو گی۔ بطور ادھاری دی گئی رقم آپ کو واپس نہ ملے گی۔ کسی چوری کا بھی اندیشہ ہے اپنی ہر قیمتی شے کو بڑے احتیاط سے رکھیں۔ مشینری کے خراب ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ کسی پر زیادہ بھروسہ نہ کریں۔ چوری کا بھی اندیشہ ہے۔ ملازمین پر خاص نگاہ رکھیں۔ قیمتی اشیاء کا خیال رکھیں

(26 تا 31) آپ کے برج کا حاکم سیارہ 26 جنوری کو آپ کے برج عقرب سے خارج ہو کر ہمسایہ برج قوس میں داخل ہو رہا ہے۔ اس کا قیام اِس برج میں 17 مارچ تک رہیگا۔ وہ عقربی افراد جن کا ذاتی کاروبار ہے یا جو شراکت میں کام کرتے ہیں انہیں اس وقت ٹیکس کے معاملات کی وجہ سے مشکلات کا سامنا ہوگا۔ کاروباری لین دین یا خرید و فروخت میں ملوث ہیں تو جلد بازی میں کوئی فیصلہ ہرگز نہ کریں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کا مناسب وقت ہے۔ لکی عدد 5 ہے۔

برج قوس 23 نومبر تا 21 دسمبر، سیارہ مشتری
حروف ۔ف۔ پتھر، زرد عقیق۔ مبارک دن، جمعرات
مبارک رنگ، سبز۔ موافق دھات، ٹین، سونا، چاندی
لکی عدد 3۔ اسم اعظم، یا سلام 111 بار
سعد تاریخیں 31,22,18,13,8,3
نحس تاریخ 26,20,6,1
لکی نمبرز 91,61,43,49,86

قوس

(یکم تا 8) نحس مشتری تسدیس کے اثرات مفت کی دولت ڈوبی ہوئی رقم وراثتی جائیداد کا حصول کی جانب اشارہ دے رہے ہیں۔ کاروباری پوزیشن بھی بہتر رہے گی ان ایام میں کاروباری حالات بہتر رہیں گے نئی عمارت کی تعمیر مبارک ثابت ہوگی۔ شیئرز جائیداد کی خرید وفروخت بھی فائدہ دیگی۔ اس ہفتہ بچوں کو سکول میں داخلہ دلوا سکتے ہیں۔ جو کہ اولاد کی تعلیمی سرگرمیوں میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔ یہ ہفتہ مالی معاملات کی بہتری کے لئے بہتر ہے۔ تحمل سے اہم مسائل کے حل پر توجہ دیں۔

(9 تا 16) اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کریں کمزوریوں کو گن کر ذاتی ڈائری میں لکھ لیں، آہستہ آہستہ ہر روز ایک کمزوری کو دور کرنے کی کوشش کریں۔ چند قوسی افراد کسی بھی بات پر اپنی روحانی شخصیت سے تعلقات کو خراب کر سکتے ہے جبکہ اس روحانی شخصیت کی بدولت آپ بہت فائدہ بھی حاصل کر چکے ہیں۔ باحوصلہ رہیں اور جوش وجذبہ سے آگے کی طرف بڑھتے جائیں۔ عدالتی امور کو انجام دینے کے لئے یہ ایام بہتر ہے۔ سیارگان کی پوزیشن آپ کے حق میں ہے۔ سیاہ اناج کا صدقہ لازمی دیں۔

(17 تا 25) اس ہفتہ آپ غیر ملکی سفر کے لئے اپنے کاغذات جمع کرواسکتے ہیں۔ آپ کی غلط گفتگو آپ کو اونچا سے نیچا مقام کی طرف لاسکتی ہے۔ ذہنی طور پر منتشر ہونے کا خدشہ ہے معاملات کو سلجھانے کے لئے آپ کو کچھ قربانی دینا ہوگی۔ شریک حیات سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں۔ لہجہ نرم رکھیں۔ بات کو طول دینے سے گریز کریں۔ لکی عدد 45 ہے۔

(26 تا 31) چند خطرات آپ کے سر پر منڈلا رہے ہیں۔ سستی اور کاہلی کی وجہ سے متوقع کامیابی حاصل نہ کرسکیں گے تحریری معاہدوں بچوں کو اسکول میں داخل کروانا یا اسکول کا تبدیل کروانا اور عدالتی کاموں کیلئے نحس ثابت ہو سکتے ہیں۔ نئی خریداری کیلئے یہ وقت موزوں ہے۔ حالات آپ کے حق میں ہیں۔

برج جدی 22 دسمبر تا 20 جنوری، سیارہ زحل
حروف ۔ض، ظ، ج، خ۔ پتھر، عقیق، سیاہ نیلم۔ مبارک دن، ہفتہ
مبارک رنگ، خاکی، نیلا سیاہ۔ موافق دھات، سونا پلاٹینیم
لکی عدد 8۔ اسم اعظم، یا خالق 21 بار
سعد تاریخیں 30,25,17,13,2
نحس تاریخ 31,28,21,15,7,3
لکی نمبرز 91,46,95,78

جدی

(یکم تا 8) آغاز سال سے آپ کے برج کا حاکم سیارہ زحل کا قیام آپ کے برج میں ہے۔ یہ کہا جائیگا اس برج میں اس سیارے کا قیام بیشمار فوائد کا موجب ہوسکتا ہے۔ لہذا سب کچھ آپ کے ہاتھ میں ہے ان ایام میں نئی جائیداد کی خرید وفروخت فائدہ مند ہوسکتی ہے کچھ لوگ آپ سے ملنے کے خواہشمند ہیں جن کو آپ مسلسل غیر اہم سمجھتے جارہے ہیں تعلقات بڑھانا آپ کے حق میں بہتر رہے گا۔

(9 تا 16) قائم ہونے والا قران نحس اثرات ظاہر کریگا کسی بھی قسم کا معاہدہ خاص طور سے دستاویزات پر دستخط کرنے سے قبل غور سے پڑھ لیں نچلے درجے کے لوگ ملازمین آپ کو نقصان دے سکتے ہیں یا آپ کیلئے جال تیار کیا جا چکا ہے۔ جب یہ قران ظاہر ہوگا خصوصاً 12 تا 14 جنوری بہت محتاط رہیں۔ ایک قریبی عزیز آپ کو بدنام کرنے کی کوشش کررہا ہے۔ اس سے بچنے کوشش کریں اپنے قرب و جوار پر نظر رکھیں کہ کون کیا کررہا ہے؟ آنکھیں اور دماغ کھلی رکھیں۔

(17 تا 25) سیارہ مریخ طاقت اور قوت کا سیارہ ہے کہ جو جلد از جلد مثبت منفی دونوں طرح کی طاقتیں ظاہر کرتا ہے۔ اس ہفتہ مریخی قوتیں اچھی نہیں تیز دھار آلات مثلاً چاقو، چھری یا آگ کے استعمال سے گریز کریں۔ چوٹ لگنے کا قوی اندیشہ ہے دوسروں کے لڑائی جھگڑے میں نہ پڑیں۔ خواتین کچن میں احتیاط کریں چوٹ کا خدشہ ہے۔

(26 تا 31) عمر رسیدہ لوگوں سے فائدہ ہوسکتا ہے۔ کاروباری حالات اچھے نہ رہینگے اس ہفتہ سفر نہ کریں تو آپ کے حق میں بہتر ہے ازدواجی زندگی متاثر ہوسکتی ہے۔ شریک حیات کو اعتماد میں لیں۔ روپے کے لین دین میں بحث وتکرار فائدہ نہ دیگی معاملہ کو بہتر طریقہ سے سلجھانے کی کوشش کریں۔ صحت کا خاص خیال رکھیں ورنہ بیماری طول پکڑ سکتی ہے۔ طبیعت میں مایوسی کا عنصر غالب رہیگا۔

دلو

برج دلو 21 جنوری تا 19 فروری، سیارہ یورانس
حروف۔ س، ش، ص، ث۔ پتھر، عقیق، سیاہ نیلم۔ مبارک دن، ہفتہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پلاٹینیم
لکی عدد 4۔ اسم اعظم، یا باریُ 213 بار
سعد تاریخیں 30,25,17,13,2
نحس تاریخ 31,28,21,15,7,3
لکی نمبرز 41,53,46,92,07

(یکم تا 8) یہ ایام آپ کیلئے نحس ثابت ہوسکتا ہے اس دوران کوئی نیا معاہدہ نہ کریں اور نہ ہی کسی نئی شے کی خریداری کریں زیورات اور جائیداد سے متعلق معاملات فی الوقت التواء میں ڈال دیں ابھی اس قسم کے مسائل حل کرنے کا وقت نہیں ہے۔ اولاد کی جانب خصوصی توجہ دیں۔ ملازمین پر خاص نظر رکھیں ملازم سے دھوکہ کھانا سے بچیں۔

(9 تا 16) اس ہفتہ عطارد زحل قران قائم ہورہا ہے عطارد کا تعلق علم قلم اور عمل سے ہے۔ جبکہ زحل کو روحانیت کا سیارہ کہتے ہیں۔ کسی بزرگ سے دعا کروانے پر آپ کی مشکل حل ہوگی۔ دور دراز کا سفر پیش آسکتا ہے۔ مصیبت اور پریشانی کے خاتمہ کیلئے گھر میں پرندے رکھیں۔ اپنے ہاتھ سے باجرہ دیں۔ موجودہ وقت میں مصیبت صدقہ کی برکت سے ٹل سکتی ہے۔ قریبی بزرگ سے رابطہ کریں اور خاص طور سے دعا کریں ان کی خدمت کا موقع ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ یہ قران اپنے اثرات 12 تا 14 جنوری ظاہر کریگا۔ الیکٹرانک اشیاء کی خریداری کیلئے یہ ہفتہ بہتر نہ ہے۔ ڈرائیونگ کرتے وقت محتاط رہیں حادثہ کا خطرہ ہے۔

(17 تا 25) کام کی زیادتی کے باعث اور گھریلو پریشانی کی وجہ سے ذہنی دباؤ کا شکار رہیں گے آپ کا ذاتی سیارہ ان دنوں آپ کے برج میں ہے۔ اس دوران آپ اپنے مقاصد میں کامیاب ہوسکیں گے۔ بہتر صورتحال پیدا ہورہی ہے۔ ریس، لاٹری وغیرہ میں حصہ لینے سے گریز کریں۔ اپنا رویہ درست رکھیں ورنہ نقصان ہوسکتا ہے۔

(26 تا 31) اس ہفتہ آپ کو سخت احتیاط کرنا ہوگی۔ جسمانی صحت کا خیال رکھیں مخالفین سے محتاط رہیں۔ مالی نقصان متوقع ہے۔ عزیز و اقارب سے معاملات کو الجھانے کی کوشش نہ کریں تحریری معاہدہ اور گھریلو مسائل میں احتیاط برتیں۔ آپ کی لاپرواہی سے ایک بنا ہوا کام اُلجھ جائے گا۔ اپنے زیادہ بولنے کی عادت پر کنٹرول کریں۔

حوت

برج حوت 20 فروری تا 20 مارچ، سیارہ نیپچون
حروف۔ د، چ۔ پتھر، زرد عقیق۔ مبارک دن، جمعرات
مبارک رنگ، نیلا یا سبز۔ موافق دھات، ایلومینیم
لکی عدد 3۔ اسم اعظم، یا غفارُ 313 بار
سعد تاریخیں 31,22,18,13,8,3
نحس تاریخ 26,20,06

(یکم تا 8) اس ہفتہ شمس تسدیس مشتری کی سعد نظر قائم ہورہی ہے۔ اس نظر کے تحت کاروبار میں ترقی آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ اپنے کاروبار کا ترقی دینے کیلئے آپ جو بھی طریقہ اپنائیں گے کامیابی ہوگی۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ اپنے برج کے مطابق صدقہ دیں اور اسم الٰہی کا ورد جاری رکھیں یقیناً اس مشکل وقت سے باہر نکل آئیں گے۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کا ذہن اسے تسلیم کرتا ہے یا نہیں۔ آپ سے باہر نہ ہوں خطرات اب بھی سر پر ہیں۔

(9 تا 16) اس ہفتے آپ کو جو بھی پروگرام ہے اسے جلدی سے انجام تک پہنچایئے ورنہ کوئی دوسرا اس موقع سے فائدہ اٹھا کر آپ کو پیچھے چھوڑ دے گا آپ چاہیں تو اپنے پروگرام میں تبدیلی بھی پیدا کرسکتے ہیں۔ اپنے اردگرد کے لوگوں سے ہم آہنگ رہ کر کام جاری رکھیں۔ حوصلہ بلند رکھیں۔ بہت سے لوگ ان دنوں آپ پر انگلیاں اُٹھا رہے ہیں پرواہ نہ کریں۔ آپ سے باہر نہ ہوں خطرات اب بھی سر پر ہیں۔

(17 تا 25) دوستوں کے تعاون کا خوش دلی سے اعتراف کریں انہیں مشورہ دینے کی بجائے ان سے مشورہ لیں۔ اس ہفتے میں کسی کو اپنا دشمن نہ بنائیں ایک ایسا سفر، جو خواہ تفریح یا کاروبار کے لئے کیا گیا ہو آپ کو ایک مشکل فیصلے سے دوچار کرسکتا ہے۔ وراثتی جائیداد کا حصول ممکن ہے۔ کچھ لوگ آپ پر بہتان بازی کررہے ہیں۔

(26 تا 31) نئے دوست کامیابی میں بہت معاونت کریں گے زندگی سے لطف ضرور اٹھایئے مگر اپنے فرائض کو پس پردہ مت ڈالیے۔ اپنے موجودہ منصوبوں کے بارے میں زیادہ باتیں نہ کریں اس سے پہلے کہ کوئی دوسرا آپ سے سبقت لے جائیں۔ آپ اپنے منصوبوں کو مکمل کرلیں۔ شریک حیات سے تعلقات استوار رکھیں لاپرواہی نقصان دے ثابت ہوسکتی ہے۔ آپ پر جادو کے امکانات قوی ہیں۔

ملک ٹریڈرز اینڈ جنرل اسپلائر، جنوبی گیٹ لاری اڈا میانوالی ادارہ روحانیات

حکومتی پرائز بانڈ، قرعہ اندازی کامیاب نتائج

قارئین تحفہ روحانیات! ماہ رواں میں دو قرعہ اندازیاں ہونگی جو کہ بالترتیب 02 جنوری 2018ء مالیتی بانڈ 15,000 روپے مظفر آباد میں ہوگی اسی طرح دوسری قرعہ اندازی 15 جنوری 2018ء مالیتی بانڈ 750 لاہور میں انشاءاللہ ہونگی۔ اس سے قبل گذشتہ ماہ 04 دسمبر 2017ء مالیتی بانڈ 40,000 روپے فیصل آباد میں پہلی قرعہ اندازی ہوئی۔ جس میں پہلا انعامی بروکن 247043 اور دوئم درجہ کے بالترتیب انعامی بروکن 013100، 972563423671 اور دوسری قرعہ اندازی 15 دسمبر 2017ء مالیتی بانڈ 200 روپے لاہور میں ہوئی جس میں پہلا انعامی بروکن 210469 اور دوئم درجہ کے بالترتیب انعامی بروکن 194931، 945432813704736625253137 ظاہر ہوئے۔

حکومتی پرائز بانڈ عوام کی فلاح و بہبود کیلئے حکومت پاکستان کی جانب سے جاری کئے گئے ہیں۔ ان پرائز بانڈ نمبرات اول، دوئم، سوئم آنے پر انعامی رقم دی جاتی ہے۔ آپ اس سیریل سے شروع ہونے والے حکومتی پرائز بانڈ خریدیں اس بارے میں راہنمائی کے طور پر رسالہ تحفہ روحانیات میں چند مخصوص صفحات ہمیشہ کی طرح شائع کئے جاتے ہیں۔ بیشتر شائقین لکی نمبر کے **مبارکباد کے خطوط اور پیغامات بذریعہ ایس ایم ایس فون کالز** کے ذریعے ڈرا کے رزلٹ کے روز سے ہی ملنا شروع ہو جاتے ہیں۔ جس کیلئے ادارہ اپنے تمام قارئین کرام کا شکریہ ادا کرتا ہے۔

محترم شائقین لکی نمبر رسالہ ہذا میں تمام کلیہ جات اور نمبراتی ڈبیاں بہت تحقیق کے بعد شائع کی جاتی ہیں۔ جن کو ماہر لکی نمبر عرصہ دراز سے تحقیق کے بعد حتمی اور کامیاب نتائج پر کھنے کے بعد اپنی تحقیق ادارہ کو ارسال کرتے ہیں یہ تمام تحقیق مخلصانہ اور ہمدردانہ طور پر ارسال کی جاتی ہے۔ میری دعا ہے کہ تمام عالم اسلام کے بعد مسلمانوں کو پروردگار اپنے حبیب پاک اور ان کی آل کے صدقے میں اپنے حفظ امان میں رکھے۔ دامن مراد خوشیوں سے بھر دے۔ (آمین ثمہ آمین)۔

اسی رسالہ کے صفحہ نمبر 42 پر شائع کردہ **آج کے لکی نمبر** کے عنوان سے 01 دسمبر کی ڈبی سے 4 کا فیگر کلوز میں ظاہر ہوا جبکہ 15 دسمبر کی ڈبی سے 2 کا فیگر صفحہ کے طور پر ظاہر ہوا۔

